بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حیّ یا قیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِتْرَتِهٖ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ وَزِنَةَ عَرْشِكَ وَمِدَادَ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ

مکتوباتِ منازلِ احسان

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت دارالاحسان

لِلتَّقْسِيْمِ وَالتَّوْزِيْعِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

لانتفاع و النفع

لِجَمِيْعِ اُمَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ

لمرضات اللہ تعالیٰ ورسولہ الکریم صلی اللہ علیہ والہ وسلم۔ امین

مؤلف: ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ○ دارالاحسان فیصل آباد پاکستان

۲۳

جلدِ بست وسوم

طبع ——— اوّل

مطبع ——— نثار آرٹ پریس پرائیویٹ لمیٹڈ، لاہور

طابع ——— المستفیض دارالاحسان، فیصل آباد

مقام اشاعت

المقام النجّاف الصحّاف المقبول المصطفین ۞ دارُالاِحسان

المستفیض دارُالاحسان چک ۲۴۲ ر ب (دسوہہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پنجاب پاکستان

فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ

کتاب النبی الامی صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی آلہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک وبعدد خلقک ورضی
نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ہو الحی القیوم واتوب الیہ یا حی یا قیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ الظُّلُمَاتِ وَالنُّوْرَ ثُمَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ یَعْدِلُوْنَ ○ هٰذَا کِتَابٌ مِّنْ مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ
عَلَیْهِ وَسَلَّمَ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ الْمَکِّیِّ الْمَدَنِیِّ التِّهَامِیِّ الْحِجَازِیِّ الْاَبْطَحِیِّ صَاحِبِ الْقَضِیْبِ وَالنَّاقَةِ وَالتَّاجِ وَالْکَرَامَةِ صَاحِبِ شَهَادَةِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اِلٰی مُتَصَرِّفِ الدَّارِ وَالدِّیَارِ وَالزُّوَّارِ وَالْعُمَّارِ اِلَّا طَارِقًا یَطْرُقُ بِخَیْرٍ○
اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ لَنَا وَلَکُمْ فِی الْحَقِّ سَعَةً فَاِنْ یَّکُنْ طَارِقًا مُوْلِیًا اَوْ مُؤْذِیًا اَنْ خَدَعَنَا حَقًّا اَوْ بَاطِلًا اَوْ مُؤْذِیًا اَوْ مُقْتَحِمًا
فَاتْرُکُوْا حَمَلَةَ الْقُرْاٰنِ وَانْطَلِقُوْا اِلٰی عَبَدَةِ الْاَوْثَانِ یُرْسَلُ عَلَیْکُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ
الرَّحِیْمِ ○ بِاسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَلَا غَالِبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا اَحَدٌ مِّثْلُ اللّٰهِ وَلَا شَیْءَ سِوَی اللّٰهِ وَبِسْمِ اللّٰهِ اَسْتَفْتِحُ وَعَلَی اللّٰهِ اَتَوَکَّلُ
حَامِلُ کِتَابِیْ هٰذَا فِیْ اَمَانِ اللّٰهِ وَفِیْ حِفْظِهٖ وَفِیْ کَنَفِهٖ وَفِیْ سِتْرِهٖ اَیْنَ مَا کَانَ وَحَیْثُ مَا تَوَجَّهَ لَا تَقْرَبُوْهُ وَلَا تُفْزِعُوْهُ وَلَا
تُضَارُّوْهُ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّنَائِمًا وَّلَا فِی الْاَکْلِ وَالشُّرْبِ وَلَا فِی اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَلَا فِیْ یَوْمٍ وَّلَا فِیْ نَهَارٍ وَّلَا فِیْ بَرٍّ وَّ
لَا فِیْ بَحْرٍ وَّکُلَّمَا سَمِعْتُمْ صَوْتَ حَامِلِ کِتَابِیْ بِاَلْفِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ فَاَدْبِرُوْا عَنْهُ بِلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ
اللّٰهِ ۔ بِاللّٰهِ الَّذِیْ هُوَ غَالِبٌ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ اَعْلٰی مِنْ کُلِّ شَیْءٍ وَّهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ وَبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلِ اللّٰهِ النَّبِیِّ
الْاُمِّیِّ الْمَبْعُوْثِ اِلَی الثَّقَلَیْنِ ○ اَللّٰهُمَّ احْفَظْ حَامِلَ کِتَابِیْ هٰذَا ۔ بَلْ مَنْ عَلَّقَ عَلَیْهِ هٰذِهِ الْاَسْمَاءَ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ
عَلٰی سُرَادِقَاتِ الْعَرْشِ اَنَّهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ الْغَالِبُ الَّذِیْ لَا یَغْلِبُهٗ شَیْءٌ وَّلَا یَنْجُوْ مِنْهُ هَارِبٌ ۔ فَاُعِیْذُهٗ
بِالْحَیِّ الَّذِیْ لَا یَمُوْتُ وَبِالْعَیْنِ الَّتِیْ لَا تَنَامُ وَالْعَرْشِ الَّذِیْ لَا یَتَحَرَّكُ وَالْکُرْسِیِّ الَّذِیْ لَا یَزُوْلُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ فِی
اللَّوْحِ الْمَحْفُوْظِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ هُوَ مَکْتُوْبٌ فِی الْقُرْاٰنِ الْعَظِیْمِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ حُمِلَ بِهٖ عَرْشُ بِلْقِیْسَ اِلٰی سُلَیْمَانَ ابْنِ دَاوٗدَ عَلَیْهِ
السَّلَامُ قَبْلَ اَنْ یَّرْتَدَّ اِلَیْهِ طَرْفُهٗ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَزَلَ بِهٖ جِبْرَائِیْلُ عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
هُوَ مَکْتُوْبٌ فِیْ قَلْبِ الشَّمْسِ وَاُعِیْذُهٗ بِالْاِسْمِ الَّذِیْ سَرَاهُ بِهِ السَّحَابَ الثِّقَالَ وَیُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِکَةُ مِنْ خِیْفَتِهٖ وَ
بِالْاِسْمِ الَّذِیْ تَجَلّٰی بِهِ الرَّبُّ عَزَّ وَجَلَّ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ فَخَرَّ مُوْسٰی صَعِقًا ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ کُتِبَ بِهٖ عَلٰی وَرَقِ الزَّیْتُوْنِ
وَاُلْقِیَ فِی النَّارِ فَلَمْ یَحْتَرِقْ ۔ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ مَشٰی بِهِ الْخِضْرُ عَلَیْهِ السَّلَامُ عَلَی الْمَاءِ فَلَمْ یَبْتَلَّ قَدَمَاهُ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نَطَقَ بِهٖ عِیْسٰی وَهُوَ ابْنُ مَرْیَمَ فِی الْمَهْدِ صَبِیًّا وَّاَبْرَءَ الْاَکْمَهَ وَالْاَبْرَصَ بِاِذْنِ اللّٰهِ وَاَحْیَی الْمَوْتٰی بِاِذْنِ اللّٰهِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ
نُجِّیَ بِهٖ یُوْسُفُ مِنَ الْجُبِّ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ اِبْرَاهِیْمُ عَلَیْهِ السَّلَامُ مِنْ نَّارِ نَمْرُوْدَ حِیْنَ اُلْقِیَ فِی النَّارِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ نَجَا بِهٖ
یُوْنُسُ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ وَبِالْاِسْمِ الَّذِیْ فَلَقَ بِهِ الْبَحْرَ لِمُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ وَجَعَلَ کُلَّ فِرْقٍ کَالطَّوْدِ الْعَظِیْمِ وَاُعِیْذُهٗ بِتِسْعِ
اٰیَاتِ الَّتِیْ نَزَلَتْ عَلٰی مُوْسَی ابْنِ عِمْرَانَ بِطُوْرِ سِیْنَآءَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ نَّاظِرَةٍ وَّکُلِّ اُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّالسُّنٍ نَّاطِقَةٍ وَّاَیْدٍ
بَاطِشَةٍ وَّقُلُوْبٍ وَّاعِیَةٍ فِیْ صُدُوْرٍ خَاوِیَةٍ وَّاَنْفُسٍ کَافِرَةٍ وَّمِنْ کُلِّ مَنْ یَّعْمَلُ عَمَلَ السُّوْءِ وَمِنْ سُوْءِ شَرِّ التَّوَابِعِ وَالسَّحَرَةِ وَ
مَنْ فِی الْجِبَالِ وَالْاَرْضِ وَالْخَرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَسَاکِنِ الْاٰجَامِ وَسَاکِنِ الْبِحَارِ وَسَاکِنِ ضِیْقِ الظُّلَمِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ
وَجُنُوْدِهِمْ وَمِنْ شَرِّ کُلِّ غُوْلٍ وَّغُوْلَةٍ وَّسَاحِرٍ وَّسَاحِرَةٍ وَّسَاکِنٍ وَّسَاکِنَةٍ وَّتَابِعٍ وَّتَابِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّهِمْ وَشَرِّ اٰبَآئِهِمْ
وَاُمَّهَاتِهِمْ وَاَبْنَآئِهِمْ وَبَنَاتِهِمْ وَاَخَوَاتِهِمْ وَعَمَّاتِهِمْ وَخَالَاتِهِمْ وَقَرَابَتِهِمْ وَمِنْ شَرِّ الْمَوَارِدِ وَالْمَحَرَةِ وَالطَّیَارَاتِ وَمِنْ شَرِّ
سَاکِنِ الْجِبَالِ وَالتُّرَابِ وَالْعُمْرَانِ وَالرِّیَاضِ وَالْخَرَابِ وَمِنْ شَرِّ مَنْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَالْجِبَالِ وَمَنْ یَّسْکُنُ فِی الظُّلُمَاتِ وَمِنْ
شَرِّ مَنْ یَّسْکُنُ فِی الْعُیُوْنِ وَمَنْ یَّمْشِیْ فِی الْاَسْوَاقِ وَیَکُوْنُ مَعَ الدَّوَابِّ وَالْمَوَاشِیْ وَالْوُحُوْشِ وَیَسْتَرِقُ السَّمْعَ وَمَنْ اِذَا قِیْلَ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَذُوْبُ کَمَا یَذُوْبُ الرَّصَاصُ وَالْحَدِیْدُ عَلَی النَّارِ وَمِنْ شَرِّ مَا یَکُوْنُ فِی الْاَرْحَامِ وَالْاٰجَامِ وَالْاٰطَامِ وَمِنْ شَرِّ مَا
یُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنَ الْخَطَرِ وَالنَّظَرِ وَالْکِبَرِ هَیًّا شَرَاهِیًّا مَهْلًا ۔ اَللّٰهُ هُوَ اَجَلُّ وَاَعَزُّ وَاَقْدَرُ مِنَ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ کُلِّ عَیْنٍ بَاغِیَةٍ وَّاُذُنٍ سَامِعَةٍ وَّمِنْ شَرِّ الدَّاخِلِ وَالْخَارِجِ وَمِنْ شَرِّ عَفَارِیْتِ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ وَمِنْ شَرِّ
کُلِّ ذِیْ شَرٍّ وَّمِنْ شَرِّ کُلِّ غَادٍ وَّرَائِحٍ وَّمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الرِّیَاحِ مِنْ عَجَمِیٍّ وَّفَصِیْحٍ وَّنَائِمٍ وَّیَقْظَانَ وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ مَنْ تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَتَضُمُّ اِلَیْهِ الْقُلُوْبُ وَمِنْ شَرِّ سَاکِنِ الْاَرْضِ وَسَاکِنِ الزَّوَایَا وَمِنْ شَرِّ مَنْ یَّصْنَعُ الْخَطِیْئَةَ وَیُوْلَعُ بِهَا وَمِنْ شَرِّ مَا تَنْظُرُ اِلَیْهِ الْاَبْصَارُ
وَاُعِیْذُهٗ مِنْ شَرِّ اِبْلِیْسَ وَجُنُوْدِهٖ وَمِنْ شَرِّ الشَّیَاطِیْنِ ○

یہ مقدس مکتوب پیرس (فرانس) کے شاہی عجائب گھر سے دستیاب ہوا

پاکستان میں اسکی پہلی بار اشاعت کا شرف دار الاحسان کو نصیب ہوا

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَيْلٌ لِّكُلِّ هُمَزَةٍ

بڑی خرابی ہے ہر ایسے شخص کے لیے جو پسِ پُشت عیب نکالنے

لُّمَزَةِ ۝ الَّذِي

والا ہو اور رُو در رُو طعنہ دینے والا ہو

جَمَعَ مَالًا وَّعَدَّدَهُ

جو مال جمع کرتا ہو اور اسے بار بار گنتا ہو

يَحْسَبُ اَنَّ مَالَهُ اَخْلَدَهُ ۝

وہ خیال کرتا ہے کہ اُس کا مال ہمیشہ اُس کے پاس رہیگا

كَلَّا لَيُنۢبَذَنَّ

ہرگز نہیں وہ شخص ایسی آگ میں ڈالا جائے گا

فِي الْحُطَمَةِ ۝

جس میں جو کچھ پڑے گا وہ اُسے توڑ پھوڑ کر رکھ دے گی

وَمَآ أَدْرٰىكَ مَا الْحُطَمَةُ ۝

اور آپ کو کچھ معلوم ہے کہ وہ توڑ پھوڑ کرنیوالی آگ کیسی ہے،

نَارُ اللّٰهِ الْمُوقَدَةُ ۝

وہ اللہ کی سُلگائی ہوئی آگ ہے،

الَّتِي تَطَّلِعُ عَلَى الْأَفْـِٔدَةِ ۝

جو (بدن کو سلگتے ہی) دِلوں تک جا پہنچے گی!

اِنَّهَا عَلَيْهِمْ مُّؤْصَدَةٌ ۝

وہ اُن پر (اِس طرح) بند کردی جائے گی (کہ وہ)

فِيْ عَمَدٍ مُّمَدَّدَةٍ ۝

آگ کے لمبے لمبے ستونوں میں (گھرے ہونگے)

(سورۃ الھمزہ آیت ۸ تا ۹)

۱۱۲۳۸

باتوں سے تو ہم مطمئن نہیں ہو سکتے،
کوئی نمونہ دِکھا جو
پسِ پُشت عیب نکالنے والا نہ ہو
اور رُو در رُو طعنہ دینے والا نہ ہو
اور مال جمع نہ کرتا ہو
اور اُسے بار بار گِنتا نہ ہو
اور یہ خیال نہ کرتا ہو کہ یہ مال سدا اُس
کے پاس رہے گا!

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ

الحمد للحیّ القیّوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْم

وَاَوْفُوا بِالْعَهْدِ ج

اور عہد (مشروع) کو پورا کرو

اِنَّ الْعَهْدَ

بے شک ایسے عہد کے بارے میں

كَانَ مَسْئُولًا ۝

باز پُرس ہونے والی ہے۔

بنی اسرائیل آیت ۳۴

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

اے ایمان والو!

لِمَ تَقُوْلُوْنَ

ایسی بات کیوں کہتے ہو

مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝

جو کرتے نہیں؟

(الصف آیت ۲)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

کَبُرَ	بہت ناراضی کی ہے
مَقۡتًا	یہ بات،
عِنۡدَ اللّٰہِ	اللہ کے نزدیک کہ
اَنۡ تَقُوۡلُوۡا	تم ایسی بات کہو
مَا لَا	جو کرو
تَفۡعَلُوۡنَ ۝	نہیں!

(الصف آیت : ۳)

اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ
الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ
عَلَّمَ الْاِنْسَانَ
مَا لَمْ یَعْلَمْ

(سورۃ العلق آیت ۳ تا ۵)

آپؐ پڑھیئے اور آپؐ کا ربّ بڑا کریم ہے

جس نے قلم سے تعلیم دی!

اِنسان کو وُہ کچھ سکھایا

جو وُہ نہ جانتا تھا!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰہُ خَالِقُ کُلِّ شَیۡءٍ

اللہ ہی پیدا کرنے والا ہے ہر چیز کا

وَّ ہُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ وَّکِیۡلٌ

اور وہی ہر چیز کا نگہبان ہے (اور)

لَہٗ مَقَالِیۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ

اُسی کے اختیار میں ہیں کنجیاں آسمانوں کی اور زمین کی

(سورۃ الزمر ۳۹ آیت ۶۲، ۶۳)

هٰذِهٖ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

یہ کلماتِ طیّبات زمین و آسمان کے خزانوں کی کنجیاں ہیں

لَآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ	نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے
وَاللّٰهُ اَكْبَرُ	اور اللہ بہت بڑا ہے
وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ	اور پاک ہے اللہ اور تعریف ہے اُس کے لیے
وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ	اور میں بخشش مانگتا ہوں اللہ سے
وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ	اور نہیں طاقت نیکی کی اور نہیں قوت
اِلَّا بِاللّٰهِ ط	بُرائی سے بچنے کی مگر اللہ کی توفیق سے
اَلْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ	وُہی اوّل ہے وُہی آخر
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ	اور وُہی ظاہر ہے وُہی باطن
بِيَدِهِ الْخَيْرُ ط	اُسی کے ہاتھ میں بھلائی ہے
يُحْيٖ وَيُمِيْتُ	وُہی زندہ کرتا ہے وُہی مارتا ہے
وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝	اور وہ ہر چیز پہ قادر ہے۔

حضرت عثمان بن عفّان رضی اللہ عنہٗ فرماتے ہیں کہ مَیں نے جنابِ رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمتِ اقدس میں لَہٗ مَقَالِیْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ کی تفسیر کے بارے میں پُوچھا تو آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جواب میں فرمایا کہ تجھ سے پہلے اِسکی تفسیر مجھ سے کسی نے نہیں پُوچھی۔ وہ کلمات یہ ہیں: لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ..... الخ (اور آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا) جو شخص صُبح کے وقت اِن کلمات کو دس مرتبہ کہے اُسے چھ خصلتیں عطا کی جاتی ہیں۔

پہلی خصلت: وہ اِبلیس اور اُس کے لشکر سے محفوظ رہے گا۔

دوسری خصلت: اُسے ایک قِنطار ثواب دیا جاتا ہے۔

تیسری خصلت: اُس کا درجہ بلند کیا جاتا ہے۔

چوتھی خصلت: اُس کا نکاح حُورِ عین سے کیا جائے گا۔

پانچویں خصلت : اُس کے پاس (موت کے وقت)
بارہ ہزارہ فرشتے حاضر ہوں گے۔
چھٹی خصلت : اُسے اُس شخص کی مانند ثواب مِلے گا
جس نے تورات، اِنجیل، زبُور اور قرآن کریم
کو پڑھا ہو اور اُس کے لیے اس کے ساتھ (مزید)
اے عثمانؓ! اُس شخص کی مانند ثواب ہے جس نے
حج اور عُمرہ کیا ہو اور اُس کا حج اور عُمرہ قبول ہو گیا ہو۔
پس وہ اگر اُسی روز مر جائے تو شہادت کی مُہر اُس پر
لگا دی جائے گی۔

(عمل الیوم واللیلۃ)

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۲: ص ۲۲/۲۳)

قُلْنَا	ہم نے کہا
لَا تَخَفْ	تم ڈرو نہیں
اِنَّكَ	بے شک
اَنْتَ	تُم ہی
الْاَعْلٰى ۝	غالب رہو گے

(طٰہٰ — ۶۸)

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۙ

اور تم پر مُقرّر ہیں نگہبان

كِرَامًا كَاتِبِيْنَ ۙ

مُعزّز لکھنے والے

يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۝

جو جانتے ہیں تمہارے سب اعمال کو

(سورۃ الانفطار ۸۲ آیت ۱۰ تا ۱۲)

۱۱۲۳۹

لَا شَرِيكَ لَهٗ

حق حق حق

ہو ہو ہو

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُو الفَضلِ العَظِیم

اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ

(اہلِ عقل وہ ہیں) جو اللہ کو یاد کرتے ہیں

قِیٰمًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی

کھڑے بھی بیٹھے بھی اور لیٹے بھی

جُنُوْبِھِمْ وَیَتَفَکَّرُوْنَ

اور غور و فکر کرتے ہیں

فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ج

آسمانوں اور زمین کی تخلیق میں !

(آلعمران : ۱۹۱)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قُلْ (آپ فرما دیجئے کہ اللہ فرماتا ہے)

یٰعِبَادِیَ الَّذِیْنَ اے میرے بندو، جنہوں نے

اَسْرَفُوْا عَلٰٓی اَنْفُسِہِمْ اپنے اوپر زیادتیاں کی ہیں

لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَۃِ اللّٰہِ

تم اللہ کی رحمت سے نا اُمید مت ہو

اِنَّ اللّٰہَ بالیقین اللہ تعالےٰ

یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِیْعًا تمام گناہ معاف فرما دے گا

اِنَّہٗ ھُوَ بے شک وہ

الْغَفُوْرُ الرَّحِیْمُ بڑا بخشنے والا بڑی رحمت والا ہے

(الزمر : ۵۳)

ف :

"میری رحمت سے نا اُمید مت ہو"

جب یہ گنہ گاروں نے سُنا
پھُولے نہ سمائے
گویا غریبوں کا بھی حج ہو گیا

حجِ اکبر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَلِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَ

اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور

مَا فِي الْاَرْضِ ط يَغْفِرُ

جو کچھ کہ زمین میں ہے وہ جسے

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط

چاہیں بخش دیں اور جسے چاہیں عذاب دیں

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

اور اللہ تعالیٰ بڑی مغفرت بڑی رحمت والے ہیں۔

(آلعمران — ۱۲۹)

۱۱۲۴۱

وَاَلْقَيْتُ عَلَيْكَ

اور میں نے (اے موسیٰ ؑ) ڈال دیا تمہارے اوپر

مَحَبَّةً مِّنِّيْ ۚ (طٰہٰ : ۳۹)

اپنی طرف سے ایک اثرِ محبّت (تاکہ جو تمہیں دیکھے، پیار کرے)

ف: اِسے مُحبّت کہتے ہیں!

حق حق حق ھو ھو ھو

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ	اے اللہ! کھول دے
مَسَامِعَ قَلْبِیْ	میرے دل کے کان
لِذِکْرِکَ	اپنے ذِکر کے لیے
وَارْزُقْنِیْ طَاعَتَکَ	اور نصیب کر مجھے فرمانبرداری اپنی
وَطَاعَةِ رَسُوْلِکَ	اور فرمانبرداری اپنے رسولؐ کی
وَعَمَلًا بِّکِتَابِکَ	اور عمل اپنی کتاب پر

اِسے طبرانی نے اوسط میں حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ سے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال)

(کتاب العمل بالسنة، جلد: ۴، ص ۳۷)

۱۱۲۴۲

مرکر جینے والے نے
صرف یہ خبر سنائی:
زندگی کا جو وقت غفلت میں گزرا،
ناپسند گزرا ، یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۴۳

حال ہی نے حال کو متعارف کرایا،
کون ، کیا ہے۔
یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

اَللّٰهُ لَطِيفٌ بِعِبَادِهٖ

اللہ تعالیٰ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَ

جسے (جتنا) چاہتا ہے رزق دیتا ہے اور

هُوَ الْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝ (الشوریٰ: ۱۹)

وہی قوت والا زبردست ہے۔

اِنَّ اللّٰهَ قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

بے شک اللہ تعالیٰ قوی (اور) زبردست ہے۔

(الحدید — ۲۵)

وَنَحْنُ
اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ
حَبْلِ الْوَرِيْدِ ۝ سورۃ ق آیت ۱۶

اور ہم
اِنسان کی رگِ گردن سے بھی
اُس کے زیادہ قریب ہیں!

هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وہی اوّل ہے، وہی آخر،

وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ ۚ وہی ظاہر ہے، وہی مخفی،

وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝ اور وہ ہر چیز کا خوب جاننے والا ہے،

(الحدید : ۳)

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ ط الحدید ۴

اور وہ تمہارے ساتھ ہوتا ہے
خواہ تم کہیں بھی ہو

وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ۙ النجم ۴۳

اور یہ کہ وہی ہنساتا ہے
اور وہی رُلاتا ہے

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ — کوئی مصیبت نہیں آتی

اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ ط — بغیر اللہ کے حکم کے

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ — اور جو شخص اللہ پر ایمان رکھتا ہے

يَهْدِ قَلْبَهٗ ط — وہ اُسکے دل کو (صبر و رضا کی)

راہ دکھا دیتا ہے

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ۝

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز کو خوب جانتا ہے

(التغابن ـــــ ۱۱)

اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ شَيْـًٔا
اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ۝

(یٰسٓ : ۸۲)

اُس کی شان یہ ہے

کہ جب وہ کسی چیز کا ارادہ کرتا ہے

تو اُس سے کہہ دیتا ہے کہ ہو جا

پس وہ ہو جاتی ہے

وَيَسْـَٔلُوْنَكَ	اور لوگ آپؐ سے (امتحاناً) پوچھتے
عَنِ الرُّوْحِ ط	ہیں رُوح کے بارے میں۔
قُلِ الرُّوْحُ	آپؐ فرما دیجئے کہ رُوح
مِنْ اَمْرِ رَبِّيْ	میرے ربّ کے حُکم سے ہے
وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ	اور تمہیں علم نہیں دیا گیا
اِلَّا قَلِيْلًا ۝	مگر بہت ہی تھوڑا

(بنی اسرائیل - ۸۵)

تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ

اُس کی تسبیح بیان کرتے ہیں ساتوں آسمان

وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ط وَاِنْ

اور زمین اور وہ سب جو اِن میں ہیں اور کوئی

مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

چیز ایسی نہیں جو تعریف کیساتھ اُسکی تسبیح (قالاً یا حالاً) نہ

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ط

کرتی ہو لیکن تم لوگ ان کی تسبیح کو سمجھتے نہیں

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ۝ (بنی اسرائیل: ۴۴)

بلاشُبہ وہ بہت تحمّل والا، بڑا بخشنے والا ہے۔

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ

اِلَّا مَا سَعٰى ۝ (النجم: ۳۹)

انسان کو اُس کی اپنی

ہی کمائی ملے گی!

فَمَنْ اٰمَنَ وَاَصْلَحَ

پھر جو شخص ایمان لے آئے اور درستی کرلے

فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ

سو اُن لوگوں کو کوئی خوف نہ ہوگا

وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝

اور نہ ہی وہ غمگین ہوں گے۔

(الانعام — ۴۸)

۱۱۲۴

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اے ایمان والو!

تُوْبُوْٓا اِلَى اللّٰهِ اللہ کی بارگاہ میں توبہ کرو

تَوْبَةً نَّصُوْحًا ؕ سچّی توبہ!

(التحریم: ۸)

ف:

دِل و زبان سے وارِد وجود ہو

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم فالله خير الرازقين

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اے ایمان والو!

اَطِیْعُوا اللّٰهَ اللہ کی اطاعت کرو

وَاَطِیْعُوا الرَّسُوْلَ اور رسولؐ کی اطاعت کرو

وَلَا تُبْطِلُوْٓا اَعْمَالَكُمْ ۝

اور (اُن کی مخالفت کرکے)

اپنے اعمال کو برباد مت کرو

(سورۃ محمد آیت ۳۳)

اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ

بیشک اللہ تعالیٰ اِس بات کو نہ بخشیں گے کہ ان کے ساتھ کسی کو

بِهٖ وَيَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِكَ

شریک ٹھہرایا جائے اور اسکے سوا جتنے دوسرے گناہ ہیں جس کیلئے چاہیں

لِمَنْ يَّشَآءُ ۚ وَمَنْ يُّشْرِكْ

گے، بخشدیں گے اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی کو شریک

بِاللّٰهِ فَقَدِ افْتَرٰٓى اِثْمًا عَظِيْمًا ۝

ٹھہراتا ہے یقیناً وہ بڑے جرم کا مرتکب ہوا

(النسآء۔ ۴۸)

یٰحَسۡرَةً عَلَى الۡعِبَادِ ۚ افسوس ان (منکر) بندوں کے حال پر

مَا يَاۡتِيۡهِمۡ مِّنۡ رَّسُوۡلٍ کبھی اُنکے پاس کوئی رسول نہیں آیا

اِلَّا كَانُوۡا بِهٖ جس کی اُنہوں نے ہنسی نہ

يَسۡتَهۡزِءُوۡنَ ۝ اُڑائی ہو!

(یٰسٓ : ۳۰)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

كَمَثَلِ الشَّيْطٰنِ اِذْ قَالَ لِلْاِنْسَانِ

شیطان کی سی مثال ہے کہ (اوّل تو) انسان سے کہتا ہے

اكْفُرْ ۚ فَلَمَّا كَفَرَ قَالَ

کہ تُو کافر ہو جا۔ پھر جب وہ کافر ہو جاتا ہے تو (اسوقت

اِنِّيْ بَرِيْٓءٌ مِّنْكَ اِنِّيْٓ

صاف) کہدیتا ہے کہ میرا تجھ سے کوئی واسطہ نہیں، میں تو

اَخَافُ اللّٰهَ رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ۝

اللہ ربّ العالمین سے ڈرتا ہوں۔

(الحشر — ۱۶)

فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

سو دیکھ لیجئے کیسا (بُرا) انجام ہُوا اُن لوگوں کا

الْمُنْذَرِيْنَ ۝ اِلَّا عِبَادَ

جنہیں ڈرایا گیا تھا سوائے اللہ کے اُن

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ۝

بندوں کے، جو مخلص تھے۔

(الصّٰفّٰت - ۷۳، ۷۴)

اِنَّ الَّذِیْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰہُ

بے شک جن لوگوں نے (دل سے) اقرار کر لیا کہ ہمارا ربّ اللہ ہے

ثُمَّ اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَیْھِمُ

پھر وہ (اِس پر) ثابت قدم رہے، اُن پر فرشتے اُتریں گے

الْمَلٰٓئِکَۃُ اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا

(اِس بشارت کے ساتھ) کہ تم اندیشہ نہ کرو اور رنج نہ کرو

وَاَبْشِرُوْا بِالْجَنَّۃِ الَّتِیْ کُنْتُمْ

اور تم خوشخبری سُنو اُس جنّت کی جس کا تم سے (پیغمبروں کی معرفت)

تُوْعَدُوْنَ ۝ نَحْنُ اَوْلِیٰٓؤُکُمْ

وعدہ کیا گیا تھا۔ ہم تمہارے رفیق ہیں

فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا وَفِی الْاٰخِرَۃِ ۚ

دُنیوی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی

وَلَکُمْ فِیْھَا مَا تَشْتَھِیْٓ

اور تمہارے لیے اِس میں موجود ہے جس چیز کو بھی

اَنْفُسُکُمْ وَلَکُمْ فِیْھَا

تمہارا جی چاہے گا اور تمہارے لیے اِس میں وہ بھی موجود ہے

مَا تَدَّعُوْنَ ۝ نُزُلًا مِّنْ

جو تم مانگو گے یہ بطور مہمانی کے ہوگا

غَفُوْرٍ رَّحِیْمٍ ۝

بخشنے والے، مہربان (پروردگار) کی جانب سے

(حٰمٓ السجدۃ آیت ۳۰ تا ۳۲)

❋

اِنَّ الَّذِیۡنَ قَالُوۡا بیشک جن لوگوں نے کہا

رَبُّنَا اللّٰہُ ہمارا پروردگار اللہ ہے

ثُمَّ اسۡتَقَامُوۡا پھر اِس پر مُستقیم رہے

فَلَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ اُن لوگوں پر کوئی خوف نہیں

وَلَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ۝ اور نہ ہی وُہ غمگین ہونگے

(الاحقاف : ۱۳)

۱۱۲۴۵

اِنَّ الْمُصَّدِّقِيْنَ وَالْمُصَّدِّقٰتِ

بلاشبہ صدقہ دینے والے مرد اور صدقہ دینے والی عورتیں

وَاَقْرَضُوا اللّٰهَ قَرْضًا حَسَنًا يُّضٰعَفُ

اور یہ (صدقہ دینے والے) اللہ کو خلوص کے ساتھ قرض دے رہے ہیں

لَهُمْ وَلَهُمْ اَجْرٌ كَرِيْمٌ ۝ (الحدید: ۱۸)

وہ اُنکے لیے بڑھا دیا جائیگا اور اُنکے لیے اَجرِ پسندیدہ ہے۔

ف : صدقات و قرضِ حسنٰی

دینے والے اور دلانے والے یکساں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم قاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

لِلْفُقَرَآءِ الْمُهَاجِرِيْنَ	اُن حاجت مند مہاجرین کا (بالخصوص) حق ہے
الَّذِيْنَ اُخْرِجُوْا	جو (جبراً و ظلماً) جدا کر دیے گئے
مِنْ دِيَارِهِمْ وَاَمْوَالِهِمْ	اپنے گھروں سے اور اپنے مالوں سے۔
يَبْتَغُوْنَ	وہ طالب ہیں
فَضْلًا مِّنَ اللّٰهِ	اللہ کے فضل (یعنی جنّت) کے
وَرِضْوَانًا وَّ	اور رضامندی کے۔ اور وُہ
يَنْصُرُوْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ	مدد کرتے ہیں اللہ اور اسکے رسولؐ کی۔
اُولٰٓئِكَ هُمُ الصّٰدِقُوْنَ ۝	یہی لوگ (ایمان کے) سچّے ہیں

(الحشر — ۸)

۱۱۲۴۶

وَمَنْ كَانَ فِي هٰذِهٖٓ اَعْمٰى

اور جو شخص دُنیا میں اندھا رہے گا

فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى

سو وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا

وَاَضَلُّ سَبِيْلًا ۝ (بنی اسرائیل: ۷۲)

اور زیادہ راہ گُم کردہ ہو گا۔

ف :- اللہ کے دیدار سے محروم
اللہ کے مُحبّان کی زیارت سے محروم
اللہ کی جنّت کے نظّاروں سے محروم

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِيْ

اور جو شخص میرے ذِکر سے مُنہ موڑے گا

فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّ

تو اُس کے لیے تنگی کا جینا ہوگا اور

نَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ۝

قیامت کے روز ہم اُسے (قبر سے) اندھا کر کے اٹھائیں گے

قَالَ رَبِّ لِمَ

وہ تعجّب سے کہے گا اے میرے ربّ آپ نے مجھے

حَشَرْتَنِیْٓ اَعْمٰی وَ

اندھا کر کے کیوں اُٹھایا حالانکہ

قَدْ کُنْتُ بَصِیْرًا ۝

میں تو دُنیا میں دیکھنے والا تھا!

قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ

ارشاد ہوگا ایسا ہی تیرے پاس ہمارے احکام

اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا ۚ وَ

پہنچے تھے پھر تُو نے ان کا کچھ خیال نہ کیا اور

كَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ۝

ایسا ہی آج تیرا کچھ خیال نہ کیا جائے گا۔

(طٰہٰ —— ۱۲۴ تا ۱۲۶)

جب بچھو یا سانپ وغیرہ کاٹے

تو یہ کلمات پڑھ کر دَم کرو

بِسْمِ اللّٰہِ شَجَّۃٌ قَرْنِیَّۃٌ
مِلْحَۃُ بَحْرٍ قَفْطَاہ

و۔ حضرت عبداللہ بن زید رضؓ کہتے ہیں کہ ہم نے حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم کے سامنے بچھو وغیرہ کے زہر کا ایک ایسا منتر پیش کیا جس کے معنی معلوم نہ تھے تو آپ صلے اللہ علیہ وسلّم نے ہمیں اُس کے کرنے کی اِجازت دے دی اور فرمایا یہ جنّات کے عہد و پیمان میں سے ہے۔

(الحِصن الحصین ص۳۷۲)

و۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کے پاس سانپ کے منتر کا ذکر کیا گیا۔

آپ نے فرمایا اسے پیش کرو۔

پس میں نے آپ صلے اللہ علیہ وسلم پر پیش کیا بسم اللہ الخ

تو آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا!

یہ وہی مواثیق ہیں جنہیں سلیمان علیہ السلام بن داؤد علیہ السلام نے لیا تھا اور میں اس میں کوئی حرج نہیں خیال کرتا پس ایک آدمی ڈسا گیا جو علقمہ کے ساتھ تھا پس آپ نے اُس پر دَم کیا تو اُس کا درد ٹھیک ہو گیا۔

(عمل الیوم واللیلۃ / کتاب العمل بالسنۃ

جلد ۳ صفحہ ۲۲۷ / نیز صفحہ ۲۳۸-۹)

★ سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعٰلَمِیْنَ ۝

★ سَلَامٌ عَلٰی اِلْیَاسِیْنَ ۝

(اضافہ۔ مجھے کسی نے بتایا تھا، میں پڑھتا ہوں)

علامہ قہستانیؒ بیان کرتے ہیں کہ ہم نے اپنے مشائخ سے سُنا ہے کہ اِس منتر بسم اللہ شجۃ ..... الخ کے ساتھ سلامٌ علٰی نوحٍ فی العٰلمین بھی مِلا لیا کرے کیونکہ طوفانِ نوحؑ کے وقت سانپ بچھّو وغیرہ نے حضرت نوحؑ سے عرض کیا تھا کہ آپ ہمیں کشتی میں سوار کرلیں، ہم آپ سے عہد کرتے ہیں کہ جو آپ کا نام لے گا اور سلام علٰی نوح فی العٰلمین پڑھے گا ہم اُسے نقصان نہ پہنچائیں گے

(الحصن الحصین ص۳۷۳ / کتاب العمل بالسنۃ ج۳ ص۲۲۸)

اَللّٰھُمَّ اے اللہ !

اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ میں تجھ سے مانگتا ہوں

النَّعِیۡمَ الۡمُقِیۡمَ ایسی نعمت جو قائم رہنے والی ہو

الَّذِیۡ لَا یَحُوۡلُ جو نہ تبدیل ہو

وَلَا یَزُوۡلُ ط اور نہ زوال پذیر ہو

(کتاب العمل بالسنۃ۔ ج ۴ ص ۱۳۵)

۱۱۲۴۷

کتابُ اللہ ——— قرآنِ کریم

حقیقت کی ترجمان

کوئی مُنکر نہیں !

کوئی ایمان لائے نہ لائے ،

اٰمَنَّا وَصَدَّقْنَا کہنے پہ مجبور۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۴۸

مَردانگی کی انتہا: مولائے کریم

کرم اور کرم نوازی کے بیان کے لیے الفاظ نہیں ملتے!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العظِیم

۱۱۲۴۹

خاکروبی بھی اہم ترین منصب۔

شاہی محلّات میں

خاکروب کے سوا

کوئی اور

داخل ہو سکتا ہی نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۵

ذکرِ دوام کے بعد

ستانے کے لیئے،

اگرچہ دَم بھر کے لیے ہو،

شیطان و خنّاس

کے لیے بھی باری آتی ہے،

اگرچہ چند ساعت ہو۔

یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ

وَلَآ اِلٰہَ غَیْرُکَ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۲۵۱

منزل کوئی معمولی چیز ہوتی ہے!
راستے کھول دیتی ہے۔
پتھروں کو چیر کر اپنی راہ بنالیتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّ اللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۵۲

صرف اتنا ہی جانتے ہیں کہ حضرت آدم صفی اللہ
علیہ السلام میں اللہ نے اپنی رُوح پھونکی،
سُننے لگے
دیکھنے لگے
بولنے لگے
اور جاننے!

ہر بندہ میں
ایک روح ہوتی ہے
کوئی لطیف و مطہر
کوئی کثیف و غلیظ

واللہ اعلم بالصواب

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اَشْرِبِ الْاِیْمَانَ	پلا دے ایمان
قَلْبِیْ	میرے دل کو اسی طرح
کَمَا اَشْرَبْتَہٗ	جیسے تُو نے پلائی ہے اسے
رُوْحِیْ	(یعنی میرے جسم کو) میری روح
وَلَا تُعَذِّبْ شَیْئًا	اور نہ عذاب کر تُو کسی قسم کا
مِنْ خَلْقِیْ	میرے بدن میں
بِشَیْءٍ کَتَبْتَ عَلَیَّ	جو تُو نے میرے لیے لکھ دیا
فَاِنَّکَ	اس لیے کہ تُو
قَادِرٌ عَلَیَّ ۝	قادر ہے مجھ پر

(یعنی اس تکلیف کے ہٹا دینے پر)

(اسے دیلمیؒ نے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت کیا ہے)

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۰۲)

۱۱۲۵۳

رُوح ہی نے تعارف کرایا :

میں تیری رُوح ہُوں

شب و روز مصروف رہتی ہوں

مَیں ہی نے

سمندر سے

لَعل و جواہر

سطح پہ نکالے

بات مُکا کر ہی

دَم لیتی ہُوں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم

فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۵۴

ساکن و شفّاف بحر سے
موتی نکالے،
دیکھتے نہیں، رُکی ہوئی
نہر میں سے
ہر شے، جو پانی کے
اندر ہے،
نظر آتی ہے!

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحيّ القيّوم
فالله خير الرازقين
وَاللهُ ذُو الفَضلِ العَظِيمِ

۱۱۲۵۵

گوہر کسی نے دیکھے ہی نہیں
گوہر کی روشنی
اگرچہ رُوڑی پہ ہو،
نمایاں ہوتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۵۶

سیرت تو دُور کی بات ہے،
ہم میں ہے ہی نہیں،
البتہ اللہ کی پیدا کردہ ایک صُورت ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

فَمَنْ كَانَ يَرْجُوا	پس جو شخص آرزو رکھے
لِقَآءَ رَبِّهٖ	اپنے رب سے ملاقات کی
فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا	تو وہ نیک کام کرتا رہے
وَّلَا يُشْرِكْ	اور نہ شریک کرے کسی کو
بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ۝	اپنے رب کی عبادت میں

امیر المؤمنین عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے، جو شخص رات کو فمن کان ..... الخ پڑھے، اسکے واسطے عدن ابین سے مکہ تک نور ہو جاتا ہے جس کو فرشتے گھیرا ڈال لیتے ہیں۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۹۶)

۱۱۲۵۷

کیڑوں کو مت مارا کرو،
ذکرِ الٰہی کی مجلس میں تیرے لیے
ذکر کرتی ہیں اور دُعا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۵۸

مخلوط کلام پہچانا جاتا ہے
میرا نہیں، کسی اور کا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۵۹

یہ شاعرانہ کلام نہیں،
مِن وعَن حِکمت سے بھرپور مقالات ہیں
اپنے خیالات میں تبدیل مت کیا کر
رُوح کا نفس سے متحد ہونا
تیرے میرے بس کی بات نہیں
اللہ العلی العظیم وفضل الکریم

اوّل

فضلِ ربّی کی عنایت ہوتا ہے۔

ناقص خیال اِس میں آسکتا ہی نہیں!

یا مجیبُ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ الَّذِیۡ عَلَا

تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے ہے جو بلند کرتا ہے

فَقَهَرَ وَبَطَنَ فَخَبَرَ

اور پست کرتا ہے اور پوشیدہ رکھتا ہے اور خبر دیتا ہے

وَ مَلَکَ فَقَدَّرَ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ

اور مالک ہے اور اندازہ مقرر کرتا ہے۔ تمام تعریف اللہ تعالیٰ کے لیے

اَلَّذِیۡ یُحۡیِیۡ وَیُمِیۡتُ وَ

ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے اور

ھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ۝

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :
جو کوئی بستر پر آنے کے وقت (سوتے وقت)
کہے : الحمد للہ ..... الخ
تو وہ گناہوں سے اس طرح نکل جاتا ہے
(یعنی پاک ہو جاتا ہے) جیسے کہ اُس کی ماں نے
اُسے آج جنا ہے۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد
کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۹۴)

وَاَوْحَيْنَآ	اور ہم نے الہام فرمایا
اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى	موسیٰ علیہ السلام کی ماں کو
اَنْ اَرْضِعِيْهِ ۚ	کہ اسے دودھ پلا
فَاِذَا خِفْتِ عَلَيْهِ	پھر جب تجھے اسکی بابت اندیشہ ہو
فَاَلْقِيْهِ فِى الْيَمِّ	تو اسے دریا میں ڈال دے
وَلَا تَخَافِىْ	اور نہ ڈر
وَلَا تَحْزَنِىْ	اور نہ غم کر
اِنَّا رَآدُّوْهُ اِلَيْكِ	ہم اسے تیری طرف پھیر لائیں گے
وَجَاعِلُوْهُ مِنَ	اور اسے رسول
الْمُرْسَلِيْنَ ۝	بنائیں گے !

(القصص : ۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَ اَوْحٰی رَبُّكَ اِلَی النَّحْلِ

اور آپؐ کے پروردگار نے شہد کی مکھی کو الہام کیا

اَنِ اتَّخِذِیْ مِنَ الْجِبَالِ بُیُوْتًا

کہ پہاڑوں میں گھر بنا

وَّ مِنَ الشَّجَرِ وَ

اور درختوں میں اور

مِمَّا یَعْرِشُوْنَ ۝ (النحل: ۶۸)

عمارتوں کی چھتوں میں !

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى

اور اگر بستیوں والے

اٰمَنُوْا وَ اتَّقَوْا

ایمان لاتے اور ڈرتے

لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ

تو ضرور ہم اُن پر برکتوں کے دروازے کھول دیتے

مِّنَ السَّمَآءِ وَ الْاَرْضِ

آسمانوں سے اور زمین سے

(الاعراف — ۹۶)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ اے اللہ! معاف فرمادے

ظُلْمِیْ وَکُفْرِیْ میرا ظلم اور میرا کفر

حضرت امیر المؤمنین عمر فاروق رضی اللہ عنہ

یہ دُعا کیا کرتے تھے اللّٰھُمَّ اغفر..... الخ

کسی نے پُوچھا اے امیر المومنین رضؓ! یہ ظُلم

کیا ہے اور کُفر کا کیا مطلب ۔ ؟

تو آپ رضؓ نے فرمایا:

اِنَّ الْاِنْسَانَ لَظَلُوْمٌ کَفَّارٌ ط

(بیشک انسان بڑا ظالم اور ناشکرا ہے)

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۳۷)

اَللّٰھُمَّ !	اے اللہ !
اِنِّیْ اَسْئَلُکَ	میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
نَفْسًا مُّطْمَئِنَّۃً	نفسِ مطمئنہ کا ، جو
تُؤْمِنُ بِلِقَآئِکَ	ایمان لائے تیری ملاقات پر
وَتَرْضٰی بِقَضَآئِکَ	اور راضی ہو تیرے فیصلے پر
وَتَقْنَعُ بِعَطَآئِکَ ط	اور قناعت کرے تیرے دیئے ہوئے پر

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو یہ دُعا سکھائی :

اللّٰھم انی اسئلک ..... الخ

(مستدرک حاکم۔ کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۵۷)

اَللّٰھُمَّ لَا تَکِلْنِیْ

اے اللہ نہ سپرد کرنا مجھے

اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَۃَ عَیْنٍ ط

میرے نفس کے، آنکھ جھپکنے کے برابر بھی

حضرت ابو ھُریرہ رضی اللہ عنہٗ بیان
کرتے ہیں کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم
اکثر یہ دُعا پڑھا کرتے تھے :
اللّٰھم لا تکلنی ..... الخ

(کنز العمال / کتاب الاعمال بالنیۃ ج ۱ ص ۵۷)

اَللّٰھُمَّ اعْصِمْنَا	اے اللہ! ہماری حفاظت فرما
بِحَبْلِکَ	اپنی رسّی (قرآن) کے ذریعے
وَ ثَبِّتْنَا	اور ہمیں ثابت قدم رکھ
عَلٰی اَمْرِکَ	اپنے حُکم پر
وَارْزُقْنَا	اور ہمیں روزی دے
مِنْ فَضْلِکَ ط	اپنے فضل سے

حضرت عبداللہ بن خراش رضی اللہ عنہٗ
سے روایت ہے، وہ اپنے چچا سے
روایت کرتے ہیں کہ میں نے جناب
عمر بن خطاب رضی اللہ عنہٗ سے سُنا
وہ اپنے خُطبے میں یہ دُعا پڑھا کرتے تھے:
اللّٰھم اعصمنا ..... الخ

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۵۷)

۱۲۶۰

مُعَمَّر پہ رعایت ہوتی ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۲۶۱

دِل کو مطمئن کرنے کے لئے
کیا کیا جتن کیے،
رات دیکھی نہ دِن،
دِل مطمئن نہ ہُوا !

دِل، دِل کو پاکر ہی مطمئن ہوتا ہے!

دِل کا بدلنا

اللہ ہی کے قبضۂ قُدرت میں
ہوتا ہے!
جب دل کو بدلنے کا
اِرادہ فرماتا ہے، کِسی

دِل

سے واصل فرما کر
بدل دیتا ہے

بعض دِل
پتھروں کی طرح سخت ہوتے ہیں،
تیرے فضل
تیری رحمت
اور تیرے کرم کو پاکر
موم ہو جاتے ہیں۔
چشمے بن کر بہ نکلتے ہیں۔
رفتہ رفتہ ایک جھیل بن کر
دریا میں جا ملتے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۲۶۲

ہوائیں، جیسے حُکم ہوتا ہے،
چلتی ہیں۔ بُرا مت کہا کرو۔

اِسی طرح بادل
حُکم کے تابع

کائنات کی کوئی بھی شے

خود سَر نہیں،

حُکم کی محکُوم ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۶۳

ہمارا منشور سہ حرفی

خُذ

ہے۔ ہم نے اِسے مضبوطی سے
پکڑ لیا اور پکڑا ہُوا ہے!

یا حیّ یا قیوم

خ سے مُراد خدمتِ خلق
ذ سے مُراد ذکرِ الٰہی
ت سے مُراد تبلیغُ الاسلام

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۶۴

بات وہ ہے جو دِل کو ہِلا دے
اور مُنکر کو منا دے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۱۲۶۵

دِل سے نکلی ہوئی بات دِل میں ہلچل مچا دیتی
ہے اور اس کا وار کبھی خالی نہیں جاتا،
ہو کر رہتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۱۲۶۶

بندوں کی کری اور کہی ہوئی باتیں تاریخ ہوتی ہیں
اور بندے ہی تاریخ ساز ہوتے ہیں۔
اور تاریخ کسے کہتے ہیں ـــــ ؟
اگرچہ بُرا ہے، فرعون بھی تاریخ کا ایک ورق ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۶۷

"غیبت تو ہم ترک نہ کر سکے....
" اور کیا کرو گے ؟ "

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۶۸

قوّی الجسم ـــــ ہر کوئی

قوّی الروح ـــــ شاذ

سُبْحَانَ الْقَوِیِّ الْعَزِیْز

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۶۹

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ وَالْمَلَکُوْت ۝

کُلٌّ شَیْءٍ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۲۷

خانقاہی نظام میں
مال کا تخم تک نہیں ہوتا۔
اس اعتبار سے فارغ البال ہوتا ہے

"پھر کھاتے کہاں سے ہو؟"

"لَا نَسْئَلُكَ رِزْقًا ط
نَحْنُ نَرْزُقُكَ ط"

(سورۃ طٰہٰ — ۱۳۲)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۲۷

اللہ نے تو ہمیں ہر کام سے
فارغ فرما کر اپنے ہی کاموں میں
مصروف کیا ہوا ہے، تم اِسے
"دیس نکالا" کہتے ہو ؟
ہر دیس اللہ ہی کا دیس ہے
اور
ہر دیس سے نکل کر ہی
اللہ کا دیس بنتا ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ ط

اے اللہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں

اَللّٰھُمَّ لَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِیَّاکَ ط

اے اللہ ہم تیرے سوا کسی کی عبادت نہیں کرتے

اَللّٰھُمَّ لَا نُشْرِکُ بِکَ شَیْئاً

اے اللہ ہم تیرے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ

اے اللہ میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، تو مجھے معاف فرما دے

فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ط

کیونکہ گناہوں کو تیرے سوا کوئی معاف نہیں کر سکتا

امیر المؤمنین حضرتؑ علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہ فرمایا کرتے تھے کہ اللہ تعالےٰ کو یہ کلمات بڑے پیارے ہیں :

لا الہ الا انت ..... الخ

(اسے ھنادؒ نے اور قاضی یوسفؒ نے اپنی سُنن میں روایت کیا ہے)

(کنز العمال ، کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۰)

تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِي

بھروسہ کیا میں نے اُس زندہ (ذات) پر

لَا يَمُوتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي

جسے موت نہیں اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ

جس کی کوئی اولاد نہیں اور نہ ہی

لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ وَ

اُس کا کوئی شریک ہے مُلک میں اور

لَمْ يَكُنْ لَّهُ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

نہ ہی اُس کا کوئی کمزوری کے باعث مددگار ہے (اسکے لیے کمزوری ہے ہی نہیں)

وَكَبِّرْهُ تَكْبِيرًا ۝

اور اُسکی خوب بڑائی بیان کرتے رہو۔

❁

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ روایت کرتے ہیں
کہ فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے کہ
جب مجھے کوئی پریشان کُن معاملہ درپیش
ہوتا تو حضرت جبریل علیہ السلام آکر کہتے :
یا محمد ! صلّے اللہ علیہ وسلّم
کہیئے : توکلت علی الحی الذی ..... الخ

(مستدرک حاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲)

❁ ❁

عرفات میں مقرّب فرشتوں اور خضرؑ کا اجتماع

امیر المؤمنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ عرفہ کے دِن عرفات کے میدان میں جبریل، میکائیل، اِسرافیل اور حضرت خضر علیہم السلام اکٹھے ہوتے ہیں۔ جبریلؑ کہتے ہیں:

مَا شَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

(جو اللہ چاہے، وہی ہوتا ہے۔ نہیں طاقت مگر اللہ کی مدد سے)

میکائیلؑ جواب دیتے ہیں:

مَا شَآءَ اللّٰہُ کُلُّ نِعْمَۃٍ مِّنَ اللّٰہِ ط

(جو اللہ چاہے۔ ہر نعمت اللہ کی طرف سے ہے)

ان دونوں کا جواب اسرافیلؑ دیتے ہیں:

مَا شَآءَ اللّٰہُ ط اَلْخَیْرُ کُلُّہٗ بِیَدِ اللّٰہِ ط

(جو اللہ چاہے۔ ہر بھلائی اللہ کے ہاتھ میں ہے)

ان سب کا جواب خضر علیہ السلام دیتے ہیں :

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا يَدْفَعُ السُّوْٓءَ اِلَّا اللّٰهُ ط

(جو اللہ چاہے، تکلیفوں کو اللہ کے سوا کوئی دور نہیں کر سکتا)

پھر ایک دوسرے سے جدا ہوتے ہیں پھر اگلے سال عرفات میں دوبارہ اکٹھے ہوتے ہیں۔

(القرٰی لقاصد ام القرٰی للطبری /

کتاب العمل بالسنۃ ج ۵ ص ۳۷۶)

ان سب کا یہ مطلب ہے

جو اللہ نے چاہا، ہوا

نہ چاہا، نہ ہوا

قَدَرَ اللّٰہُ وَمَا شَآءَ فَعَلَ

تقدیرِ الٰہی سے ہُوا
اور جو چاہا اُس نے،
وُہ کیا!

مَا شِئْتَ کَانَ — جو تُو نے چاہا، ہُوا

وَمَا لَمْ تَشَأْ — اور جو تُو نے نہ چاہا

لَا یَکُوْنُ — نہیں ہوا!

وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ط

اور نہ کوئی تدبیر کارگر ہے نہ طاقت مگر تیری مدد سے

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

بیشک تُو ہر چیز پر قادر ہے۔

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۸۷)

❋

اِنَّكَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ۝

بیشک تُو کر ڈالتا ہے جس کا تُو اِرادہ کرتا ہے۔

(کتاب العمل بالسُنۃ ج ۱ ص ۱۰۳)

۱۱۲۷۲

میرے آقا رُوحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم

اپنی اُمّتِ مرحُومہ کا

سالانہ اجتماع

پسند فرماتے ہیں

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ

الحمد للحی القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضْلِ العَظِیْمِ

۱۱۲۷۳

تیرا دَم ترقّی پذیر نہ ہُوا

تو کیوں ــــ ؟

باتیں اس کو کھا گئیں !

بند کیوں نہیں کرتے ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۷۴

سُنن مُطہّرہ :
سیرتِ طیّبہ کا مُرقّع

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۷۵

سُنن مُطہّرہ ہی
عِلمًا نّافِعًا
اور عَمَلاً مُّتقبّلاً

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضلِ العَظِیم

۱۱۲۷۶

نامی گرامی ذاکرین بھی خنّاس کے
وساوس سے محفوظ نہیں رہتے
اگرچہ وہ جانتے ہیں کہ یہ خیال
اُن ہی کے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۷۷

ذِکر جب جاری ہو جاتا ہے،
کایا پلٹ دیتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۷۸

EXPLORATION

IS

THE HEROIC LIFE.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فالله خیر الرازقین
وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِكَ

اے اللہ عنایت فرما مجھے اپنی فراخ روزی

عَلَیَّ عِنْدَ کِبَرِ سِنِّیْ وَ

میرے بڑھاپے کے وقت میں اور

انْقِطَاعِ عُمُرِیْ ۝

میری عمر کے اختتام میں۔

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا

سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم ان کلمات کے ساتھ دعا کیا کرتے تھے:

اللّٰھم اجعل .... الخ۔ اسے طبرانی نے روایت کیا ہے۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ: ج ۱۰ ص ۹۷)

۱۱۲۷۹

مستورات جب کہیں رَل مِل بیٹھیں،
پسِ پُشت عیب جوئی کا اکھاڑا جما۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۸۰

تاریخ نے راجہ ہریش چندر کو ایک چوہڑے کے
گھر اور رانی تاراوتی کو ایک بدقماش
کے ہاں بکتے دیکھا! اللہ اللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

اللہ تعالےٰ ہی کی مِلک ہے جو کچھ کہ آسمانوں میں ہے اور

فِي الْاَرْضِ ط وَاِنْ تُبْدُوْا

جو کچھ کہ زمین میں ہے اور خواہ تم اسے ظاہر کرو

مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ اَوْ تُخْفُوْهُ

جو کچھ تمہارے دِلوں میں ہے یا اسے چھپاؤ

يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ فَيَغْفِرُ

اللہ بہرحال تم سے اُن کا حساب لے گا، پھر وہ جسے چاہے

لِمَنْ یَّشَآءُ وَ یُعَذِّبُ

معاف کرے اور جسے

مَنْ یَّشَآءُ ط

چاہے، عذاب دے

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قُدرت رکھتا ہے

(البقرہ ـــــ آیت ۲۸۴)

۱۱۲۸۱

مُطمئن وُہ ہے

جو

رَضا پہ راضی رہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العظِیم

اِذَا نَفَثَتْ قُرْحَةٌ اَوْ جِرَاحَةٌ

جب کسی کے پھوڑے یا زخم کو جھاڑو

بِسْمِ اللّٰہِ تُرْبَۃُ اَرْضِنَا

اللہ کے نام سے۔ خاک ہے ہماری زمین کی،

بِرِیْقَۃِ بَعْضِنَا یُشْفٰی بِہٖ

ساتھ لعابِ دہن بعض کے۔ شفا پائے اِس کے ساتھ

سَقِیْمُنَا (اَوْ لِیُشْفٰی سَقِیْمُنَا)

ہمارا مریض (یا یہ الفاظ ہیں) شفا پائے ہمارا مریض

بِاِذْنِ رَبِّنَا ۝

ہمارے ربّ کے حکم سے

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا سے

روایت ہے کہ جب کوئی شخص بیمار ہوتا یا اُسے کوئی زخم لگتا تو جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم اپنی شہادت کی اُنگلی کو زمین پر رکھتے اور پڑھتے :

بِسمِ اللہ ..... الخ

(ابن ابی شیبہؒ کی روایت کے مُطابق یشفیٰ سقیمنا پڑھتے اور زھیر کے بقول لیشفی سقیمنا)

(صحیح مسلمؒ)

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۳ صفحہ ۱۴۸)

۱۱۲۸۲

خادم کسی کا بھی ہو،
مخدوم کی لاج ہوتا ہے

تیری روایات کا ایک کہنہ ورق!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۸۳

یہ تھا تیرے فقر کا کلنک!
اگر قبول کر لیتا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۸۴

تیری پاسبانی
بڑے ہی کام کی چیز ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۸۵

سوچ تھک تھک کر تھکی۔
ربّ اور بندہ کے مابین
ایک پردہ تنا رہتا ہے،
کبھی چاک نہیں ہوتا!

*

اندر تھا، اندر ہے۔
نہ جان سکتا ہے نہ پہچان۔

اِسے حجابِ اکبر کہتے ہیں

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۸۶

بکری بیچ کر قرآنِ کریم لیا۔
قلم دوات لے کر
دفاتر کا اِفتتاح کیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۸۷

میری تنخواہ بارہ ۱۲ آنہ یومیہ تھی،
اُسی پہ اِکتفا کیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۸۸

يَا اَوَّلَ الْاَوَّلِيْنَ وَ

اے پہلوں سے پہلے اور

يَا اٰخِرَ الْاٰخِرِيْنَ وَ

اے بعد میں آنے والوں کے پیچھے اور

يَا ذَا الْقُوَّةِ الْمَتِيْنَ وَ

اے مضبوط قوت والے اور

يَا رَاحِمَ الْمَسَاكِيْنَ وَ

اے مسکینوں پہ رحم کرنے والے اور

يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ٥

اے رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم کرنے والے

حضرت سوید بن غفلہؓ سے روایت ہے کہ

ایک دفعہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو تنگی

پیش آئی تو اُنہوں نے حضرت فاطمۃ الزہراؓ سے کہا

اگر تم حضورِ اقدس ﷺ کے ہاں جاؤ اور

اُن سے سوال کرو تو کتنا اچھا ہو

پس وہ آئیں اور حضورِ اقدس ﷺ کے

پاس اُس وقت اُمّ ایمنؓ تھیں پس

حضرت فاطمۃ الزہراؓ نے دروازہ کھٹکھٹایا

جناب رسول اللہ نے اُمّ ایمن رضی اللہ عنہا سے فرمایا

کہ یہ کھٹکھٹانا فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کا ہے

وہ ہمارے پاس ایسے وقت آئی ہے

کہ ایسے وقت اُسے آنے کی عادت نہیں ہے

پس حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے عرض کیا

اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم !

یہ فرشتے ہیں جن کا کھانا تہلیل و تسبیح و تحمید ہے،

ہمارا کھانا کیا ہے ؟

آپ ﷺ نے فرمایا قسم ہے اُس ذات کی
جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے

آلِ محمد ﷺ کے گھر میں
تیس دِنوں سے آگ نہیں جلی

اور ہمارے پاس بکریاں آئی ہیں۔ اگر تم کہو
تو پانچ بکریوں کا تمہارے لیے حکم دے دوں

اور اگر چاہو تو پانچ ایسے کلمات سِکھا دوں
جو حضرت جبریل علیہ السلام نے مجھے سِکھائے ہیں

حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے عرض کیا کہ
مجھے وہ پانچ کلمات سکھا دیں، جو
حضرت جبریل علیہ السلام نے آپؐ کو سکھائے ہیں

آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ::::: کہو
یا اوّل الاولین .....الخ

پس وہ (حضرت فاطمۃ الزہرا) رضی اللہ عنہا چلی گئیں
اور حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ کے پاس پہنچیں

حضرت علی المرتضےٰ کرم اللہ وجہہ نے فرمایا
کیا کچھ لے کر آئی ہو؟

تو حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا نے فرمایا:

میں تمہارے یہاں سے دُنیا لینے گئی تھی
اور آخرت لے کر آئی ہوں

تو حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ نے فرمایا:

یہ تیرا بہترین دین ہے

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱۶ ص ۲۲/۴۳)

یہ تھا حیدریؓ فقر!

اِس پہ کسی کو بھی گزر نہیں

اور اُن کے سوا

کِسی بھی اور کو عنایت نہ ہُوا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۸۹

اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر

کا عارف ہی توحید کا عارف !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۹۰

جس بھی بھاؤ بکے ،

لُٹائے چل !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۹۱

اَللّٰھُمَّ یَا قَاضِیَ الْاُمُوْرِ
اَللّٰھُمَّ یَا شَافِیَ الصُّدُوْرِ
اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ

رُوح و نفس دونوں پیش ہیں

دونوں تیرے رحم و کرم کے اُمیدوار۔
تیری رحمت اور توبہ کے تذکرے
سُن سُن کر جان میں جان آئی۔
کائنات کی کِتاب نئے ورق اُلٹا۔
جو کبھی نہ مُسکرائی ——— مُسکرانے لگی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۲۹۲

بندہ سب کچھ جانتا ہے
مگر یہ نہیں جانتا کہ

اللہ اُسے دیکھ رہا ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۲۹۳

جب تک کنڈی نہیں کھلتی،
در نہیں کھلتا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۲۹۴

جو آخر دَم تک جاری رہے، اُسے

جِدّوجُہد کہتے ہیں !

اور جِدّوجُہد کبھی فارغ نہیں ہوتی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنِّیْ اَسْتَغْفِرُکَ	میں بخشش طلب کرتا ہوں تجھ سے
لِذَنْبِیْ	اپنے گناہوں کی
وَاَسْتَھْدِیْکَ	اور رہنمائی طلب کرتا ہوں تجھ سے
لِاَرْشَدِ اَمْرِیْ	اپنے تمام درست کاموں میں
وَاَتُوْبُ اِلَیْکَ	اور توبہ کرتا ہوں میں تیرے سامنے
فَتُبْ عَلَیَّ	توبہ قبول فرمالے میری
اِنَّکَ اَنْتَ رَبِّیْ	بیشک تو ہی میرا رب ہے
اَللّٰھُمَّ فَاجْعَلْ	اے اللہ ! کر دے
رَغْبَتِیْ اِلَیْکَ	میری رغبت کو اپنی طرف
وَاجْعَلْ غِنَایَ	اور رکھدے میرا استغنا
فِیْ صَدْرِیْ	میرے سینے میں ،

وَبَارِكْ لِيْ	اور برکت عطا فرما مجھے
فِيْ مَا	اُن چیزوں میں
رَزَقْتَنِيْ	جو تُو نے مجھے دی ہیں
وَتَقَبَّلْ مِنِّيْ	اور قبول فرما میری یہ دُعا

اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ ۝

بیشک تُو ہی میرا ربّ ہے۔

اسے ابنِ ابی شیبہ نے امیر المؤمنین حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہٗ سے روایت کیا ہے۔

(الحصن الحصین)

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۱۲)

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ

بیشک زَقُّوم کا درخت کھانا ہوگا

الْاَثِیْمِ ۝ كَالْمُهْلِ ۚ یَغْلِیْ

بڑے مُجرم کا (جو کہ یہ صورت میں) تیل کی تلچھٹ جیسا ہوگا (اور)

فِی الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْیِ الْحَمِیْمِ ۝

وہ پیٹ میں ایسا کھولے گا جیسا تیز گرم پانی کھولتا ہے

خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰی سَوَآءِ الْجَحِیْمِ ۝

(اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ) اسکو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ

ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ

پھر اس کے سر کے اوپر تکلیف دینے والا

مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝

گرم پانی چھوڑ دو

ذُقْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْكَرِيْمُ ۝

چکھ، تو بڑا "معزز مکرّم" ہے۔

(یعنی استہزاءً کہا جائے گا کہ یہ تیری تعظیم ہو رہی ہے
جیسا تو دُنیا میں اپنے کو معظّم و مکرّم سمجھ کر ہمارے
احکام سے عار کیا کرتا تھا۔)

(سورۃ الدخان ۴۴ : آیت ۴۳ تا ۴۹)

۱۱۲۹۵

مَیں کیا کچھ کرنے کی
قُدرت نہیں رکھتا تھا؟
مجھ سے کہا ہوتا،
رحمت نچھاور کر دیتا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۹۶

اِنَّکَ اَنتَ رَبِّی!
بیشک تُو ہی میرا ربّ ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۹۷

معاف کر دینا تیری عادت ہے

ذرا سی بات پہ معاف کر دیتا ہے

اور

معاف کرنا ــــ خَلق نے خالق ہی سے سِیکھا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۲۹۸

تَرس تیری وہ عادت ہے
جِس کے بَل بوتے پہ
کُل کائنات نازاں ! یاحیّ یاقیوم

تیرے تَرس ہی کی بدولت
خَلق نے تَرس سیکھا۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۲۹۹

جب بھی تجھُے کِسی پہ تَرس آیا
تاریخ نے اُسے محو ہونے نہ دیا

تَرس کی کہانی، بندوں پہ ہمیشہ کھُلی رَہی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۳۰

تَرس ہمیشہ مُنتظِر رہا، کوئی آئے تو کروں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اَسْلَمْتُ نَفْسِیْ اِلَیْكَ	سونپ دی میں نے اپنی جان تجھے
وَوَجَّھْتُ وَجْھِیْ اِلَیْكَ	اور کر دیا میں نے اپنا رُخ تیری طرف
وَفَوَّضْتُ اَمْرِیْ اِلَیْكَ	اور سپرد کر دیا میں نے اپنا معاملہ تیرے
وَاَلْجَاْتُ ظَھْرِیْ اِلَیْكَ	اور لگا دیا میں نے اپنی پیٹھ کو تیری طرف
رَغْبَةً وَّرَھْبَةً اِلَیْكَ	رغبت کرتے ہوئے اور ڈرتے ہوئے
لَا مَلْجَاَ	کوئی جائے پناہ نہیں
وَلَا مَنْجَا مِنْكَ	اور کوئی جائے نجات نہیں تیری گرفت سے
اِلَّآ اِلَیْكَ	مگر تیرے دامنِ رحمت میں۔
اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ	ایمان لایا میں تیری اُس کتاب پر
الَّذِیْٓ اَنْزَلْتَ	جس کو تُو نے نازل کیا
وَنَبِیِّكَ الَّذِیْٓ اَرْسَلْتَ	اور تیرے اُس نبیؐ پر جسے تو نے بھیجا

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے
روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
جب اپنے بستر پر جاتے تو داہنی کروٹ پر لیٹتے
اور پڑھتے:

اللّٰھمّ انی اسلمت .....الخ

اور فرمایا جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
نے کہ: جس شخص نے یہ کلمات کہے اور وہ اسی
رات مر گیا تو اس کی موت فطرت
(دینِ اسلام) پر واقع ہوئی۔

(بخاری/ مسلم/ داری/ کتاب العمل بالسنۃ مجلد ا ص ۸۱/۹۸۰)

رَبَّ کُلِّ شَیءٍ وَّمَلِیکَہٗ

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۶۶)

رَبَّ کُلِّ شَیءٍ وَّمَلِیکَہٗ
وَاِلٰہَ کُلِّ شَیءٍ

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۷۸)

رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیءٍ.....

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۸۳)

رَبُّ کُلِّ شَیٍٔ

وَ اِلٰہَ کُلِّ شَیٍٔ

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۹۵)

اَنْتَ رَبُّ کُلِّ شَیٍٔ

وَّ اِلٰہَ کُلِّ شَیٍٔ

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۸۹)

۱۱۳۰۱

آپ یہ کیا کر رہے ہیں ؟
گُمنامی یہ ہے کہ کھتانوں میں دفن کر کے
قبر ھموار کر دینا، جیسے
کِسی راہگیر مُسافر کی ہوتی ہے۔ یاحیّ یاقیوم

ہِجرت میں ہم ایسے ہی کیا کرتے تھے
اور ایسا کرنے کو کوئی بھی منع نہیں کرتا
یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظیم

۱۱۳۰۲

لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتّٰى تُنْفِقُوا
مِمَّا تُحِبُّوْنَ ۭ (آلعمران : ۹۲)

(تم خیرِ کامل کو کبھی حاصل نہ کر سکو گے
یہانتک کہ اپنی پیاری چیز کو خرچ نہ کرو گے)

ف : پیاری چیز **مال** ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۰۳

فقر، فقیر کا دوست ہوتا ہے
کوئی اور کسی کا دوست نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۰۴

تخلیق ۲

سب سے پہلے اللہ ربّ العالمین نے
محبّت کو پیدا کیا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۰۵

سب سے پہلے یہ مان :

اللہ حاضر و ناظر ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۰۶

شک شیطان نے پیدا کیا۔
شک نہ ہوتا ، حق کی کیا پہچان
ہوتی ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اِنَّکَ تَرٰی — آپ دیکھتے ہیں
وَلَا تُرٰی — اور دیکھے نہیں جاتے

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۲۷)

۱۱۳۰۷

اِنَّ الَّذِیْنَ یُبَایِعُوْنَكَ اِنَّمَا

جو لوگ آپؐ سے بیعت کر رہے ہیں تو وہ (واقع

یُبَایِعُوْنَ اللّٰهَ ؕ

میں) اللہ سے بیعت کر رہے ہیں۔

یَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَیْدِیْهِمْ ۚ

اللہ کا ہاتھ اُن کے ہاتھوں پر ہے

فَمَنْ نَّكَثَ فَاِنَّمَا یَنْكُثُ عَلٰی نَفْسِهٖ ۚ

پھر (بعد بیعت کے) جو شخص عہد توڑے گا، سو اُسکے عہد توڑنے کا وبال اُسی پر پڑیگا

وَمَنْ اَوْفٰی بِمَا عٰهَدَ عَلَیْهُ اللّٰهَ

اور جو شخص اُس بات کو پورا کریگا جس پر (بیعت میں) اللہ سے عہد کر چکا ہے

فَسَيُؤْتِيهِ أَجْرًا عَظِيمًا ۝

تو عنقریب اللہ تعالیٰ اسکو بڑا اجر دے گا۔

(الفتح : ۱۰)

ف : يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ أَيْدِيهِمْ سے یہ نہ سمجھا جائے کہ بیعت کے وقت ہاتھ میں ہاتھ لینا ضرور ہے یا یہ کہ شیخ بیعت لینے والے کا ہاتھ اُوپر ہی ہونا ضرور ہے اصل یہ ہے کہ عبارت ہے مُطلق تبعیت بمعنی ضمانِ طاعت سے۔

اگر قطعی منہیات سے باز نہ آیا تو کیا بیعت ہے؟ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

۱۱۳۰۸

لَقَدْ رَضِيَ اللّٰهُ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ

بالتحقیق اللہ تعالیٰ ان مسلمانوں سے خوش ہوا

اِذْ يُبَايِعُوْنَكَ تَحْتَ الشَّجَرَةِ

جبکہ یہ لوگ آپؐ سے درخت کے نیچے بیعت کر رہے تھے

فَعَلِمَ مَا فِيْ قُلُوْبِهِمْ

اور اُنکے دلوں میں جو کچھ تھا، اللہ کو وہ بھی معلوم تھا

فَاَنْزَلَ السَّكِيْنَةَ عَلَيْهِمْ

پس اللہ نے اُن میں اطمینان پیدا کر دیا۔

وَاَثَابَهُمْ فَتْحًا قَرِيْبًا ۝

اور اُن کو ایک لگے ہاتھ فتح دے دی۔

(الفتح ۔ ۱۸)

ف : تسکین، بیعت پہ موقوف۔

جس قسم کی بیعت
اُسی قسم کی تسکین!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۰۹

معصیت سے باز نہ رہا،
بیعت کی برکات اُڑیں
فضولیات کا مرکز بنیں
شیطان ہنسا

مومن وہ ہے جو شیطان کو ہنسنے کا موقع نہ دے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۱۰

جب تک میرا نہیں بنتا،
کسی کا بھی نہیں! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۱۱

بنانے والے کو دیکھنا تھا،

دیکھ لیا!

حد کر دی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَکْبَرُ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ

نہیں کوئی معبود مگر اللہ اور اللہ بہت بڑا ہے اور اللہ پاک ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَتَبَارَکَ اللّٰهُ ۝

اور سب تعریف اللہ تعالیٰ کے ہے اور اللہ تعالیٰ برکت والا ہے

حضرت معاذ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہو:

لا الٰہ الا اللہ ..... الخ

پس یہ پانچ کلمات ہیں، ان کے برابر کوئی
چیز نہیں ہوسکتی - ان ہی پر اللہ تعالیٰ نے ملائکہ
کو پیدا فرمایا اور ان ہی کی برکت سے آسمان کو
بلند کیا اور زمین کو بچھایا اور پہاڑ و جنّ و انس
پیدا فرمائے اور اُن پر اپنے احکام
لازم کیے!

اسے دیلمیؒ نے روایت کیا ہے۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۴ صـ ۱۰۸)

۱۱۳۱۲

دین کی کتاب لکھنا

باقیاتُ الصّالحات میں شمار ہوتا ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۱۳

چُنے ہُوئے بندے

مادر زاد ہوتے ہیں

اور

فِطرت کے مُقلّد !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ قسم ہے اُن فرشتوں کی جو صف باندھ کر کھڑے ہوتے ہیں

فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ پھر اُن فرشتوں کی جو بندش کرنے والے ہیں۔

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ پھر اُن فرشتوں کی جو ذکر کی تلاوت کرنیوالے ہیں

اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ کہ تمہارا معبود (برحق) ایک ہے۔

ف: یعنی آسمانی خبریں لانے سے شہابِ ثاقب کے ذریعے شیاطین کی بندش کرنے والے۔

لَهٗ مَقَالِيْدُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط (الزمر: ۶۳)

یہ زمین و آسمان کے خزانوں کی کنجیاں ہیں۔
کنجی تیرے پاس ہے، پھر کھولتا کیوں نہیں ؟

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۳۱۵

در بغلِ تو نسخۂ مایۂ یحیُ العظام !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۳۱۶

جلال ردائے نبوّت سے گزر کر
جمال ہوا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۲۱۷

اللہ تبارک و تعالیٰ کا آسمانِ دنیا کی طرف نزول فرمانا

(اور یہ ہر روز ہوتا ہے، پھر مانتے کیوں نہیں؟)

فرمایا

کون ہے جو مجھ سے دُعا کرے، مَیں اس کی دُعا قبول کروں؟
کون ہے جو مجھ سے مانگے، مَیں اس کو دوں؟
کوئی ہے جو مجھ سے بخشش چاہے، مَیں اسے بخش دوں؟

مَیں بادشاہ ہوں، مَیں ہی بادشاہ ہوں
کون ہے جو مجھ سے دُعا مانگے، مَیں اس کی دُعا قبول کروں
ہے کوئی مجھ سے سوال کرنے والا کہ اس کو عطاء کروں
ہے کوئی مغفرت مانگنے والا (اپنے گناہوں سے) کہ مَیں اسے بخش دوں

ہے کوئی مانگنے والا کہ میں اسے دوں؟
ہے کوئی حاجت والا کہ اس کی دُعا قبول کی جائے؟
ہے کوئی بخشش چاہنے والا کہ وہ بخشا جائے؟

کون مجھ سے دُعا کرتا ہے کہ میں قبول کروں
اور کون مجھ سے سوال کرتا ہے کہ میں اسے دوں
کون قرض دیتا ہے اسکو جو کبھی فقیر نہ ہوگا، نہ کسی پر ظلم کریگا

کون ہے جو مغفرت مانگے ؟
کون ہے جو توبہ کرے ؟
کون ہے جو کچھ مانگے ؟
کون ہے جو دعا کرے ؟

میرے بندے میرے غیر سے نہ مانگیں، مجھ سے مانگیں
میں ان کو عطا کروں گا!
مجھ سے دُعا کریں، میں قبول کروں گا
مجھ سے بخشش چاہیں، میں بخش دوں گا

کوئی ہے جو مجھے پکارے، میں اس کی دُعا منظور کروں
کوئی ہے جس نے اپنی جان پر ظُلم کیا ہو، مجھے پکارے
تو میں اس کا گناہ معاف کردوں؟
کوئی رزق کا بھوکا ہے کہ اسے روزی دوں؟
کوئی مظلوم ہے جو مجھے پکارے تو میں اسکی امداد کروں؟
کوئی مجرم ہو تو میں اس کی گردن آزاد کروں؟

کوئی مظلوم ہے جو مجھے یاد کرے، میں اسکی امداد فرمادوں

کوئی امداد طلب کرنے والا ہے جو مجھے پکارے
تو میں اس کی امداد کروں؟

ہے کوئی پکارنے والا؟ اسکی دُعا منظور ہو
ہے کوئی سوالی؟ اِس کو دیا جائے
ہے کوئی مصیبت زدہ؟ اسکی تکلیف دُور ہو

کون ہے جو مجھ سے مانگے تو میں اسکو دوں
کون ہے جو مجھے پکارے، میں اسکی پکار کو قبول کروں
کون ہے جو مجھ سے معافی مانگے، میں اسکو معاف کروں

میں بادشاہ ہوں، میں بادشاہ ہوں
کوئی ہے جو مجھ سے سوال کرے، میں اسکو دوں
کوئی ہے جو مجھے پکارے، میں اسکی پکار کو قبول کروں
کوئی ہے جو مجھ سے معافی مانگے، میں اس کو دوں

کوئی معافی مانگے تو میں اسے معاف کروں
کوئی دُعا کرے ، میں اسے قبول فرماؤں

کوئی مجھ سے سوال کرے ، میں اسکو دوں

کون ہے جو قرض دے اس کو
جو بھوکا اور فقیر نہیں اور نہ وہ ظالم ہے
کون ہے جو گناہوں کی معافی مانگے
تو میں اس کو معاف فرما دوں
کون ہے جو توبہ کرے ، اس کی توبہ قبول کروں

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ۝
وَتُبْ عَلَيْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۝

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۳۱۸

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ (بنی اسرائیل-۸۲)

ف: سورۃ فاتحہ شفا ہے (یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۱۹

طریقت میں پیری مُریدی کا اہم مقام ہوتا ہے

اِتباع کرے گا

تبتُّع ہوجائے گا

اِتباع ہی سے تبتُّع ہُوا، یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۰

زُبدالانبیاء حضرت فریدالدین مسعود گنج شکرؒ کے ہزار ہا خلیفہ تھے۔ تین نامور ہیں :

و۔ قُطب جمال ہانسویؒ

و۔ مخدوم علاؤالدین علی احمد صابر کلیریؒ

و۔ محبُوب الٰہی خواجہ نظام الدین اولیاء دہلویؒ

آپ نے حضرت مخدوم صابر صاحبؒ کو اولیائے کرام کی موجودگی میں سر پہ کلاہ رکھ کر سبز عمامہ باندھا اور دِلّی کی ولایت کا پروانۂ تقرری عطا کرتے ہُوئے فرمایا کہ یہ پروانہ اُس وقت کار آمد ہو گا جب اِس پر قُطبِ عصر شیخ جمال الدین ہانسویؒ اپنی مُہرِ قُطبیّت ثبت کریں گے

مخدوم صابر صاحبؒ یہ پروانہ لے کر ہانسی روانہ ہو گئے۔ پالکی میں سوار، آپ ایک شانِ بے نیازی کے ساتھ شیخ جمالؒ ہانسوی کی خانقاہ میں پہنچے۔ شیخ جمالؒ ہانسوی آپ کی پیشوائی کو آگے بڑھے۔ اُن کا خیال تھا کہ سواری انکے قریب آکر رُک جائے گی مگر مخدوم صابر صاحبؒ نے اِس بات کی پروا کیے بغیر سواری کو آگے جانے دیا اور خانقاہ کے اندر لبِ فرش جا اُترے۔

شیخ قطب جمال ہانسویؒ کو یہ ادائے بے نیازی پسند نہ آئی مگر اس کے باوجود خندہ پیشانی سے خوش آمدید کہا۔ نہایت اعزاز و اکرام سے مسند پہ بٹھایا۔ دونوں نے مِل کر نمازِ مغرب ادا کی۔

اب ہر سُو اندھیرا پھیل رہا تھا۔ خانقاہ میں ابھی تک چراغ نہیں جلا تھا۔ مخدوم صابر صاحبؒ نے فرمانِ قُطبیّت حضرت قُطب جمال ہانسویؒ کی خدمت میں پیش کیا اور کہا اِس پر مُہر ثبت کر دیجئے۔

حضرت قطب جمال ہانسویؒ نے اندھیرے کا عُذر پیش کیا۔ مخدوم صابر صاحبؒ نے فرمایا: حضرت، تامّل نہ کیجئے اور خادم کو چراغ لانے کا حکم فرمائیے۔ چراغ لایا گیا جو اِتفاقاً ہوا کے جھونکے سے بُجھ گیا۔

شیخ قطب جمال ہانسویؒ نے بے دلی سے فرمایا: علی احمد، صبر کرو، نمازِ فجر کے بعد مُہر لگا دیں گے، اِس وقت اندھیرا ہے۔

مخدوم صابر صاحبؒ نے اپنی انگلی پر کچھ پڑھ کر دم کیا تو وہ روشن ہوگئی۔ فرمایا۔ لیجئے روشنی ہوگئی اب فرمان پر مُہر لگا دیجئے!

حضرت قُطب جمال ہانسویؒ برداشت نہ کر سکے۔ غُصّے میں فرمان چاک کر دیا اور فرمایا: دِلّی کی قُطبیّت اور اِتنی گرم مزاجی؟ دِلّی والے اسکی تاب کیسے لائیں گے؟ آپ تو جب جوش میں آئیں گے، اُنہیں جلا کر خاک کر دیں گے!

فرمانِ قُطبیّت چاک ہوتا دیکھ کر مخدوم صابر صاحبؒ برداشت نہ کر سکے: فرمایا

آپ نے ماموں فریدؒ کا فرمانِ قطبیّت چاک کیا

ہم نے آپ کا سلسلۂ قطبیّت ہی چاک کر دیا۔

اُدھر پاک پتن میں بابا صاحب قدس سرہٗ وضو فرما رہے تھے حاضرین سے مُتبسّم ہو کر فرمایا :

دو بڑے پہلوانوں میں پنجہ آزمائی ہو رہی ہے، اللہ خیر کرے

مخدوم صابر صاحبؒ نے واپس آکر سارا واقعہ بابا صاحبؒ کے گوش گزار کیا تو آپ نے افسوس سے فرمایا :

پارہ کردۂ جمال را فرید نتواں دوخت

(جمال کے پھاڑے ہوئے کو فرید نہیں سی سکتا)

پھر پوچھا : جب شیخ قطب جمال ہانسویؒ نے فرمان چاک کیا، آپ نے کیا جواب دیا تھا ؟

مخدوم صابر صاحبؒ نے فرمایا :

تو سندِ من چاک کردی ، من سلسلۂ تو بُریدم

(تم نے میری سند چاک کر ڈالی ، مَیں نے تمہارا سلسلہ منقطع کر دیا)

بابا صاحبؒ نے پوچھا : اوّل سے یا آخر سے ؟

مخدوم صابر صاحبؒ بولے : اوّل سے۔

بابا صاحبؒ نے اللہ کا شکر ادا کرتے ہوئے فرمایا :

پہلوانوں کا تیر خطا نہیں ہوا کرتا ۔ خیر ہوئی کہ آخر سے تو باقی رہا۔ چنانچہ اب تمہارے سلسلہ میں ایک ایسا قُطب ہوگا جس کی دُعا سے حجّالؒ کا سلسلہ باقی رہے گا

اِس کے بعد بابا صاحبؒ نے مخدوم صابر صاحبؒ کو کلیر کی ولایت کا پروانہ عطا فرمایا اور حضرت نظام الدین اولیاؒ کو دہلی کا ۔ یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۱

جب تک کوئی خصلت عادت نہیں بنتی،
ڈانواں ڈول رہتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۲

اگر کسی بندے کو یہ پتہ چل جائے کہ فلاں دن
اُس نے مرجانا ہے، ساری دنیا سے مُنہ موڑ کر
مرنے کے لیے تیار ہو جائے۔ یہ
وہ پردہ ہے جو کبھی نہیں کُھلتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۳

نہ سالک دیکھا نہ مجذوب،
سُنی سنائی سُنا رہے ہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۴

روزِ ازل سے اِس وقت تک
جو ہُوا، اللہ کی طرف سے ہوا
جو ہو رہا ہے، اللہ کی طرف سے ہو رہا ہے
جو ہوگا، اللہ کی طرف سے ہوگا
اسے درسِ توحید کہتے ہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۵

صفاتِ باری تعالیٰ

در گزر کرنا

معاف کر دینا

اور بخش دینا

تیری وہ صفات ہیں جس پہ بندوں کو ناز ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۶

میرے آقا روحی فداہ صلے اللہ علیہ وسلم کے
اِرشاداتِ گرامی حقیقتاً اللہ ہی کے
فرمودات ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۷

بندہ اپنے نفس کو دیکھ کر ہی مُطمئن ہُوا ! یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۸

ربّ سچّا

دُنیا جھُوٹی

اَور جھُوٹ کی حمایت نہیں ہوتی !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۲۹

اَلدُّنیا ــــ فِتنَۃُ البِلاد

یَا مَالِکَ یَومِ الدِّیْن

اِیَّاکَ نَعبُدُ وَاِیَّاکَ نَستَعِیْن

اَعُوذُ بِکَ مِن شَرِّ کُلِّ دَابَّۃٍ

اَنتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

شروع اللہ کے نام سے جو رحم کرنیوالا اور مہربان ہے۔

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ مِنۡ

اے ایمان والو! تمہاری

اَزۡوَاجِكُمۡ وَاَوۡلَادِكُمۡ عَدُوًّا

عورتوں اور اولاد میں سے بعض تمہارے دشمن

لَّكُمۡ فَاحۡذَرُوۡهُمۡ ۚ وَاِنۡ

ہیں پس اُن سے بچو اور اگر

تَعۡفُوۡا وَتَصۡفَحُوۡا وَتَغۡفِرُوۡا

معاف کرو اور درگزر کرو اور بخش دو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝

تو اللہ تعالےٰ بھی بخشنے والا مہربان ہے

اِنَّمَآ اَمْوَالُكُمْ وَاَوْلَادُكُمْ

تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو (تمہارے لیے)

فِتْنَةٌ ۭ وَاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ

آزمائش کی چیز ہے اور (جو شخص ان میں پڑکر اللہ کو یاد رکھے

اَجْرٌ عَظِيْمٌ ۝

تو اس کے لیے) اللہ کے پاس بڑا اجر ہے!

(التغابن — ۱۴، ۱۵)

۱۱۳۳۰

کان صوتِ سرمدی کی آواز سُنتے ہیں۔
ہر شے ذکر کرتی ہے۔ پتّا پتّا ،
ذرّہ ذرّہ ذِکر میں مصروف ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۳۱

برہمی ۔ براہمنوں کا غرق شُدہ پنڈ۔ تھہ بنا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۳۲

اَصَحُّ السَّیْرِ الْاَبْدَان

سُبْحَانَ الْخَالِقِ الْبَارِیءِ

سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ

یاحیّ یاقیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیُّوْم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۳۳۳

احرام باندھ کر
بعض حلال چیزیں حرام ہوجاتی ہیں۔

یاحیّ یاقیوم

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْقَیُّوْم
فَاللّٰہُ خَیْرُ الرَّازِقِیْن
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۳۴

چالیس سال گزرے ، میں نے ایک جنگل میں دریا
کے کنارے ایک اللہ کے بندے کو
یہ پڑھتے سُنا :
" بے اَنت ۔ بے اَنت ۔ بے اَنت "
ف: بیشک تیرا کوئی اَنت نہیں !

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۵

فضل اور رحمت
اِتحاد پہ نازل ہوتی ہے ۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۳۶

رضا کی بدولت کرم کریم کا انسب معمول

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۳۳۷

کسی فن کا جنون محیّر العقول ہوتا ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۳۳۸

مَیں اُن کا غُلام ہُوں ،
میرا کوئی غُلام نہیں۔
ہو سکتا ہی نہیں !

*

ہر کوئی کام ہی کا حمایتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۳۹

کوئی بھی کسی کا غُلام نہیں ،
ہر کوئی اپنے ہی نفس کا غُلام ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۴۰

ساون کی بارش کو تکتے تکتے کوئل رخصت ہوئی، ابھی تک برسی نہیں! (۱۲ اگست)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۱

کوّے کی کڑی نگرانی کی بدولت کوئل، کوّے کے انڈے چُرا کر اپنے رکھ نہ سکی، بے نیلِ مرام لوٹی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۲

تیرے پاس دین کی ہر شے موجود ہے،
نہیں تو ایک یقین نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۳

دین نے حق ہی کی حمایت کی،
نام و نمود کی نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۴

دین نمونے کا محتاج ہے
تیرے پاس ایک بھی نمونہ نہیں! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۵

تُو نے اِتنا بوجھ لادا ہوا ہے کہ مسافر
اسے اٹھا نہیں سکتا۔ کمر توڑ رکھی ہے۔
چند ضروری اشیا پہ اِکتفا کر۔ ہلکا پُھلکا
بن اور ہر حال میں اپنے ربّ ہی
کی طرف راغب رہ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۶

تیری رَغبت کسی اور طرف
راغب ہونے نہیں دیتی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۷

یقین — ایمان کی تصدیق

*

یقین پیدا کر : تیرا ربّ تیرے پاس رہتا ہے

*

اور یقین خالق کی بندوں پر سب سے بڑی
عنایت ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۸

یقین جب میدان میں اُترتا ہے،
کایا پلٹ دیتا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۴۹

آ بھی جاؤ ! تیرے بِنا
ہستیٔ دہر کا ہر کیف بے کیف ہے۔
کوئی بھی مُژدۂ جانفزا نہیں۔

تیرے آنے ہی نے کوئی رنگ
باندھنا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۵۰

اگر اِقرار کر لیتا۔ دُنیا تو چیز ہی کیا تھی ،
دِین کے مخفی اَسرار کھول دیتا۔
مست ملنگ بن کر دُھونی رما دیتا۔

کبھی بجھنے نہ دیتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۵

جب تک کوئی مانتا نہیں، یہی حال رہے گا۔
جونہی مانا ——— بدل گیا!

اسی طرح بندوں کے حال بدلا کرتے ہیں۔

اپنے تئیں بدلنا مقصود ہوتا ہے،
بدل دیا جاتا ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ

اے گروہ جنّ اور انسان کے اگر

اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

تمہیں یہ قدرت ہے کہ آسمان اور زمین کی حدود سے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا

کہیں باہر نکل جاؤ تو (ہم بھی دیکھیں) نکلو مگر

تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ فَبِاَیِّ

بدون زور کے نہیں نکل سکتے (اور زور ہے نہیں) سو اے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝

جنّ و انس تم اپنے رب کی کون کون سی نعمتوں کے منکر ہو جاؤ گے!

(الرحمٰن - ۳۳، ۳۴)

۱۱۳۵۲

یہی تیری تقدیر ہے جو کر رہا ہے۔
اور تقدیر کسے کہتے ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۵۳

ہنس بھی فرضی نام ہی ہے ،
کب کسی نے ہنس کو موتی کھاتے دیکھا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

جب کوئی اہم معاملہ غالب ہو تو کہو

قَدَرَ اللّٰہُ وَمَا شَآءَ صَنَعَ ۝

مقدّر فرمایا ہے اللہ تعالےٰ نے اور اُس نے جو چاہا، کیا

حضرت ابوھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: قوی مومن بہتر اور افضل اور اللہ عزّ وجل کو محبوب ہے ضعیف مومن سے۔ اور ہر نفع دینے والی بھلائی کو حرص سے حاصل کر۔ اور اپنے نفس سے عاجز نہ ہو۔ پھر اگر تجھ پر کوئی بات غلبہ پالے تو پڑھ:

قدر اللہ وما شاء صنع

اور "اگر مگر" سے بچ اس لیے کہ اگر مگر کرنا شیطان کے کام کے لیے راہ کھولنا ہے۔

(عمل الیوم واللیلۃ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۳ ص ۲۰۵)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِکَ

اے اللہ میں تیری پناہ چاہتا ہوں

اَنۡ تَصُدَّ عَنِّیۡ

اِس سے کہ تُو منہ پھیرے مجھ سے

وَجۡھَکَ یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ۝

قیامت کے دن

الحزب الاعظم لملا علی قاری ص ۱۹۵

کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۵۴

رَبّ

دُعائے نوح علیہ السلام

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَیْتِیَ مُؤْمِنًا وَّلِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ وَلَا تَزِدِ الظّٰلِمِیْنَ اِلَّا تَبَارًا ۝

(نوح : ۲۸)

اے میرے ربّ! مجھکو اور میرے ماں باپ کو اور جو مومن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہیں انکو اور تمام مسلمان مردوں اور تمام مسلمان عورتوں کو بخش دیجئے اور ظالموں کی ہلاکت اور بڑھایئے۔

دعائے ابراہیم علیہ السلام

رَبِّ هَبْ لِي	اے میرے ربّ!
مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝	مجھے ایک نیک فرزند
(الصّٰفّٰت ۳۷ : ۱۰۰)	عطا فرما۔

❁

رَبِّ اجْعَلْنِي مُقِيْمَ	اے میرے ربّ! مجھکو بھی نماز کا خاص
الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ	اہتمام کرنے والا رکھئے اور میری اولاد
رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝	میں سے بھی بعضوں کو، اور میری (یہ)
رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ	دُعا قبول کیجئے! اے ہمارے ربّ!
وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ	ہماری مغفرت کر دیجئے اور میرے
الْحِسَابُ ۝	ماں باپ کی بھی اور کُل مومنوں
(ابراہیم ۱۴ — ۴۰، ۴۱)	کی بھی، حساب قائم ہونے کے دن

❁

رَبِّ هَبْ لِیْ حُکْمًا وَّ اَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ ۙ وَ اجْعَلْ لِّیْ لِسَانَ صِدْقٍ فِی الْاٰخِرِیْنَ ۙ وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ۙ

(الشعراء ۲۶ — ۸۳ تا ۸۵)

اے میرے پروردگار! مجھے حکمت عطا فرما اور (مراتبِ قُرب میں) مجھے (اعلیٰ درجہ کے) نیک لوگوں کے ساتھ شامل فرما اور میرا ذکر آنے والوں میں جاری رکھ اور مجھ کو جنّتِ نعیم کے مُستحقین میں سے کر۔

❁

رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَی الْقَوْمِ الْمُفْسِدِیْنَ ۝

(العنکبوت ۲۹ — ۳۰)

اے میرے ربّ! مجھ کو اِن مُفسد لوگوں پر غالب کر دیجئے۔

دُعائے لوط علیہ السّلام

رَبِّ نَجِّنِیْ وَ

اے میرے پروردگار!

وَ اَهۡلِیۡ مِمَّا	مجھ کو اور میرے (خاص متعلقین کو
یَعۡمَلُوۡنَ ۝	ان کے اِس کام (کے وبال)
(الشعرا : ۱۶۹)	سے بچا لیجئے۔

دُعائے یُوسف علیہ السّلام

رَبِّ قَدۡ اٰتَیۡتَنِیۡ	اے میرے پروردگار! آپ نے مجھے
مِنَ الۡمُلۡکِ وَ عَلَّمۡتَنِیۡ	سلطنت کا بڑا حصّہ دیا اور مجھے خوابوں
مِنۡ تَاۡوِیۡلِ الۡاَحَادِیۡثِ ۚ	کی تعبیر کا علم عطا فرمایا، اے آسمانوں
فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَ الۡاَرۡضِ ۟	اور زمین کے پیدا کرنے والے
اَنۡتَ وَلِیِّیۡ فِی الدُّنۡیَا	آپ میرے کارساز ہیں دُنیا میں بھی
وَ الۡاٰخِرَۃِ ۚ تَوَفَّنِیۡ	اور آخرت میں بھی۔ مجھے پوری فرمانبرداری
مُسۡلِمًا وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ	کی حالت میں دُنیا سے اُٹھائیے
بِالصّٰلِحِیۡنَ ۝	اور مجھے خاص نیک بندوں میں
(یُوسف ۱۲ - ۱۰۱)	شامل کر دیجئے۔

دُعائے موسیٰ علیہ السلام

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِاَخِیْ وَاَدْخِلْنَا فِیْ رَحْمَتِكَ ۖ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ ۝

(الاعراف : ۱۵۱)

اے میرے پروردگار! میری خطا معاف فرما دے اور میرے بھائی کی بھی اور ہم دونوں کو اپنی رحمت میں داخل فرمایئے اور آپ سب رحم کرنے والوں سے زیادہ رحم کرنے والے ہیں۔

❁

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ۝ وَیَسِّرْ لِیْ اَمْرِیْ ۝ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ ۝ یَفْقَهُوْا قَوْلِیْ ۝

(طٰہٰ ۲۰ — ۲۵ تا ۲۸)

اے میرے پروردگار! میرے لیے میرا سینہ فراخ کر دیجئے اور میرا (یہ تبلیغ کا کام) آسان فرما دیجئے اور میری زبان پر سے (لکنت کی) گرہ ہٹا دیجئے تاکہ لوگ میری بات سمجھ سکیں۔

رَبِّ اِنِّیْ	اے میرے پروردگار!
ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ	مجھ سے قصور ہو گیا ہے
لِیْ (القصص - ۱۶)	آپ مجھے معاف کر دیجئے۔

رَبِّ نَجِّنِیْ مِنَ	اے میرے پروردگار! مجھکو
الْقَوْمِ الظّٰلِمِیْنَ ۝ (القصص: ۲۱)	ان ظالم لوگوں سے بچا لیجئے

دُعائے سلیمان علیہ السلام

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ	اے میرے ربّ! مجھے اس پر
اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ	مداومت دیجئے کہ آپ کی اُن
اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی	نعمتوں کا شکر کیا کروں جو
وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ	آپنے مجھے اور میرے ماں باپ کو
صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَدْخِلْنِیْ	عطا فرمائی ہیں اور (اس پر بھی
بِرَحْمَتِکَ فِیْ عِبَادِکَ	مداومت دیجئے کہ ایسے نیک کام کیا
الصّٰلِحِیْنَ ۝	کروں جس سے آپ خوش ہوں اور

مجھ کو اپنی رحمت (خاصہ) سے اپنے
(اعلےٰ درجہ کے) نیک بندوں میں
داخل رکھیئے۔
(النمل ۲۷ — ۱۹)

❁

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَ
هَبْ لِیْ مُلْكًا لَّا
یَنْۢبَغِیْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ
بَعْدِیْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
الْوَهَّابُ ۝ (ص: ۳۵)

اے میرے ربّ! میرا قصور
معاف فرمادے اور مجھے ایسی
سلطنت عطا فرما کہ میرے سوا (میرے
زمانے میں) کسی کو میسّر نہ ہو۔ آپ
بہت بڑے عطا فرمانے والے ہیں

دعائے زکریا علیہ السلام

رَبِّ هَبْ لِیْ
مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّیَّةً
طَیِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِیْعُ
الدُّعَآءِ ۝ (آل عمران: ۳۸)

اے میرے ربّ! مجھے خاص اپنی
جناب سے پاک اولاد عطا فرمائیے
بیشک آپ دُعا کے بہت
سننے والے ہیں۔

رَبِّ اِنِّیْ وَھَنَ
الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ
الرَّاْسُ شَیْبًا وَّلَمْ
اَکُنْ بِدُعَآئِکَ رَبِّ
شَقِیًّا ۝ وَاِنِّیْ خِفْتُ
الْمَوَالِیَ مِنْ
وَّرَآءِیْ وَکَانَتِ
امْرَاَتِیْ عَاقِرًا فَھَبْ
لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا ۝
یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ
اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْہُ
رَبِّ رَضِیًّا ۝
(مریم ۱۹ — ۲ تا ۶)

اے میرے پروردگار! میری
ہڈیاں (بوجہ پیری کے) کمزور
ہو گئیں اور سر میں بالوں کی سفیدی
پھیل گئی اور (اس سے قبل کبھی میں)
آپ سے مانگنے میں، اے میرے ربّ،
ناکام نہیں رہا ہوں اور میں اپنے
بعد اپنے رشتہ داروں (کی طرف)
سے اندیشہ رکھتا ہوں اور میری زوجہ
بانجھ ہے۔ سو آپ مجھے خاص اپنے
پاس سے ایک ایسا وارث (یعنی
فرزند) دے دیجئے کہ وہ (میرے علومِ خاصہ
میں) میرا وارث بنے اور (میرے جدّ)
یعقوبؑ کے خاندان کا وارث بنے
اور اسکو، اے میرے ربّ، (اپنا) پسندیدہ بنائیے

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ	اے میرے ربّ! مجھکو لاوارث
فَرْدًا وَّ اَنْتَ	مت رکھیو (یعنی مجھے فرزند عطا
خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ۝	فرمائیے جو میرا وارث ہو) اور سب
(الانبیاء ۲۱ - ۸۹)	وارثوں سے بہتر آپ ہی ہیں

حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کی دُعائیں

رَبِّ اَدْخِلْنِیْ	اے میرے پروردگار! مجھکو (جہاں
مُدْخَلَ صِدْقٍ	پہنچانا ہو) خوبی کے ساتھ پہنچائیو
وَّ اَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ	اور (جہاں سے نکالنا ہو) مجھکو
صِدْقٍ وَّ اجْعَلْ لِّیْ	خوبی کے ساتھ نکالیو اور مجھکو
مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا	اپنے پاس سے ایسا غلبہ دیجئے جس
نَّصِیْرًا ۝	کے ساتھ نُصرت ہو (جو نہ عارضی
(بنی اسرائیل ۱۷ - ۸۰)	ہو نہ زائل بلکہ بڑھتا ہی جائے)

رَبِّ احْكُمْ بِالْحَقِّ ط
وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ
الْمُسْتَعَانُ عَلٰى
مَا تَصِفُوْنَ ۝

(الانبیاء ۲۱ - ۱۱۲)

اے میرے پروردگار، حق کے
موافق فیصلہ کر دیجئے اور (پیغمبر
نے کفّار سے یہ بھی فرمایا کہ) ہمارا
ربّ ہم پر بڑا مہربان ہے جس
سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد
چاہی جاتی ہے جو تم بنایا کرتے ہو۔

❁

رَبِّ اَنْزِلْنِيْ مُنْزَلًا
مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ
خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ ۝

(المومنون ۲۳ - ۲۹)

اے میرے ربّ! مجھکو (زمین
میں) برکت کا اتارنا اتاریو۔
(یعنی اطمینانِ ظاہری و باطنی کے ساتھ
رکھیو) اور آپ سب اتارنے والوں
سے اچھے ہیں۔

❁

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ
هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ۝
وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ
اَنْ يَّحْضُرُوْنِ ۝

(المومنون ۲۳ — ۹۷ تا ۹۸)

اے میرے ربّ! میں آپ کی
پناہ مانگتا ہوں شیطان کے
وسوسوں سے اور اے میرے ربّ!
میں آپ کی پناہ مانگتا ہوں اس
سے کہ وہ (شیطان) میرے پاس
آئیں۔

❁

رَّبِّ اغْفِرْ
وَارْحَمْ وَ
اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ۝

(المومنون ۲۳ — ۱۱۸)

اے میرے ربّ! میری خطائیں
معاف کر اور رحم کر اور تو سب
رحم کرنے والوں سے بڑھ کر
رحم کرنے والا ہے۔

❁

صاحبِ ایمان کی دعا

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ۝

(الاحقاف ۴۶ - ۱۵)

اے میرے پروردگار! مجھے اس پر مداومت دیجئے کہ میں آپ کی اُن نعمتوں کا شکر کیا کروں جو آپ نے مجھے اور میرے ماں باپ کو عطا فرمائی ہیں اور میں نیک کام کروں جس سے آپ خوش ہوں اور میری اولاد میں بھی میرے لیے صلاحیت پیدا کر دیجئے میں آپ کی جناب میں توبہ کرتا ہوں اور میں فرمانبرداروں میں سے ہوں۔

رَبَّنَا

حضرت آدمؑ اور حوّا سلام اللہ علیہا کی دُعا

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝ (الاعراف — ۲۳)

اے ہمارے ربّ! ہم نے اپنی جانوں پر ظُلم کیا اور اگر آپ ہماری مغفرت نہ فرمائیں گے اور ہم پر رحم نہ کریں گے تو واقعی ہم خسارہ پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

حضرت ابراہیم علیہ السّلام کی دُعا

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا ۭ اِنَّكَ

اے ہمارے پروردگار! ہم سے

اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝ (البقرہ - ۱۲۷)

قبول فرمائیے۔ بلاشبہ آپ خوب سننے والے جاننے والے ہیں

وَ تُبْ عَلَیْنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ۝ (البقرہ - ۱۲۸)

اور ہمارے حال پر توجہ رکھیے (اور فی الحقیقت) آپ ہیں ہی توجہ فرمانے والے، مہربانی کرنے والے۔

رَبَّنَا عَلَیْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَیْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَیْكَ الْمَصِیْرُ ۝ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَ اغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

اے ہمارے ربّ! ہم نے آپ پر بھروسہ کرلیا ہے اور ہم آپ ہی کی طرف رجوع کرتے ہیں اور ہمیں آپ ہی کی طرف لوٹنا ہے۔ اے ہمارے پروردگار، ہمیں کافروں کا تختۂ مشق نہ بنائیے اور اے ہمارے پروردگار ہمارے گناہ معاف کر دیجیے۔

(الممتحنہ - ۴ تا ۵) بیشک آپ زبردست حکمت والے ہیں

حضرت شعیب علیہ السلام کی دُعا

وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا ۗ عَلَى اللَّهِ تَوَكَّلْنَا ۖ

ہمارے ربّ کا علم ہر چیز کو محیط ہے ہم اللہ ہی پر بھروسہ رکھتے ہیں۔

رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفَاتِحِينَ ۝

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اور ہماری (اس) قوم کے درمیان حق کے موافق فیصلہ کر دیجئے اور آپ سب سے اچھا فیصلہ کرنیوالے ہیں

(الاعراف - ۸۹)

ساحروں کی ایمان لانے کے بعد کی دُعا

رَبَّنَا أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِينَ ۝ (الاعراف - ۱۲۶)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے اوپر صبر کا فیضان فرمائیے اور ہماری جان حالتِ اسلام پر نکالیئے!

اِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۝	ہم اپنے پروردگار کیطرف لوٹنے
وَاِنَّا نَطْمَعُ اَنْ یَّغْفِرَ لَنَا	والے ہیں ہمیں اُمید ہے کہ ہمارا پروردگار
رَبُّنَا خَطٰیٰنَآ اَنْ کُنَّآ	ہماری خطائیں بخش دے گا کیونکہ
اَوَّلَ الْمُؤْمِنِیْنَ ۝	ہم (حاضرین میں سے) سب سے پہلے
(الشعراء - ۵۰، ۵۱)	ایمان لائے ہیں۔

قوم موسیٰ ؑ کی دُعا

لَئِنْ لَّمْ یَرْحَمْنَا	اگر ہمارا ربّ ہم پر رحم نہ کرے
رَبُّنَا وَیَغْفِرْ لَنَا لَنَکُوْنَنَّ	اور ہمارے گناہ معاف نہ کرے
مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ۝	تو ہم ضرور نقصان اٹھانے والوں
(الاعراف - ۱۴۹)	میں سے ہو جائیں۔

❁

عَلَی اللّٰہِ تَوَکَّلْنَا ج	ہم نے اللہ ہی پر بھروسہ کیا۔

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً	اے ہمارے پروردگار! ہمیں ظالم
لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۙ وَ	لوگوں کا تختۂ مشق نہ بنا۔ اور
نَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ	ہمیں اپنی رحمت کا صدقہ،
الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝	کافر لوگوں سے نجات دے

(یونس - ۸۵، ۸۶)

اصحابِ کہف کی دُعا

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ	اے ہمارے پروردگار! ہم کو اپنے
رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا	پاس سے رحمت کا سامان عطا فرمائیے
مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝	اور ہمارے لیے ہمارے کام میں درستی
(الکہف : ۱۰)	کا سامان مہیا کر دیجیے۔

حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے حواریوں کی دُعا

رَبَّنَآ اٰمَنَّا بِمَآ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِيْنَ ۝ (آلعمران : ۵۳)

اے ہمارے ربّ! ہم ایمان لائے اُس پر جو آپ نے نازل کیا اور ہم نے رسُول کی اتباع کی سو ہم کو ان لوگوں کے ساتھ لکھ لیجئے جو تصدیق کرتے ہیں۔

رسالت مآب صلے اللہ علیہ وسلّم کی دُعا

وَرَبُّنَا الرَّحْمٰنُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ ۝ (الانبیاء - ۱۱۲)

اور ہمارا ربّ وہ ہے جو رحمٰن ہے۔ اُسی سے ان باتوں کے مقابلہ میں مدد چاہی جاتی ہے جو (اے منکرو) تم بنایا کرتے ہو۔

اہلِ ایمان کی دُعائیں

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّ فِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّ قِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

(البقرہ : ۲۰۱)

اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بہتری عنایت کیجئے اور آخرت میں بھی بہتری دیجئے اور ہم کو عذابِ دوزخ سے بچائیے۔

❁

رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا وَّ ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

(البقرہ : ۲۵۰)

اے ہمارے پروردگار! ہم پر (غیب سے) استقلال نازل فرمائیے اور ہمارے قدم جمائے رکھئے اور ہم کو کافر قوم پر غالب کیجئے۔

❁

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا
غُفْرَانَكَ رَبَّنَا
وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ۝

ہم نے (آپکا فرمان) سُنا اور
خوشی سے مانا۔ ہم آپ سے بخشش
چاہتے ہیں، اے ہمارے پروردگار
اور آپ ہی کیطرف (ہم سب کو)
لوٹنا ہے۔

(البقرہ : ۲۸۵)

رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ
نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ
اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ
عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ
قَبْلِنَا ۚ
رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا

اے ہمارے پروردگار! ہم
پر داروگیر نہ فرمائیے اگر ہم بھول
جائیں یا چُوک جائیں۔ اے ہمارے
ربّ! اور ہم پر کوئی سخت حکم
نہ بھیجئے جیسے ہم سے پہلے لوگوں
پر آپ نے بھیجے تھے!
اے ہمارے ربّ! اور ہم پر

طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ
عَنَّا ۩ وَاغْفِرْ لَنَا ۩ وَارْحَمْنَا ۩ اَنْتَ مَوْلٰنَا
فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ
الْكٰفِرِيْنَ ۝
(البقرہ - ۲۸۶)

کوئی ایسا بار (دُنیا یا آخرت کا)
نہ ڈالیے جس کی ہم کو سہار نہ ہو اور
ہم سے درگزر کیجئے اور ہم کو بخش
دیجئے اور ہم پر رحم کیجئے آپ ہمارے
کارساز ہیں سو آپ ہم کو کافر لوگوں
پر غالب کیجئے۔

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا
بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَ
هَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ
رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ
الْوَهَّابُ ۝
(آلعمران : ۸)

اے ہمارے پروردگار! ہمارے دلوں
کو کج نہ کیجئے بعد اس کے کہ آپ
ہم کو ہدایت کر چکے ہیں اور ہم کو
اپنے پاس سے رحمتِ (خاصہ)
عطا فرمائیے بلاشبہ آپ بڑے
عطا فرمانے والے ہیں۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ ط اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۝ (آلعمران - ۹)

اے ہمارے پروردگار! آپ بلاشبہ تمام آدمیوں کو (میدانِ محشر میں) جمع کرنے والے ہیں اُس دن جس میں ذرا شک نہیں (اور) بلاشبہ اللہ تعالیٰ وعدہ خلافی نہیں کرتے۔

❁

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝ (آلعمران - ۱۶)

اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لے آئے سو آپ ہمارے گناہوں کو معاف کر دیجئے اور ہم کو عذاب دوزخ سے بچا لیجئے۔

❁

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا

اے ہمارے پروردگار ہمارے

وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَ
ثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا
عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝
(آلعمران - ۱۴۷)

گناہوں کو اور ہمارے کاموں میں
ہمارے حد سے نکل جانے کو بخش
دیجئے اور ہم کو ثابت قدم رکھیئے
اور ہم کو کافر لوگوں پر غالب کیجئے۔

❁

رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا
بَاطِلًا ج سُبْحٰنَكَ فَقِنَا
عَذَابَ النَّارِ ۝
(آلعمران : ۱۹۱)

اے ہمارے پروردگار! آپ نے
یہ (سب کچھ) لایعنی پیدا نہیں
کیا۔ ہم آپ کو منزّہ سمجھتے ہیں
سو ہم کو دوزخ کے عذاب سے بچا لیجئے۔

رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ
النَّارَ فَقَدْ اَخْزَيْتَهٗ ط
وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ
اَنْصَارٍ ۝
(آلعمران ۱۹۲)

اے ہمارے ربّ بے شبہ آپ جس کو
دوزخ میں داخل کر دیں اسکو واقعی
رُسوا ہی کر دیا۔ اور ایسے بے انصافوں
کا کوئی بھی ساتھ دینے والا نہیں۔

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا
يُّنَادِيْ لِلْاِيْمَانِ
اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ
فَاٰمَنَّا ۚ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا
ذُنُوْبَنَا وَكَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا
وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۚ

(آلعمران - ۱۹۳)

اے ہمارے پروردگار! ہم نے ایک
پکارنے والے کو سنا جو ایمان لانے
کے واسطے اعلان کر رہے ہیں کہ تم
اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ سو ہم
ایمان لے آئے۔ اے ہمارے
پروردگار، پھر ہمارے گناہوں کو
معاف کر دیجئے اور ہماری بدیوں کو
بھی ہم سے زائل کر دیجئے اور ہم کو
نیک لوگوں کے ساتھ موت دیجئے

رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا
عَلٰى رُسُلِكَ وَلَا
تُخْزِنَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ۗ

اے ہمارے پروردگار! ہم کو وہ
کچھ عطا فرمائیے جس کا آپ نے
ہم سے اپنے پیغمبروں کی معرفت
وعدہ فرمایا ہے اور ہمیں قیامت

اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ	کے روز رُسوا نہ کیجئے یقیناً آپ
الْمِیْعَادَ ۝	وعدہ خلافی نہیں کرتے۔
(آلعمران : ۱۹۴)	

❁

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْلَنَا	اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان
وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ	لے آئے سو ہمیں بخش دیجئے اور
خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ ۝	ہم پر رحمت فرمائیے اور آپ
	سب رحم کرنے والوں سے بڑھ کر
(المومنون : ۱۰۹)	رحم کرنے والے ہیں۔

❁

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا	اے ہمارے پروردگار! ہم سے
عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ اِنَّ	جہنّم کے عذاب کو دُور رکھیئے۔
عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ۖ	کیونکہ اس کا عذاب پوری
(الفرقان : ۶۵)	تباہی ہے۔

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ
اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا
قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا
لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ۝

(الفرقان : ۷۴)

اے ہمارے پروردگار ہم کو
ہماری بیبیوں اور ہماری اولاد
کیطرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک
(یعنی راحت) عطا فرما اور ہمکو
متقیوں کا پیشوا بنا (یعنی اُن
میں ممتاز کردے)

❁

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا
الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ
وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا
غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا
رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ
رَّحِيْمٌ ۝

(الحشر - ۱۰)

اے ہمارے پروردگار! ہم کو بخش دے
اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو
ہم سے پہلے ایمان لاچکے ہیں اور ہمارے
دلوں میں ایمان والوں کیطرف سے
کینہ نہ ہونے دیجئے اے ہمارے رب
آپ بڑے شفیق و رحیم ہیں۔

الادعیۃ والتسبیحات

وَسِعَ رَبِّیْ كُلَّ شَیْءٍ عِلْمًا ط

(الانعام : ۸۱)

میرا پروردگار ہر چیز کو اپنے علم میں گھیرے ہوئے ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝

(ھود : ۴۱)

بالیقین میرا ربّ غفور ہے رحیم ہے

❁

مَا مِنْ دَآبَّةٍ اِلَّا هُوَ اٰخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝

جتنے رُوئے زمین پر چلنے والے ہیں سب کی چوٹی اُس نے پکڑ رکھی ہے یقیناً میرا ربّ صراطِ مستقیم پر (چلنے سے ملتا) ہے۔

(ھود : ۵۶)

❁

اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝

بالیقین میرا ربّ ہر شے کی نگہداشت کرتا ہے۔

(ھود : ۵۷)

❁

اِنَّ رَبِّيْ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۝

بے شک میرا ربّ قریب ہے (التجائیں) قبول کرنے والا ہے۔

(ہود : ۶۱)

اِنَّ رَبِّیْ	بیشک میرا ربّ
رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ ۝	بڑا مہربان بڑی محبّت
(ہود : ۹۰)	والا ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ	یقیناً میرا ربّ تمہارے
بِمَا تَعْمَلُوْنَ مُحِیْطٌ ۝	سب اعمال کو (اپنے علم میں)
(ہود : ۹۲)	احاطہ کیے ہوئے ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ	بلاشبہ میرا ربّ بڑی
غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ۝	مغفرت والا بڑی رحمت
(یوسف : ۵۳)	والا ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ لَطِیْفٌ	بلاشبہ میرا ربّ جو چاہتا ہے

لِّمَا يَشَآءُ ط اِنَّهٗ
هُوَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ٥

اسکی عمدہ تدبیر کرتا ہے بلاشبہ
وہ بڑے علم اور حکمت والا ہے

(یوسف : ۱۰۰)

❁

اِنَّ رَبِّيْ
لَسَمِيْعُ الدُّعَآءِ ٥

بے شک میرا ربّ
دُعا کا بڑا سُننے والا
ہے۔

(ابراہیم : ۳۹)

❁

وَكَانَ وَعْدُ
رَبِّيْ حَقًّا ۚ

اور میرے ربّ کا وعدہ
(ہمیشہ) سچّا ہُوا کرتا
ہے۔

(الکہف : ۹۸)

❁

لَا يَضِلُّ رَبِّيْ
وَلَا يَنْسٰى ۚ (طٰہٰ : ۵۲)

میرا ربّ نہ غلطی کرتا ہے اور
نہ ہی بھُولتا ہے۔

رَبِّیْ یَعْلَمُ الْقَوْلَ
فِی السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ
وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۝
(الانبیاء : ۴)

میرا ربّ ہر بات کو، (خواہ)
آسمان میں ہو اور (خواہ) زمین
میں، خوب جانتا ہے اور وہ
خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے

❁

اِنَّ مَعِیَ رَبِّیْ
سَیَھْدِیْنِ ۝
(الشعراء : ۶۲)

یقیناً میرے ساتھ میرا ربّ ہے،
وہ ضرور میری رہنمائی
فرمائے گا۔

❁

فَاِنَّ رَبِّیْ
غَنِیٌّ کَرِیْمٌ ۝
(النمل : ۴۰)

بلاشبہ میرا ربّ
غنی بھی ہے (اور) کریم
بھی۔

❁

اِنِّیْ مُهَاجِرٌ اِلٰی	(اور ابراہیم علیہ السلام نے فرمایا)
رَبِّیْ ؕ اِنَّهٗ هُوَ	میں اپنے پروردگار کیطرف
الْعَزِیْزُ	ہجرت کرنے والا ہوں۔ بیشک
الْحَكِیْمُ ۝	وہی سب پر غالب، بڑی
(العنکبوت : ۲۶)	حکمت والا ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ	میرا پروردگار جسکو چاہتا
الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَآءُ	ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور
وَ یَقْدِرُ	جس کو چاہتا ہے کم دیتا
(سبا : ۳۶)	ہے۔

❁

اِنَّ رَبِّیْ یَبْسُطُ الرِّزْقَ	بیشک میرا رب اپنے بندوں میں سے
لِمَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ	جسکو چاہے فراخ روزی دیتا ہے
وَ یَقْدِرُ لَهٗ ؕ (سبا : ۳۹)	اور جس کو چاہے، تنگی سے دیتا ہے

اِنَّ رَبِّیْ یَقْذِفُ	بیشک میرا ربّ حق کو
بِالْحَقِّ ج عَلَّامُ	(باطل پر) غالب کرتا ہے
الْغُیُوْبِ ۝	(اور) وہ سب غیبوں کو
(سبا : ۴۸)	جاننے والا ہے۔

❁

اِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ	(موسیٰ علیہ السلام نے دُعا کرتے
وَ رَبِّکُمْ مِّنْ	ہوئے کہا کہ)
کُلِّ مُتَکَبِّرٍ	میں اپنے اور تمہارے (یعنی
لَّا یُؤْمِنُ بِیَوْمِ	سب کے) پروردگار کی پناہ
الْحِسَابِ ۝	لیتا ہوں ہر غرور دماغ شخص (کے
	شر) سے جو روزِ حساب پر یقین
(المومن : ۲۷)	نہیں رکھتا۔

❁

۱۳۵

رِند بن کر ہی صِدّیق بنا
زوال سے گزر کر ہی کمال بنا
جِس نے زوال نہیں دیکھا
اُس نے کمال بھی نہیں دیکھا
مُحِبّ بن کر محبُوب بنا
معشوق بن کر ہی عاشق بنا
ورنہ کیونکر عِشق کی تاب لاتا!

اِبتلا سے گزر کر ربِّ کریم کے وہبی علوم کی عنایت کا مُقتدی بنا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۵۵

ہماری کمائی
منہیات ہی نے کھائی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین
واللهُ ذُو الفضلِ العظیم

اِعْلَمُوْٓا اَنَّمَا الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا

خوب جان لو کہ (آخرت کے مقابلے میں) دُنیوی حیات

لَعِبٌ وَّلَهْوٌ وَّ زِيْنَةٌ وَّ

محض لہو ولعب اور (ایک ظاہری) زینت اور

تَفَاخُرٌۢ بَيْنَكُمْ وَ تَكَاثُرٌ

باہم ایک دوسرے پر فخر کرنا اور

فِی الْاَمْوَالِ وَ الْاَوْلَادِ ط

اموال اور اولاد میں ایک دوسرے سے زیادہ تبلاتا ہے

کَمَثَلِ غَیْثٍ اَعْجَبَ الْکُفَّارَ

جیسے مینہ ہے کہ اسکی پیداوار کاشتکاروں کو

نَبَاتُہٗ ثُمَّ یَھِیْجُ فَتَرٰہُ مُصْفَرًّا

بھلی معلوم ہوتی ہے پھر وہ خشک ہوجاتی ہے سو اسکو تو زرد

ثُمَّ یَکُوْنُ حُطَامًا ط وَفِی الْاٰخِرَۃِ

دیکھتا ہے پھر وہ چورا چورا ہوجاتی ہے اور آخرت (کی کیفیت یہ ہے کہ

عَذَابٌ شَدِیْدٌ لا وَّمَغْفِرَۃٌ مِّنَ

اس) میں سخت عذاب ہے اور اللہ کی طرف سے

اللّٰہِ وَ رِضْوَانٌ ط وَمَا

مغفرت اور رضامندی ہے اور

الْحَیٰوۃُ الدُّنْیَآ اِلَّا

دُنیوی زندگی محض

مَتَاعُ الْغُرُوْرِ ۝

دھوکے کا اسباب ہے۔ (الحدید : ۲۰)

۱۱۲۵۶

بندہ شُکر نہیں کرتا

اور شُکر ہی اللّٰہ کو پسند ہے،

پسند ترین۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۵۷

جو ارادہ کیا ، ہُوا

نہ کیا ، نہ ہُوا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۱۳۵۸

تلخیص اقتباسات

لَا مَانِعَ لِمَا اَعطَیتَ

جو تُو دے، اس کو روکنے والا کوئی نہیں

وَلَا مُعطِیَ لِمَا مَنَعتَ

اور جو روک لے، اُسے دینے والا کوئی نہیں

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱ ص۹۶) یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فالله خیر الرازقین

وَاللهُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۳۵۹

تلخیص اقتباسات

وَحَتّٰی اَتَوَکَّلُ عَلَیْکَ
فِی الْاُمُوْرِ حُسْنَ الظَّنِّ بِکَ ط

اور حتّٰی کہ میں تجھ پر نیک گمان
کر کے تجھ پر ہی بھروسہ کروں

(کتاب العمل بالسنۃ جلد اوّل صفحہ ۱۰۱۶)

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۳۶۰

تم اپنی پیاری چیز کو تو دے نہیں سکتے،
ہم کیونکر اپنی پیاری چیز کو دے سکتے ہیں!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۳۶۱

ھادی رہنمائی فرماتے ہیں اور

مھدی — پیشوائی

نہ ہدایت کی انتہا، نہ پیشوائی کی

ھمہ وقت جاری

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۲۶۲

جب کوئی کسی "نہی" کو قطعی ترک
کر دیتا ہے، نام تک رہنے نہیں دیتا،
اس کی بجائے اللہ العلی العظیم اسے
بہترین "امر" عنایت فرما دیتے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۲۶۳

جنّت میں اِنعامات کی کوئی حد نہیں
اور دوزخ میں عذابات کی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۳۶

توحید اللہ کا وہ اَمرِ ربّی ہے جو کسی بھی
زمانے کی گردش میں کبھی نہیں بدلتا،
ازل و ابد تک مُستقیم رہتا ہے۔

توحید کا موّحد ہر حال کا
خندہ پیشانی سے اِستقبال
کیا کرتا ہے۔ حادثات اُسے
متغیّر نہیں کر سکتے، تخیّلات
اُس کو پا نہیں سکتے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّه خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ اَتُوْبُ اِلَیْکَ

یا اللہ تُو مجھے ایسا کردے کہ میں تیری طرف توبہ

تَوْبَۃً نَّصُوْحًا ط

کرتا رہوں، توبہ خاص

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۴ ص ۱۳۷)

۱۳۶۵ھ

مہاجر الی اللہ کی توبہ یکّی توبہ ہوتی ہے
اور ہجرت میں وطن بدل جاتا ہے، پڑوس
بدل جاتا ہے اور بولی بدل جاتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحی القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۳۶۶

نَوبۃ النّصُوح کی برکات سے

اِنعامات اور فتح ہائے عجُوبہ دُصول ہُوا

کرتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۶۷

تیری قَسم!

تُو ہی اوّل ، تُو ہی آخر ،
تو ہی ظاہر ، تُو ہی باطن ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۶۸

توبہ کا باب سدا کھلا رہتا ہے۔
جس نے جو کچھ بھی پایا،
توبہ ہی کی بدولت پایا

کسر تھی
اِکسیر بن گئی!

اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَ
یُحِبُّ الْمُتَطَہِّرِیْنَ ۝ (البقرہ: ۲۲۲)

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُکَ وَ

اے اللہ بے شک میں تجھ سے بخشش مانگتا ہوں اور

اَتُوۡبُ اِلَیۡکَ فَتُبۡ عَلَیَّ

تیری (بارگاہ کی) طرف رجوع کرتا ہوں پس میری توبہ قبول فرما

اِنَّکَ اَنۡتَ التَّوَّابُ الۡغَفُوۡرُ ۝

بے شک تو بہت توبہ قبول کرنے والا بخشنے والا ہے

(عن ابن عمرؓ - کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۳)

۱۱۳۶۹

یا ربِّ کریم

اِسے پڑھ کر بھولے نہ سمایا
تکیۂ کلام بنایا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۷۰

جو اپنے نفس کا عارف ہوا
وُہی رُوح کا ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۷۱

اللہ تعالےٰ بادشاہ ہیں۔
جو چاہتے ہیں، کرتے ہیں۔
علیّ العظیم ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

۱۱۳۷۲

بندہ کیا کچھ نہیں کرتا، مرے ہُوئے
بھائی کا گوشت کھاتا ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضل العظیم

اَللّٰھُمَّ لَا عَیْشَ اِلَّا عَیْشُ الْاٰخِرَۃِ ۝

اے اللہ نہیں ہے عیش مگر عیش آخرت کی

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ خندق کے دن انصار کہہ رہے تھے ہم نے حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم سے جہاد پر بیعت کی ہے اور جب تک زندہ رہیں گے لگاتار جہاد کرتے رہیں گے جس کے جواب میں حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا اللھم لاعیش ... الخ اور اے اللہ! تُو انصار و مہاجرین کا سربلند فرما

(صحیح بخاری، مسند احمد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۳۸/۹)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡتَغۡفِرُکَ لِمَا تُبۡتُ اِلَیۡکَ

اے اللہ میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے اُس گناہ کی جس سے میں نے توبہ

مِنۡہُ ثُمَّ عُدۡتُّ فِیۡہِ وَاَسۡتَغۡفِرُکَ لِمَآ

کی ہو اور پھر لوٹ کر اسکو کیا ہو اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے

اَعۡطَیۡتُکَ مِنۡ نَّفۡسِیۡ ثُمَّ لَمۡ اُوۡفِ لَکَ

اُس عہد کی جو میں نے تجھے اپنی طرف سے دیا ہو اور پھر اسکو وفا نہ کیا ہو

بِہٖ وَاَسۡتَغۡفِرُکَ لِلنِّعَمِ الَّتِیۡۤ اَنۡعَمۡتَ

اور معافی چاہتا ہوں تجھ سے اُن نعمتوں کے بارے میں جو تو نے مجھے انعام فرمائیں

بِھَا عَلَیَّ فَتَقَوَّیۡتُ بِھَا عَلٰی مَعَاصِیۡکَ

پس اُن سے میں نے قوت حاصل کی تیری نافرمانی پر

وَاَسۡتَغۡفِرُکَ لِکُلِّ خَیۡرٍ اَرَدۡتُّ بِہٖ

اور میں معافی چاہتا ہوں تجھ سے ہر اُس نیکی کے بارے میں کہ کرنا چاہا میں نے

وَجْهَكَ فَخَالَطَنِي فِيهِ

اسکو خالص تیرے لیے، پھر مل گئی اس میں وہ چیز

مَا لَيْسَ لَكَ، اَللّٰهُمَّ لَا

جو خالص تیرے لیے نہ تھی اے اللہ

تُخْزِنِي فَإِنَّكَ بِيْ عَالِمٌ

رُسوا نہ کرنا مجھے کیونکہ تُو تو مجھے جانتا ہے

وَّ لَا تُعَذِّبْنِي فَإِنَّكَ عَلَيَّ

اور نہ عذاب کرنا مجھے کیونکہ تُو مجھ پر

قَادِرٌ ۝

قادر ہے۔

حضرت عبداللہ ابنِ عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلے اللہ علیہ وسلم ہمیں بہت فرمایا

کرتے تھے کہ اے میرے صحابہؓ کی جماعت!
تمہیں کون سی چیز روکتی ہے کہ چند کلموں سے تمہارے
بہت گناہ معاف ہوجائیں؟ صحابہؓ نے عرض کیا
کہ وہ کلمات کیا ہیں؟ آپ صلے اللہ علیہ وسلّم نے
ارشاد فرمایا میرے بھائی خضر علیہ السلام کی کہی ہوئی
بات۔ ہم نے عرض کیا وہ کیا کہتے تھے؟
آپ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا وہ کہتے تھے:

اللّٰھم انی استغفرک.....الخ

(کنز العمال۔ کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۵۳)

۱۱۳۷۳

رَبّ کو راضی کرنے کی سبیل

فَاصْبِرْ عَلٰی مَا یَقُوْلُوْنَ

سو آپؐ اُن کی باتوں پر صبر کیجئے اور اپنے رب کی

وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ طُلُوْعِ

حمد کے ساتھ (اسکی) تسبیح کیجئے (اس میں نماز بھی آگئی) آفتاب

الشَّمْسِ وَقَبْلَ غُرُوْبِهَا ۚ وَمِنْ

نکلنے سے پہلے اور اس کے غروب سے پہلے اور اوقاتِ

اٰنَآئِ الَّیْلِ فَسَبِّحْ وَاَطْرَافَ النَّهَارِ

شب میں (بھی) تسبیح کیا کیجئے (مثلاً نمازِ مغرب و عشا) اور دن کے

لَعَلَّكَ تَرْضٰی ۝ (طٰہٰ - ۱۳۰)

اوّل و آخر میں تاکہ (آپ کو جو ثواب ملے) آپؐ (اس سے) خوش ہوں

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۳۷

قبر کی اِنتظار میں رہنا:

تَمَامُ الْعَافِيَةِ الدَّائِمِ ط

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ فِي الْمَوْتِ

اے اللہ برکت دے مجھے موت میں

وَفِيْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ ٥ خمس مرات

اور اُن چیزوں میں جو موت کے بعد ہیں ۵ بار

علّامہ سیّد محمد امین المعروف ابنِ عابدین، علّامہ سیوطی رحمۃ اللہ علیہ کی تثبیت سے نقل کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر روز پچیس بار کہے اللھو بارک..... الخ۔ پھر وہ اپنے بستر پر پڑا فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ اُسے شہید کا ثواب عطا فرماتے ہیں۔

ردّ المحتار (شامی) / کتاب العمل بالسنۃ جلد ۲ صـ۹۷

الَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ

(وُہی ہے) جس نے جو چیز بنائی، خوب بنائی اور انسان کی

خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلَ

پیدائش مٹی سے شروع کی پھر اسکی نسل کو

نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ۝

خلاصۂ اخلاط یعنی ایک بے قدر پانی سے بنایا۔

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ

پھر اس کے اعضاء درست کیے اور اس میں اپنی رُوح پھونکی

رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ

اور تم کو کان اور آنکھیں اور دل دیے (مگر)

وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝

تم لوگ بہت کم شکر کرتے ہو (گویا کرتے ہی نہیں)

(السجدۃ ۳۲ — ۷ تا ۹)

فَبَشِّرْ عِبَادِ ۝ الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ
الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ اَحْسَنَهٗ ط
(الزمر — ۱۷، ۱۸)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ	اے اللہ، بے شک میں
اَسْئَلُكَ التَّوْفِيْقَ	مانگتا ہوں آپ سے توفیق
لِمَحَابِّكَ مِنَ الْاَعْمَالِ	آپ کے پیارے عملوں کی،
وَصِدْقَ التَّوَكُّلِ	اور سچّا توکّل (بھروسہ)
عَلَيْكَ	آپ کی ذات پر،

وَحُسْنَ الظَّنِّ — اور اچھا گمان

بِکَ ۝ — آپ کے متعلق

عن ابوھریرۃؓ / کنز العمال / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱۰ ص ۹۲

۱۱۳۷۵

کشف الحدید

وَاَنْزَلْنَا الْحَدِیْدَ فِیْهِ

اور ہم نے لوہے کو پیدا کیا جس میں

بَاْسٌ شَدِیْدٌ

شدید ہیبت ہے

وَّمَنَافِعُ لِلنَّاسِ

اور (اس کے علاوہ) لوگوں کے اور بھی طرح طرح کے فائدے ہیں

وَلِيَعْلَمَ اللّٰهُ مَنْ يَّنْصُرُهٗ

اور اِس لیے (لوہا پیدا کیا) تاکہ اللہ جان لے کہ بن دیکھے

وَرُسُلَهٗ بِالْغَيْبِ ط

اُسکی اور اُس کے رسُولوں کی (یعنی دین کی) کون مدد کرتا ہے

اِنَّ اللّٰهَ

بے شک اللہ تعالےٰ

قَوِيٌّ عَزِيْزٌ ۝

قوی (و) زبردست ہے

(الحدید ـــ ۲۵)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۲۷۶

تیری محویّت کی مثال نہیں ملتی۔ تیرا نام
علاؤ الدّین ہے۔ تیرا نام ہی تیری
شان کا مظہر!
دیس بدیس پھری، تیرا کوئی ہم پایہ نہ ملا۔
ہے ہی نہیں!

عرب دیکھا نہ عجم ـــــ ہُو کی رکاب تیرے ہی
من میں رہی۔ کائناتِ عالم نے تاریخ میں
ایسے حال کو دیکھ کر لبیک کہا

رُوح دمبدم نکھرتی، شاہد و مشہُود
بن کر پاسبان رہی

کلیر ایک خونخوار درندوں کا جنگل تھا اور ہندوؤں کی گنگا دیوی کے میلوں میں پھیلے ہوئے تیرتھ کا ایک محلّہ۔ صابریؒ جلال کی تاب نہ لاتے ہوئے کھنڈرات بن گیا۔ وصال کے بعد درندے ہی قبر شریف کے مجاور رہے لیکن انہیں بھی قبر شریف کے احاطے میں قدم رکھنے کی جرأت نہ ہوئی حتیٰ کہ عبدالقدّوس گنگوہیؒ کی قسمت جاگی اور یہ فیض اُنہیں نصیب ہُوا۔

جب عبدالقدّوس گنگوہیؒ قبر شریف کے نزدیک پہنچے، ایک کڑک نکلی۔ عبدالقدوسؒ نے بلند آواز سے کہا "شکر گنج" کڑک دب گئی۔ پھر کڑک نکلی آپ نے پھر ندا کی "شکر گنج"..... کئی بار ایسے ہُوا حتیٰ کہ آپؒ کامیاب ہو گئے۔

فرمایا : آپ کی تجلّی کا وار خالی نہیں جا سکتا ،
عبدالقدوسؒ حاضر ہے۔ یہ کہکر آپ نے بازو پر سے
آستین دراز کی۔ بجلی آستین پر گری ، آستین کٹ گئی اور
بجلی ہمیشہ کے لیے تھم گئی۔

چنانچہ ان کے خاندان میں ایک آستین کی چھوٹائی کا اِمتیازی
نشان برقرار رہا۔

ان کے بعد " علاؤ الدّین " رائج ہوا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۷

اِنسان چند گھنٹے تک محویّت کے عالم میں
کھڑا رہ سکتا ہے۔ اِتنی طویل مُدّت

ہو اچھانک کر محبّت کی جوت جگاتے رہے، کبھی نہ ڈگمگائے۔
محبوب سامنے تھا، پھر کیوں کر گھبراتے ؟ فریدیؒ
قندیل مچ اُٹھی۔ روشن ہوئی۔ ہر عالم کو جگمگانے لگی

یہی تو ایک تذکرہ ہے جو سرمدی
صوت میں گونجتا رہتا ہے۔ !
اُن کی محبّت کا ایک قطرہ
ہم خاک نشینوں کو بھی عنایت ہو!

اگر یہ شراباً طہوراتھی، اور ہے ،
بچی کھچی تچھٹ ہمیں بھی نصیب فرما۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۷۸

تیرے کرم ہی سے بندہ یکسو ہو سکتا ہے یا اکرم الاکرمین !
یکسوئی ——— رُوح کی معراج

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۷۹

کبیر صاحب تانی تن رہے تھے ، بولے :
" کمالیا ! کچھ بھول آئے۔ جاکر لاؤ۔ "
جانے لگا۔ کچھ سر پہ تھا۔ آجاؤ آگیا۔
ہاں میں ہاں ملانا ایک ادب تھا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۸۰

فَاسْتَجَابَ لَهُمْ رَبُّهُمْ

پس قبول کیا واسطے اُن کے ربّ اُن کے نے

اَنِّیْ لَآ اُضِیْعُ عَمَلَ عَامِلٍ

یہ کہ میں ضائع نہیں کروں گا عمل کسی عمل کرنے والے کا

مِّنْكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ

تم میں سے ، مرد سے یا

اُنْثٰی ج (آل عمران : ۱۹۵)

عورت سے

ف : جس نے بھی جو کمائی کی ،

رائیگاں نہیں گئی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

قُلْ يٰعِبَادِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا

آپؐ (مومنوں کو میری طرف سے) فرما دیجئے کہ اے میرے ایمان والے بندو! تم

رَبَّكُمْ لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ

اپنے پروردگار سے ڈرتے رہو۔ جو لوگ اِس دُنیا میں نیکی کرتے ہیں اُن

الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ۭ وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ۭ

کے لیے نیک صِلہ ہے اور اللہ کی زمین فراخ ہے۔

اِنَّمَا يُوَفَّى الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ

مُتقل مزاج والوں کو اُن کا صِلہ بے شمار ہی

بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝

ملے گا۔

(الزمر ——— ۱۰)

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِکَافٍ عَبْدَہٗ ط

کیا اللہ تعالےٰ اپنے بندۂ خاص (حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلّم کی حفاظت) کے لیے کافی نہیں ؟

(الزمر ——— ۳۶)

اَلَیْسَ اللّٰہُ بِعَزِیْزٍ ذِی انْتِقَامٍ ہ

کیا اللہ تعالیٰ زبردست انتقام لینے والا نہیں ہے ؟

(الزمر ——— ۳۷)

يَتَسَآءَلُوْنَ ۙ عَنِ الْمُجْرِمِيْنَ ۙ

(اہلِ جنّت) مجرموں سے (یعنی کفّار سے) پوچھیں گے کہ

مَا سَلَكَكُمْ فِيْ سَقَرَ ۝

تم کو دوزخ میں کس بات نے داخل کیا ؟ وہ

قَالُوْا لَمْ نَكُ مِنَ

کہیں گے ہم نہ تو نماز پڑھا کرتے تھے اور

الْمُصَلِّيْنَ ۙ وَلَمْ نَكُ

نہ غریب کو (جس کا حق واجب تھا)

نُطْعِمُ الْمِسْكِيْنَ ۙ

کھانا کھلایا کرتے تھے

وَكُنَّا نَخُوضُ مَعَ الْخَائِضِينَ ۝

اور مشغلہ میں رہنے والوں کے ساتھ ہم بھی (اس) مشغلہ میں

وَكُنَّا نُكَذِّبُ بِيَوْمِ

رہا کرتے تھے اور ہم قیامت کے دِن کو جُھٹلایا کرتے تھے

الدِّينِ ۝

(مانتے نہ تھے)

(المدثر ——— ۴۵ تا ۴۶)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ

اے اللہ میں تیری پناہ لیتا ہوں فِکر سے

وَالْحُزْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْعَجْزِ

اور غم سے اور تیری پناہ لیتا ہوں درماندگی سے

وَالْكَسَلِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْجُبْنِ

اور کاہلی سے اور تیری پناہ لیتا ہوں بُخل سے اور بزدلی سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَ

اور تیری پناہ لیتا ہوں قرض کے زیر بار ہونے سے اور

قَهْرِ الرِّجَالِ ۝

لوگوں کے دباؤ سے

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم ایک روز مسجد میں تشریف لائے ایک انصار کو بیٹھے دیکھا جس کا نام ابو امامہ تھا۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اے ابو امامہؓ! کیا سبب ہے کہ میں تمہیں مسجد میں بیٹھا ہوا پاتا ہوں حالانکہ نماز کا وقت نہیں؟ ابو امامہؓ نے عرض کیا یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم! مجھے پریشانیوں اور قرضوں نے گھیر رکھا ہے۔ آپ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا میں تمہیں چند کلمے نہ بتاؤں اگر تم انہیں کہو تو اللہ تمہارے غم دور کر دے؟ وہ بولے کیوں نہیں یارسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم!

آپ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا صبح و شام یہ کہا کرو :

اللھم انی ..... الخ

ابُو امامہؓ کہتے ہیں مَیں نے اِس دُعا کو پڑھنا شروع کیا،
اللہ جل جلالہٗ نے میرا غم دُور کر دیا اور میرا قرض ادا کر دیا۔

(سنن ابی داؤد / کتاب العلم بالسنۃ ج ۲ ص ۱۷)

❋

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡھَمِّ

اے اللہ مَیں پناہ لیتا ہوں تیری، فکر سے

وَالۡحُزۡنِ وَالۡعَجۡزِ وَالۡکَسَلِ

اور غم سے اور درماندگی سے اور سُستی سے

وَالۡبُخۡلِ وَالۡجُبۡنِ وَضَلَعِ الدَّیۡنِ

اور بخُل سے اور بُزدلی سے اور قرض کے زیرِ بار ہونے سے

وَغَلَبَۃِ الرِّجَالِ ۝

اور لوگوں کے دباؤ سے۔

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم نے حضرت ابُوطلحہ رضی اللہ عنہٗ سے فرمایا میرے واسطے اپنے بچّوں میں سے کوئی بچّہ لا جو میری خدمت کرے۔ حضرت ابُوطلحہ مجھے اپنے پیچھے بٹھا کر لے گئے۔

پھر جہاں آپ صلّے اللہ علیہ وسلّم تشریف لے جاتے میں آپ صلّے اللہ علیہ وسلّم کی خدمت کیا کرتا تھا۔ میں سُنتا تھا کہ آپؐ اکثر یہ دُعا فرماتے تھے

اللھم انی ..... الخ

میں ہمیشہ آپؐ کی خدمت کرتا تھا۔ جب کہ ہم جنگِ خیبر سے لوٹے اور آپؐ حضرت صفیہؓ بنتِ حیّ کو لائے جنہیں آپؐ نے مالِ غنیمت میں سے اپنے واسطے پسند فرمالیا تھا۔ میں دیکھ رہا تھا کہ آپؐ حضرت صفیہ رضی اللہ عنہا کے واسطے اپنے پیچھے چادر

وغیرہ تان رہے تھے پھر اُنہیں اپنے پیچھے بٹھا لیا۔ جب ہم مقامِ صہبا میں پہنچے تو آپؐ نے ملیدہ بنا کر دسترخوان چرمی پر رکھا اور مجھے لوگوں کے بُلانے کو بھیجا۔ مَیں اُنہیں بُلا لایا۔ اور اُن سب نے کھانا کھایا اور یہی حضرت صفیہؓ کا ولیمہ تھا۔ پھر آپؐ روانہ ہُوئے۔ جب کوہِ اُحد پر نظر پڑی تو فرمایا یہ پہاڑ ہمیں چاہتا ہے اور ہم اِسکو چاہتے ہیں۔ پھر جب آپ صلّی اللہ علیہ وسلّم مدینہ کے قریب آئے، فرمایا اے اللہ!

میں مدینہ کو جس قدر اس کے دو پہاڑوں کے بیچ میں ہے، حرم بناتا ہوں جیسے حضرت ابراہیم علیہ السّلام نے مکّہ کو حرم بنایا۔ اے اللہ!

ان کے مُدّ اور صَاع (یہ پیمانوں کے نام ہیں) میں برکت دے۔

(صحیح البخاری / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۲)

اَسْئَلُکَ بِاسْمِکَ الْاَعْلٰی

مَیں تجھ سے تیرے اُونچے عزّت والے نام کا

الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَکْرَمُ ۝

واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ ایک آدمی نے عرض کیا اے اللہ کے رسول صلّے اللہ علیہ وسلّم! کیا کوئی ایسی دُعا ہے جو ردّ نہ ہو؟ آپ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا ہاں تُو کہہ اسئلک باسمک ..... الخ

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱۰ ص ۱۰۴)

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ

میرے خاص بندوں پر تیرا ذرا

عَلَیْهِمْ سُلْطٰنٌ ط

قابو نہ چلے گا

وَکَفٰی بِرَبِّکَ وَکِیْلًا ۝

اور آپ کا رب کافی کارساز ہے

(بنی اسرائیل : ۶۵)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

فَلَمَّاۤ اَتٰىهَا	سو جب اُس (آگ) کے
	پاس پہنچے تو
نُوۡدِیَ یٰمُوۡسٰی ۝	(انکو منجانب اللہ) آواز دی گئی
	اے موسیٰؑ!
اِنِّیۡۤ اَنَا رَبُّكَ	میں تیرا ربّ ہوں
فَاخۡلَعۡ نَعۡلَیۡكَ ۚ	پس تم اپنی جوتیاں اُتار ڈالو
اِنَّكَ بِالۡوَادِ	(کیونکہ) تم ایک پاک میدان
الۡمُقَدَّسِ	یعنی "طُوٰی" میں ہو
طُوًی ۝	(یہ اُس وادی کا نام ہے
	جہاں حضرت موسیٰؑ کلیم اللہ
(طٰہٰ : ۱۱، ۱۲)	اپنے رب سے پہلی مرتبہ ہم کلام
	ہوئے)

۱۱۳۸۱

اِس آیتِ کریمہ کو اِس طرح پڑھو!

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ : (الحدید: ۴)

(اور وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے خواہ تم لوگ کہیں بھی ہو)

ف : تیرے تن و من میں اُس ہی کا بسیرا ہے۔
اَفعال و حرکات اُسی کے حُکم کے تابع ہوں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اِحسان کیا ہے ؟

اَنْ تَعْبُدَ اللّٰہَ — تُو اللہ کی اِس طرح بندگی کرے
کَاَنَّکَ تَرَاہُ — کہ تُو اُسکو دیکھ رہا ہے

فَاِنْ لَّمْ تَکُنْ تَرَاہُ — اگر تُو اسے نہیں دیکھ سکتا
فَاِنَّہٗ یَرٰکَ — پس وُہ تجھے دیکھتا ہے

(مشکوٰۃ شریف کتاب الایمان عن عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ)

اُنْظُرْ	آپ دیکھ لیجئے
كَيْفَ فَضَّلْنَا	ہم نے کس طرح فوقیت دی ہے
بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ	ایک کو دوسرے پر
وَلَلْاٰخِرَةُ	اور البتہ آخرت
اَكْبَرُ دَرَجٰتٍ	درجوں کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے
وَّاَكْبَرُ تَفْضِيْلًا ۝	اور فضیلت کے اعتبار سے بھی بہت بڑی ہے۔

(بنی اسرائیل : ۲۱)

وَيَزِيْدُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اهْتَدَوْا

اور اللہ تعالےٰ ہدایت والوں کو

هُدًى ط وَالْبٰقِيٰتُ الصّٰلِحٰتُ

ہدایت بڑھاتا ہے اور جو نیک کام ہمیشہ کے لیے باقی رہنے والے ہیں

خَيْرٌ عِنْدَ رَبِّكَ ثَوَابًا

وہ تمہارے رب کے نزدیک ثواب میں بھی بہتر ہیں

وَّخَيْرٌ مَّرَدًّا ۝

اور انجام میں بھی بہتر ہیں۔

(مریم ——— ۷۶)

۱۱۳۸۲

قرآن ۔ کریم ہے

ہدایتؑ کا منبع

ہر معمّے کا حلؑ

ہر منزلؑ کا ہادیؑ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۸۳

غذا کوئی بھی ہو،
قوّت کا مُوجب ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ ط

اے اللہ دُور کر مجھ سے فکر اور غم

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۵۶)

اِنَّکَ	یقیناً تُو
رَحِیْمٌ وَّدُوْدٌ	بہت مہربان بہت محبت کرنیوالا ہے
وَاِنَّکَ	اور بے شک تُو
تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ۝	کر ڈالتا ہے جس کا تُو
	اِرادہ کرتا ہے۔

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۱ صـ ۱۰۳۵)

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ۝

بخشش مانگتا ہوں میں اللہ عظمت والے سے اور اُسی کی طرف رجوع کرتا ہوں

حضرت ابنِ عبّاس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

کہ مجھے جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا

جو شخص کہے سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ سُبْحَانَ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ ط

تو اُس کے لیے لکھا جاتا ہے جیسے اُس نے کہا۔ پھر عرش کے ساتھ لٹکا دیا جاتا ہے تو یہ کہنے والا جو گناہ کرے وہ اسے نہیں مٹاتا تا آنکہ وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے مُلاقات کرے گا (اور) جیسا اُس نے کہا، وہ اسی طرح مُہر کیا ہُوا ہوگا۔

(تحفۃ الذاکرین / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۸۳)

۱۱۳۸۴

میرے آقا رُوحی فداہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اِرشاداتِ گرامی
کی تعمیل طالب کو مسرُور کر دیتی ہے اور مخمُور ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۳۸۵

"باطن باطن" کہتے ہو، جانتے بھی ہو باطن
کسے کہتے ہیں ؟
باطن ——— جیسے میری ماں کی گھگھری۔
نہ کوئی کھول سکتا ہے نہ دِکھا

کھولنے والا تعزّیں کا مُرتکب ، یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذُوالفضلِ العظیم

وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ مِنْ

اور ہم نے انسان کو مٹی

سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ۝ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ

کے خلاصہ (یعنی غذا) سے بنایا پھر ہم نے اس کو

نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ۝ ثُمَّ

نُطفہ سے بنایا جو کہ (ایک مدّتِ معیّنہ تک) ایک محفوظ مقام (یعنی رحم) میں

خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا

رہا پھر ہم نے اس نُطفہ کو خون کا لوتھڑا بنایا پھر ہم نے

الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا

اس خون کے لوتھڑے کو (گوشت کی) بوٹی بنا دیا پھر ہم نے

الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ

اس بوٹی (کے بعض اجزا) کو ہڈیاں بنا دیا پھر ہم نے اُن ہڈیوں پر

لَحْمًا ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا

گوشت چڑھا دیا پھر ہم نے (اُس میں رُوح ڈال کر) اُسکو ایک دُوسری ہی طرح

اٰخَرَ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ

کی) مخلوق بنا دیا۔ سو کیسی بڑی شان ہے اللہ کی

اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ۝

جو تمام صنّاعوں سے بڑھ کر ہے!

(المومنون — ۱۲ تا ۱۴)

اِنَّ الَّذِیْنَ	بے شک جو لوگ
یَخْشَوْنَ رَبَّھُمْ	اپنے پروردگار سے ڈرتے ہیں
بِالْغَیْبِ	بن دیکھے،
لَھُمْ مَّغْفِرَۃٌ	اُن کے لیے مغفرت ہے
وَّاَجْرٌ کَبِیْرٌ	اور اجرِ عظیم۔

(الملک — ۱۲)

وَاذْكُرِ اسْمَ رَبِّكَ وَتَبَتَّلْ إِلَيْهِ تَبْتِيلًا

(المزمّل — ۸)

اور اپنے ربّ کے نام کا ذِکر کرتے رہو

اور

سب سے مُنقطع ہو کر

اُسی کی طرف متوجّہ رہو!

صَلٰوتُ اللّٰہِ عَلٰی آدَمَ

حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ سے روایت ہے
کہ جو شخص ہر روز تین بار کہے ...

صَلٰوتُ اللّٰہِ عَلٰی آدَمَ

تو اللہ تعالیٰ اس کے گناہ بخش دیتا ہے
خواہ وہ سمندر کے جھاگ کے مثل ہوں
اور وہ شخص جنّت میں حضرت آدم علیہ السّلام
کی رفاقت میں ہوگا۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۴۵)

۱۱۳۸۶

مکشوفات و مراقبات باطنی علوم نہیں، رُوح کی
صباحت کے انوارات ہوتے ہیں اور
باطنی علم ہم جانتے نہیں! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۸۷

مکّی کے پودے کی کیا میعاد ہوتی ہے اور کھجور کا پودا
سال ہا سال میں پروان چڑھتا ہے۔

*

کھجور عرب کی متاع ہے۔ میرے آقا روحی فداہ
صلے اللہ علیہ وسلّم کی محبوب ترین غذا۔
امراض کا نشان تک نہیں ہوتا!

سراسر قوّت و شفا کا موجب

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۸۸

کھجور کی گٹھلی ——— لاعلاج امراض کی شفاء

*

بہترین کھجور عرب کی پیداوار ہے۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۸۹

توکّل، اللہ کا وہ

رِزق ہوتا ہے جہاں کہیں

سے بھی آنے کی اُمید نہ ہو۔

یہی توکّل کی

آبرُو ہوتی ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ فَضۡلِکَ وَ

اے اللہ میں تجھ سے تیرا فضل اور

رَحۡمَتِکَ فَاِنَّہٗ لَا یَمۡلِکُھَا اِلَّا اَنۡتَ ۝

تیری رحمت چاہتا ہوں کیونکہ تیرے سوا کوئی بھی ان کا مالک نہیں

(رواہ الطبرانی عن ابن مسعود رضؓ / الحصن الحصین / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۲۷)

۱۱۳۹۰

جب تُم مان جاؤ گے
وُہ بھی مان جائیں گے
کسی اور طرح کبھی نہیں مانتے !

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضۡلِ العَظِیۡم

۱۱۳۹۱

غیبت تبلیغ کی ضد ہے،
بند نہ کی تو کیا کیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۲

تُو حَلِیم ہے
تُو کَرِیم ہے
اوّل
تُو ہی عَلِیُّ العَظِیم ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۳

اگر آتے ہی مان جاتا
کوئی کیف نہ ہوتا
کوئی قدر نہ ہوتی

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۴

تیرے فضل و رحمت کا تذکرہ، مومن کے
ایمان کی جان ہوتا ہے، یا حیّ یا قیوم

پھر خُمرے کیوں خاموش ہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۵

حضرت عُمر بن خطاب رضی اللہ عنہٗ نے دس سال
میں سورۃ اَلبقرہ پڑھی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۶

کوئی روزی کی تلاش میں نکلا ہے،
کوئی دین کی!
احسن دنیا احسن آخرت
ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۷

تیرے لیے وُہ عمل نافع ہے جو خود کرتے ہو۔
کِسی کی کمائی کرنے والے ہی کو راس آئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۸

تیرا حال دیکھ کر فضل و رحمت کو
ترس آیا۔ کیا یہ بہترین حال نہیں؟

اَلحمد لِلّٰہ و بارک اللہ

اَلحَمدُ لِلّٰہِ حَمدًا کَثِیرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا فِیہِ
کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَ یَرضٰی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۳۹۹

قرآن کریم ـــــ عجائبات کا شہود

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۰

کسی بھی مذہب کا کوئی دانشور
قرآنِ کریم کا مُنکر نہیں

*

صرف قرآنِ کریم ہی نے دُنیا کو سیدھا راستہ بتایا

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۱

وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ

جبکہ تُو حاضر ہے، ناظر ہے اور میرے اپنے ہی اندر موجود ہے، پھر کسی کی فردیّت سے کچھ طلب کرنا کُفر بھی ہے، شرک بھی اور بدعتِ خلقی بھی

*

اور یہ رموزِ الٰہی کی وہ باتیں ہیں جو عام فہم سے بالا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۲

اللہ کا رمز آشنا ہونا بڑی سعادت ہے، بڑی ہی سعادت ہے۔ اِسکو اپنانا ہر مومن

مرد کا شعار۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۳

غیریّت، احدیّت کی ضد ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۴

خود ہی وکالت فرماتے ہیں، خود ہی کفالت۔

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۵

بندہ اپنی کتاب کو پڑھ کر شرمندہ ہُوا اور کھسیانہ۔

بڑا ہی کھسیانہ۔ یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۶

حروفِ قدس

صالحیّت کے زُمرہ میں جو بھی داخل ہُوا،
نفس کو لتاڑ کر ہُوا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰۷

مُتّقی کو تقوے پر ناز ہوتا ہے،
گُنہ گار کو تیری رحمت پر۔
جب بھی پُکارا، ہو کر رہی۔
ذرا بھی دیر نہ لگائی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنَّا نَسْئَلُکَ	ہم تجھ سے مانگتے ہیں
مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ	تیری رحمت کے اسباب،
وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ	اور تیری مغفرت کے سامان،
وَالسَّلَامَةَ	اور سلامت رہنا
مِنْ کُلِّ اِثْمٍ	ہر گناہ سے،
وَّالْغَنِیْمَةَ	اور غنیمت جاننا
مِنْ کُلِّ بِرٍّ	ہر نیکی کو،
وَّالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ	اور پالینا جنّت کا،
وَالنَّجَاةَ بِعَوْنِکَ	اور بچ جانا تیری مدد کیساتھ
مِنَ النَّارِ ۝	دوزخ سے !

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت

ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اپنی دعا میں
یہ پڑھا کرتے تھے۔ اللھم انا نسئلک ..... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۷۹)

اَللّٰھُمَّ	اے اللہ !
اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ	میں تجھ سے سوال کرتا ہوں
عَیۡشَۃً نَقِیَّۃً	پاکیزہ زندگی کا
وَّ مِیۡتَۃً سَوِیَّۃً	اور راستی والی موت کا
وَّ مَرَدًّا	اور ایسی زندگی کی طرف
غَیۡرَ مُخۡزٍ	لوٹنے کا
وَّلَا فَاضِحٍ	جس میں رسوائی نہ ہو
	اور فضیحت نہ ہو !

(رواہ ابن عمرؓ - مجمع الزوائد / کتاب العلم بالسنۃ ج ۱ ص ۸۲)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ فَقَوِّ

اے اللہ میں کمزور ہوں پس تُو قوت عطا فرما

فِیْ رِضَاکَ ضُعْفِیْ وَخُذْلِیْ

اپنی رضا کے حصول کی خاطر میری کمزوری کو اور پکڑ کر لے جا بھلائی

الْخَیْرَ بِنَاصِیَتِیْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ

کی طرف مجھے چوٹی سے اور بنا دے اِسلام کو

مُنْتَھٰی رِضَائِیْ ط اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ ضَعِیْفٌ

میری پسند کی انتہا اے اللہ میں کمزور ہوں

فَقَوِّنِیْ وَاِنِّیْ ذَلِیْلٌ فَاَعِزَّنِیْ

مجھے قوّت دے اور میں ذِلّت میں ہوں مجھے عِزّت دے

وَاِنِّیْ فَقِیْرٌ فَارْزُقْنِیْ ۝

اور میں محتاج ہوں مجھے رزق دے۔

حضرت بُریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ
جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے مجھے فرمایا کہ
اِن کلمات کے ساتھ دُعا مانگا کرو۔ اللّٰھم انی .... الخ

(المستدرک للحاکم / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۸۳)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ بَطْنٍ

اے اللہ میں تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے پیٹ سے

لَّا یَشْبَعُ وَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ

جو سیر نہ ہو اور تیری پناہ مانگتا ہوں

صَلٰوۃٍ لَّا تَنْفَعُ وَ

ایسی نماز سے جو نفع نہ دے اور

اَعُوْذُبِكَ مِنْ دُعَآءٍ لَّا يُسْمَعُ

تیری پناہ مانگتا ہوں ایسی دُعا سے جو سُنی نہ جائے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ قَلْبٍ

اور تیری پناہ مانگتا ہوں ایسے دِل سے

لَّا يَخْشَعُ ۝

جو تیری طرف نہ جُھکے!

(رواہ احمد وابن منصور عن انس رضی اللہ عنہ کنز العمال کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۹۰)

اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ قُدْرَتِكَ

اے اللہ، عافیت بخش مجھے اپنی قُدرت میں

وَاَدْخِلْنِیْ	اور مجھے داخل فرما
فِیْ رَحْمَتِكَ	اپنی رحمت میں
وَاقْضِ اَجَلِیْ	اور پوری کر میری عُمر
فِیْ طَاعَتِكَ	اپنی فرمانبرداری میں
وَاخْتِمْ لِیْ	اور خاتمہ فرما میرا
بِخَیْرِ عَمَلِیْ	میرے اچھے عملوں کے ساتھ

وَاجْعَلْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ ۝

اور کر ثواب اس کا جنّت

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۹۱)

حضرت سیدنا آدم علیہ السلام کی دُعاء

اَللّٰھُمَّ اِنَّکَ تَعْلَمُ سَرِیْرَتِیْ وَ

اے اللہ بے شک تُو میرے دِل کی بات کو اور

عَلَانِیَتِیْ فَاقْبَلْ مَعْذِرَتِیْ

ظاہر کو جانتا ہے پس میرے عُذر کو قبول فرما

وَ تَعْلَمُ حَاجَتِیْ فَاَعْطِنِیْ

اور تُو جانتا ہے میری حاجت کو، پس میرا سوال عطا کر

سُؤْلِیْ وَ تَعْلَمُ مَا فِیْ نَفْسِیْ

اور تُو میرے جی کی بات جانتا ہے پس میرے

فَاغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ ط ۝

گناہوں کو بخش دے!

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ اِیۡمَانًا

اے اللہ میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ایسے ایمان کا

یُّبَاشِرُ قَلۡبِیۡ وَ یَقِیۡنًا صَادِقًا

جو میرے دل میں جاگزین ہو جائے اور سچّے یقین کا

حَتّٰی اَعۡلَمُ اَنَّہٗ لَا یُصِیۡبُنِیۡۤ

یہانتک کہ میں جان لوں کہ نہ پہنچے گا مجھے مگر

اِلَّا مَا کَتَبۡتَ لِیۡ وَ رِضًا بِمَا

وہ جو تُو نے میرے لیے لکھایا ہے اور راضی رہوں اُس پر

قَسَمۡتَ لِیۡ ۝

جو تُو نے میرے لیے مُقدّر فرمایا ہے

اُمّ المؤمنین حضرت عائشہ صدّیقہ رضی اللہ عنہا سے
روایت ہے کہ اُن سے حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم

نے ذِکر فرمایا کہ جب اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السّلام کو زمین پر اُتارا تو اُنہوں نے قیام کیا اور کعبہ کو آئے پھر دو رکعت نماز (نفل) ادا کی تو اللہ تعالیٰ نے یہ دُعا اُن کو اِلہام کی اللّٰھم انک .....الخ حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم نے (مزید) فرمایا کہ اس کے بعد حضرت آدم علیہ السّلام کی طرف اللہ تعالیٰ نے وحی کی کہ اے آدمؑ! میں نے تیری توبہ قبول کر لی اور تیری لغزش کو معاف کر دیا اور ہرگز دُعا نہیں کرے گا کوئی میری بارگاہ میں اِس دُعا کے ساتھ مگر یہ کہ میں اُسکے گناہ کو بخش دُوں گا اور اُس کے مُشکل اُمور کی کفایت کروں گا اور شیطان کو اُس سے بھگا دوں گا اور ہر تاجر سے بڑھ کر اُسے فائدہ دوں گا اور دُنیا اُس کے سامنے ذلیل کر کے لاؤں گا خواہ وہ نہ چاہتا ہو۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد/ کتاب العلم بالسنۃ۔ ج ۱ ص ۱۱۵/۶)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ تَوۡفِیۡقَ

اے اللہ میں مانگتا ہوں تجھ سے توفیق

اَھۡلِ الۡھُدٰی وَاَعۡمَالَ اَھۡلِ الۡیَقِیۡنِ

اہلِ ہدایت کی سی اور اعمال اہلِ یقین کے سے

وَمُنَاصَحَۃَ اَھۡلِ التَّوۡبَۃِ وَ

اور اخلاص اہلِ توبہ کا سا اور

عَزۡمَ اَھۡلِ الصَّبۡرِ وَجِدَّ اَھۡلِ الۡخَشۡیَۃِ

ہمت اہلِ صبر کی سی اور کوشش اہلِ خوف کی سی

وَطَلَبَ اَھۡلِ الرَّغۡبَۃِ وَتَعَبُّدَ اَھۡلِ الۡوَرَعِ

اور طلب اہلِ شوق کی سی اور عبادت اہلِ تقویٰ کی سی

وَعِرۡفَانَ اَھۡلِ الۡعِلۡمِ حَتّٰی اَلۡقَاکَ

یہاں تک کہ میں ملوں تجھ سے!

(الحزب الاعظم لملا علی قاریؒ / کتاب العلم بالسنۃ ج ۴ ص ۱۵۷)

۱۴۰۸ھ

یہ چیزیں اُس وقت کارآمد ہوں گی
جب اِن پر عمل درآمد ہوگا!

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۴۰۹ھ

مُعزّز خواتین سے التماس:

یہ جنگل ہے۔
ہر قسم کے راہی کی گزرگاہ۔
راستے میں نہ رُکیں۔
دُعا کی ۔ اور جائیں۔

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۴۱۰

یَا فَعَّالٌ لِّمَا یُرِیْدُ ۝

اے کر ڈالنے والے اُس چیز کے

جس کا اِرادہ کرے۔

وَاِنَّکَ تَفْعَلُ مَا تُرِیْدُ ۝

اور بیشک تُو کر ڈالتا ہے

جس کا تُو اِرادہ کرتا ہے۔

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۝

اور اللہ تعالیٰ ہر چیز پر قادر ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۴۱

مُبالغہ میں حقیقت نہیں ہوتی !
بڑھا چڑھا کر بیان کرنے سے
مضمون کی حقانیّت فوت ہو جاتی ہے۔
اِسی طرح شخصیّت ۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۲

اے دِلوں کو تسکین بخشنے والے ،
ذاتِ قُدس کی "سکینہ" پہ بَل بَل جاؤں
اور سجدہ ریز رہوں !

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۴۱۳

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ - اَلقائے کریمانہ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الصِّحَّۃَ

اے اللہ ! میں مانگتا ہوں تجھ سے صحت

وَالْعِفَّةَ وَالْاَمَانَةَ وَحُسْنَ الْخُلُقِ ۷

اور پاکدامنی اور امانت داری اور حُسنِ اخلاق

وَالرِّضٰی بِالْقَدَرِ ۵

اور راضی رہنا تقدیر پر !

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم فرمایا کرتے تھے

اللّٰھم انی اسئلک ..... الخ

مشکوٰۃ المصابیح /

(کتاب العمل بالسنۃ جلد ۴ صفحہ ۳۴)

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۴۱۴

جُملہ اطراف و جوانب سے کلیتاً بیگانہ
ہو کر نماز کی نیّت باندھ،

نمازِ قائم ہوئی!

مَا شَآءَ اللّٰہُ بِرَحْمَتِکَ وَبَرَکَاتِکَ ط

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۱۵

خیانت سے دُور
شوقِ القاء سے مسرُور

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ قَدْ وَھَبْتُ نَفْسِیْ وَ

اے اللہ! میں نے پیش کر دیا اپنے نفس کو اور

عِرْضِیْ لَکَ فَلَا یَشْتِمْ مَنْ شَتَمَہٗ

عزت کو تجھ پر نہ گالی دے اُسکو جو اِسے گالی دے اور نہ ظلم کرے

وَلَا یَظْلِمْ مَنْ ظَلَمَہٗ وَلَا یَضْرِبْ

اُس پر جو اِس پر ظلم کرے اور نہ مارے اُسے جو اِس کو

مَنْ ضَرَبَہٗ ۝

مارے!

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی عاجز ہے کہ وہ ابی ضمضم کیطرح ہو جائے؟ صحابہؓ نے عرض کیا ابو ضمضم کون ہے یا رسول اللہ؟ آپؐ نے فرمایا (یہ) وہ (شخص ہے جو) صبح کے وقت (یہ) کہا کرتا تھا اَللّٰھُمَّ انی.....الخ

(عمل الیوم واللیلۃ لابن سنیؒ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۲۵)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنَ الۡجُوۡعِ

اے اللہ میں پناہ لیتا ہوں تیری بھوک سے

فَاِنَّہٗ بِئۡسَ الضَّجِیۡعُ وَاَعُوۡذُبِکَ

کیونکہ یہ بُرا ساتھی ہے اور میں پناہ لیتا ہوں تیری

مِنَ الۡخِیَانَۃِ فَاِنَّھَا بِئۡسَتِ الۡبِطَانَۃُ ۝

خیانت سے کیونکہ یہ بُری باطنی خصلت ہے۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ جناب رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم فرمایا کرتے تھے :

اَللّٰھُمَّ انی اعوذبک ..... الخ

(سُنن ابوداؤد۔ سنن نسائی / کتاب العمل بالسُنۃ ج ۴ ص ۱۶)

۱۱۴۱۶

ہجرت اور جہاد مومن کی وہ شان ہوتی ہے
جو تا دمِ آخر جاری رہتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۱۷

ہجرت کے بعد نصرت اور
جہاد کے بعد فتح ہوتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۱۸

WHO'S WHO IN WOOD:

LONELY AND ALONE.

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۱۹

تطہیرِ قلب ——— آئینہ کی طرح روشن

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۲۰

جماعت وہ ہوتی ہے جو دِل نشین ہو!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

یَا رَبِّ لَکَ الحَمدُ کَمَا یَنبَغِی

اے میرے ربّ! سب تعریفیں تیرے (ہی) لیے ہیں جیسا کہ لائق ہیں

لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَ لِعَظِيمِ سُلْطَانِكَ ۝

تیرے جلال کے اور تیری طاقت کی عظمت کے

حضرت ابراہیم بن منذر الحزامی نے صدقہ بن بشیر (غلامِ معمرین) سے روایت کی، انہوں نے کہا میں نے قدامہ بن ابراہیم الجمحی سے سُنا بیان فرماتے تھے کہ وہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس آتے جاتے تھے۔ وہ غُلام تھے (یعنی قدامہ) اور انہوں نے دو زرد رنگ کے کپڑے پہن رکھے تھے۔ انہوں نے بیان کیا کہ ہمیں حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے حدیث سُنائی کہ حضور اقدس صلّی اللہ علیہ وسلّم ایک روز فرمانے لگے کہ ایک شخص (اللہ کی تعریف میں) یہ کلمہ کہہ رہا تھا یا ربّ لک ..... الخ تو جو فرشتے کہ لکھنے پر مقرّر ہیں، اس کلمہ کے لکھنے میں نہایت متحیّر ہوئے اور ان کو اس کا (ثواب) تحریر کرنا نہایت مُشکل ہُوا اور جب مجبُور ہوئے تو اس کے دریافت کرنے کے

واسطے آسمان کی طرف چڑھے اور عرض کیا :

یارب! تیرے بندہ نے ایک کلمہ ایسا کہا ہے، ہم اسکو کس طرح تحریر کریں؟ اللہ سبحانہ کا حکم ہوا، حالانکہ اللہ تعالیٰ خوب جانتا ہے، کہ میرے بندہ نے کیا کہا؟ فرشتوں نے عرض کیا اُس نے کہا یارب لک ..... الخ۔ فرمان ہوا: تم اِس کلمہ کو اِن ہی لفظوں کے ساتھ لکھ لو۔ جب میرا بندہ مجھ سے ملاقات کرے گا تو دیکھا جائیگا۔ میں اُس کو اِس کی جزا خود دوں گا۔

(سنن ابن ماجہ / کتاب العمل بالسنۃ ج ۲ ص ۱۳۳۷)

۱۱۴۲۱

سارے بازار میں ایک ہی تو سودا تھا،
بِک گیا! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۴۲۲

قَدَرَ اللّٰہُ وَ مَا شَآءَ صَنَعَ ۝

مقدّر فرمایا ہے اللہ تعالیٰ نے اور اُس نے جو چاہا، کیا۔

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضورِ اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: مومن قوی بہتر اور افضل ہے اور اللہ عزّ و جلّ کو محبوب ہے مومن ضعیف سے اور ہر نفع دینے والی بھلائی کو حرص سے حاصل کر اور اپنے نفس سے عاجز نہ ہو۔ پھر اگر تجھ پر کوئی بات غلبہ پالے تو پڑھ "قدر اللہ و ما شاء صنع"، تم شیطان کے وسوسوں سے بچے رہو گے اور "اگر مگر" سے بچ کیونکہ اگر مگر کرنا شیطان کے لیے راہ کھولنا ہے۔

(عمل الیوم واللیلۃ لابن سنی، کتاب العمل بالسنۃ

جلد ۳ صـ۲۰۵)

ایک نوجوان مُبلّغ عامر مُنیر خاں بن مُنیر احمد خاں
مُلتان سے پہلی بار تبلیغ کے لیے
بڑے جوش خروش سے دَورا
دَورا آیا۔ عشا کے وقت لنگر
کھانے کے بعد برتن صاف کر رہا
تھا۔ دیگچہ نہر میں گر گیا۔ اُسے پکڑنے
کے لیے نہر میں کُودا اور ڈوب کر
جان بحق ہُوا۔

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

جان کا صدقہ پیش کر گیا، تبلیغ کا
حق ادا کر گیا اور شہادت کے
منصب پر فائز ہُوا۔ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ اَسْتَغِیْثُ

۲۷ ربیع الاوّل ۱۴۱۲ھ

۱۱۴۲۳

یا اوّل الاوّلین

یا آخر الآخرین

یا ذا القوۃ المتین

یا راحم المساکین

یا ارحم الرّاحمین

مرد مردانگی کی آن ہوتے ہیں اور شان۔
اور یہ مرتبہ شاہ مَردانؓ ہی کو حاصل ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیّوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العظیم

۱۱۴۲۴

ہر اَمر قدر کے تابع ہے۔ قدر کی موافقت

کرنے والے شمالشین ستارے بنے۔

قدر ایک دِل پسند مضمون ہے۔

قدر نہ ہوتی، تاریخ میں کوئی چاشنی نہ ہوتی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۴۲۵

سائل نے ایک روٹی مانگی۔

"کسی اُونٹ کے کجاوے میں ہے۔"

ساری قطار بخش دی!

سخاوت

کی حد نہ کہیں تو کیوں نہ کہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۴۲۶

تدبیر بولی : یہ معاملہ کسی کے بھی بس میں نہیں،
ہو سکتا بھی نہیں۔
تدبیر تھک ہار گئی۔

"مَیں کیا کچھ نہیں کر سکتا !
مَیں نے ہی تو یہ کھیل رچائی ہوئی ہے !
جب چاہا ، جو چاہا
کر دیا اور ہُوا"

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ حَمْدًا کَثِیْرًا طَیِّبًا مُبَارَکًا
فِیْہِ کَمَا یُحِبُّ رَبُّنَا وَیَرْضٰی یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ الۡعَفۡوَ وَالۡعَافِیَۃَ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں معافی کا اور عافیت کا

فِی الدِّیۡنِ وَالدُّنۡیَا وَالۡاٰخِرَۃِ ۝

دین اور دُنیا میں اور آخرت میں!

و۔ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہٗ سے روایت ہے کہ میں نے جناب رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم سے عرض کیا یا رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم! مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجیے جس کی میں اللہ تبارک وتعالیٰ سے دُعا کروں۔ پس جناب رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: اپنے پروردگار سے عافیت مانگو۔ میں کچھ دن بعد پھر حاضرِ خدمت ہوا اور عرض کیا یا رسول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم! مجھے کوئی ایسی چیز فرما دیجیے جس سے میں اپنے ربّ عزّوجلّ سے مانگوں!

حضور صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا :

اے عبّاسؓ ! اے اللہ کے رسول صلّے اللہ علیہ وسلّم کے چچا !
اللہ تعالیٰ سے دُنیا اور آخرت میں عافیت طلب کیجئے،
ایک روایت میں ہے کہ راوی نے عرض کیا، یارسُولؐ اللہ!
رات کے وقت کن کلمات کے ساتھ دُعا مانگا کروں؟
پس جناب رسُول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: اللہ سے
عافیت مانگا کرو۔

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد / کتاب العلم بالسُنۃ ج ۴ ص ۱۳۰)

و۔ حضرت معاذ بن رفاعہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت
ابُوبکر صدّیق رضی اللہ عنہ منبر پر کھڑے ہُوئے اور پھر رو
پڑے اور فرمایا کہ جناب رسُول اللہ صلّے اللہ علیہ وسلّم پہلے سال منبر پر
کھڑے ہو کر روئے اور فرمایا تم اللہ تعالیٰ سے معافی اور عافیت مانگو
کیونکہ کسی شخص کو یقین کے بعد عافیت سے بڑھ کر کوئی چیز
نہیں ملی۔ (سُنن ترمذی / کتاب العلم بالسُنۃ جلد ۴ ص ۳۱/۱۳۰)

۱۱۴۲۷

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ صَلٰوۃٍ

لَّا تَنۡفَعُ ○ (سنن ابوداؤد / کتاب العلم بالسنۃ ج ۴ ص ۵۱)

ف: نماز وُہ ہوتی ہے،
جس میں "وُہ" ہوتا ہے۔
اس کے بغیر ادا نہیں ہوتی!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۲۸

یَااللہُ یا رحمٰنُ یا رَحِیمُ
یا حیُّ یا قیومُ یا ذَاالجلالِ والاکرام!

میرے آقا روحی فداہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اُمّت کی
مغفرت کے لیے جمیع کلماتِ طیّبات اہلِ قبور
کو ایصالِ ثواب کیے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ط
سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ط
وَ سَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ط وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۴۲۹

بے شمار مراحل سے گزر کر بندہ جب بندہ بنا،
بنانے والے کو بے حد پسند آیا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰهُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ

۱۱۴۳۰

کلماتِ طیّبات ہی کی بدولت مزید کلمات عنایت ہوتے ، ماشاءاللہ ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۱

اللہ کے بندے غیریت سے کُلیتاً پاک ہوتے ہیں ، ماسِوا کے قریب تک نہیں پھٹکتے !

واللہ باللہ تاللہ ماشاءاللہ

"جو یہ تیرے بندے ہوئے ہیں،
اِن میں کوئی بھی تیرا نہیں۔

ہے ، تو صرف میں ہی تیرا ہوں۔

اور

تیری ماں سے سو گنا زیادہ مہربان ہوں"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۲

بعض اشارات مکرّن کی علامت ہوتے ہیں

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۳

انسانی عروج ——— قدر کے تابع

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۴

اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا

کوئی دُوسرا ہے ہی نہیں جو کوئی قُدرت رکھتا ہو !

مان کر دیکھ — وہی اوّل ، وہی آخر ،

وہی ظاہر ، وہی باطن۔

اُس نے جو چاہا ، کیا۔

بتلانا مطلوب تھا ، بتا دیا۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ط (البقرہ: ۲۸۶)

اللہ تعالیٰ کسی کو مکلّف نہیں بناتا مگر اُسی کا
جو اسکی طاقت اور اختیار میں ہو۔

۱۱۴۳۵

ہر کسی کی سُنتے ہیں - فریادرسی فرماتے ہیں۔
بیشک میرے اللہ ہی عَلِیُّ الْحَلِیْمُ الْکَرِیْم
اور
عَلِیُّ الْعَظِیْم ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۴۳۶

ہر حال میں تُو
ہر قال میں تُو
ہر دھیان میں تُو
ہر گمان میں تُو
اَود تُو ہی تُو

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۷

تُو ہی عظیم الاعظم اَود
تُو ہی کبیرُ الاکبر۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۸

نہ امیر کو چین ہے نہ غریب کو۔
اگر ہے تو تیرے نام ہی کی برکت سے ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۳۹

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ ج اَلْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ج
لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ ط

(البقرہ — ۲۵۵)

الحیّ القیّوم ـــــ قائم الدّائم

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۰

یہ بندہ صرف اللہ ہی کے لیے
فارغ ہُوا ہُوا ہے، ماسوا سے
کوئی واسطہ نہیں رکھتا۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۱

عام خلائق میں ہر شے فی سبیل اللہ
تقسیم کردینا بہترین تسخیر ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۴۲

تیری عنایات پہ آنکھیں بھر آنا
شکر ہی کا ایک انداز ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۴۳

سوچ نے سوچ کر کہا:
یہ ویرانہ ہے، وُہ شہر۔ ویرانے میں برکت
ہوتی ہے اور شہر میں ہر شے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۴

سکوت ایمان پہ نازل ہوتا ہے۔

ایمان کے مدارج ورا ء الورا ء۔

یا حیّ یا قیّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵

دلربائے من ،

قربانت شوم !

دِل ، دِل کو پاکر ہی روشن ہُوئے !

یَا حَیُّ یَا قَیُّوم

الحمد للحیّ القیّوم
فاللہ خیر الرّازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

تَمَّ نُورُكَ فَهَدَيْتَ فَلَكَ

مکمل ہے تیرا نور ، پس تُو نے ہدایت دی، تیرے

الْحَمْدُ عَظُمَ حِلْمُكَ فَعَفَوْتَ

ہی لیے تعریف ہے - بہت زیادہ ہے تیرا حلم ، پس تُو نے معاف

فَلَكَ الْحَمْدُ فَبَسَطْتَ يَدُكَ

کیا سو تیرے ہی لیے تعریف ہے - تیرا دستِ قدرت فراخ ہوا انعام کیساتھ ،

فَاَعْطَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ

پس تُو نے عطا کیا سو تیرے ہی لیے تعریف ہے

رَبَّنَا وَجْهُكَ اَكْرَمُ الْوُجُوهِ وَ

اے ہمارے رب تیری ذات سب سے بزرگ ذات ہے اور

جَاهُكَ اَعْظَمُ الْجَاهِ وَ

تیرا رُتبہ سب سے بڑا رُتبہ ہے اور

عَطِيَّتُكَ اَفْضَلُ الْعَطِيَّةِ وَاَهْنَأُهَا

تیرا عطیہ سب سے اچھا عطیہ ہے اور سب سے زیادہ خوشگوار۔

تُطَاعُ رَبَّنَا فَتَشْكُرُ وَ

اطاعت کی جاتی ہے تیری، اے ہمارے رب، تو تُو شکر کو قبول کرتا ہے

تُعْصٰى رَبَّنَا فَتَغْفِرُ وَتُجِيْبُ

اور نافرمانی کی جاتی ہے ہمارے رب، تو تُو بخش دیتا ہے اور دُعا قبول

الْمُضْطَرَّ وَتَكْشِفُ الضُّرَّ

کرتا ہے تُو بیقرار کی اور دُور کرتا ہے تُو تکلیف کو

وَتَشْفِي السَّقَمَ وَتَغْفِرُ الذَّنْبَ

اور شفا دیتا ہے تُو بیمار کو اور بخش دیتا ہے تُو گناہ کو

وَتَقْبَلُ التَّوْبَةَ وَلَا يَجْزِيْ

اور تُو قبول کرتا ہے توبہ کو اور نہیں بدلہ دے سکتا

بِاٰلَائِكَ اَحَدٌ وَّلَا يَبْلُغُ

تیری نعمتوں کا کوئی اور نہیں پہنچ سکتا

مِدحَتُكَ قَولُ قَائِلٍ ۝

تیری تعریف کو قول کسی قائل کا۔

امیرالمومنین حضرت علی المرتضیٰ کرم اللہ وجہہٗ نے فرمایا کیا تم میں سے کوئی کھڑا نہیں ہو سکتا جو چار رکعت پڑھے اور اس میں یہ دعا پڑھے جو جناب رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم پڑھا کرتے تھے

تمّ نورک ..... الخ

(مجمع الزوائد و منبع الفوائد، کتاب العمل بالسنۃ ج ۱۰ ص ۱۲۶/۷)

۱۱۴۴۶

تُو اپنے ربّ کی طرف رجوع کر۔

یہی میرے آقا روحی فداہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سُنّتِ مُطہّرہ ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فانہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۴۷

اَللّٰھُمَّ اسْتُرْنَا بِسِتْرِکَ الْجَمِیْلِ

یہ مرتبہ تیری ذاتِ قدس ہی کو لائق و سزاوار ہے

یا ستر الجمیل !

پھر اُن کے بعد اُن ہی کو نصیب ہُوا۔

پھر اُن کو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۴۴۸

اِس دل میں ہر شے بسی ، نہیں بسا تو نیرے
رَبّ ہی کا نام نہیں بسا ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۴۹

تیری بارگاہ قُدس ہے، کوئی خالی نہ لوٹا!

وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیر!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰

سرما کی نعمت : دُھوپ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱

جوبن

جب تمام پگڈنڈیوں سے گزرتا ہُوا،

ہستیٔ دہر میں مظاہرہ کرنے لگا،
تمام راہگیروں کے راستے روک کر
ہموار کر دیے۔ صرف ایک ہی راستہ
نمودار ہوا۔ اور یہ بھی اُن ہی کے
دیکھنے کی شان تھی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۲

دُنیا مُردار تھی،
کیونکر اُن کے ہمراہ رہتی؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۳

"جانتے بھی ہو یہ کون ہیں ؟"

"رَبِّ ذُوالجَلَالِ وَالاِکرَام"

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۴

یا ذاتِ قُدس !

بِوَجہِکَ الکَرِیم

یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِیْ وَارْحَمْنِیْ فَمَنْ

اے اللہ! مجھے رزق دے اور مجھ پر رحم کر پس جس پر

رَّحِمَہٗ صَرَفَ عَنْہُ عَذَابَ

اُس نے رحم کیا اس سے دوزخ کا عذاب پھیر دیا اور

النَّارِ وَمَنْ رَّزَقَہٗ فَقَدْ

اور جس کو اُس نے رزق دیا تو بے شک اللہ تعالےٰ

کَفَاہُ اللّٰہُ مَؤُنَۃَ الدُّنْیَا ہ

نے اُسے دُنیا کی مشقتوں سے کفایت کر دی۔

امیر المومنین حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ حضور اقدس صلّے اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ دو کلمے زبان پر ہلکے ہیں جس شخص کو عطا ہوئے، اسکو دُنیا اور آخرت کی مشقّت (سے نجات) کے لیے کافی ہو گئے۔ بندہ کہے اللھم ارزقنی ... الخ۔

(کنز العمال / کتاب العمل بالسنۃ ج ۱ ص ۱۰۷)

۱۱۴۵۵

اِس دُنیائے دُوں میں کوئی بھی ایسا نہیں جو کسی
کسی رنج و غم میں مُبتلا نہ ہو۔
کیوں ؟
چونکہ جس ربّ نے بندے کو پیدا کیا ہے،
اُس کا نافرمان ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۴۵۶

میں بے پروا ہوں، کسی کی بھی کوئی پروا نہیں کرتا۔
جب کسی کام کو کرنے کا ارادہ کرتا ہوں، کسی بھی تدبیر و تکلّف
سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا۔ کہہ دیتا ہوں "ہو جا"،
اُسی وقت اُسی طرح ہو جاتا ہے۔

کرنے پہ آؤں تو کافر کو مومن بنا کر بخش دوں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۷

نیّت کُلیتاً خالص تھی۔ اور
نیّت ہی پہ فیصلہ ہوتا ہے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۸

تُو نے صِفات کو دیکھا ہے، ذات کو نہیں

اور ذات ہی صفات کی مظہر ہوتی ہے !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۵۹

اُن کا چڑھایا ہُوا نشہ کبھی نہیں اُترتا۔
اُتر سکتا ہی نہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۰

ہر کوئی کہتا ہے " دُوری دُور ہوئی "
دُوری کبھی دُور ہو سکتی ہی نہیں، جب
تک وُہ نہ کریں۔

پاس ہی تو ہے، دیکھنے میں دُور لگتا ہے
اور یہ دُوری عینِ حکمت پہ مبنی ہوتی ہے

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶

اے بادشاہوں کے بادشاہ، ربِّ ذُوالجلال والاِکرام!
تجھ کو راضی کرنا ہی مقصود ہے۔ راضی ہو۔
جیسے بھی ہو، ہو۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۲

یہ جو آپ نے پڑھا یا سُنا — علم ہے

اور یہ ——— جنون ہے

جنون بولا : سچ دے وچن وچ چھولے

نمّی نمّی وجے ڈھولکی

اُتّے ناؤں متراں دا بولے

تیری ڈھولکی کیوں نہ بجی ؟

تاویلات کا شکار ہوگئی

نہ ماہی دیکھا نہ ماہی گیر

شش و پنج میں پڑ گیا !

"کسے کیا کہہ رہے ہو؟"

"اُن سے"

عالمگیر مذہب کے پُجاری دُنیا بھر پہ چھا جاتے ہیں،
تم کیوں نہ چھائے؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۳

یہاں کوئی بھی کسی کا کچھ نہیں لگتا، آپ ہی آپ ہیں۔ کبھی رُلاتے ہیں، کبھی ہنساتے۔

نہ کوئی معبود ہے نہ فرعون،
اپنی ہی کھیل کے کھلاڑی ہیں۔
بُت گر بھی وہ، بُت شکن بھی۔
وہی اوّل، وہی آخر، وہی ظاہر وہی باطن۔
وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۴۶۴

اگر گنہ گار نہ ہوتے تو تیری مغفرت کس کام آتی؟ گنہ گاروں ہی نے تیری مغفرت کا بول بالا کیا ہوا ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

۱۱۴۶۵

گنہ گار بن کر ہی بشریت کے اسرار کھلے۔
کیا کچھ نہ بنے ،
یہانتک کہ خواجگان کے سرتاج بنے۔
کِسی اور طرح کبھی نہ بنتے ۔؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۶

کِس بات پہ ، کیا ہنستے ہو ؟
یہ دُنیا ہنسنے کا مقام نہیں۔
آخرت میں رونا ہی رونا ہے
مگر جسے وُہ ہنسائیں ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۷

تیری صُبح، تیری شام، بجُھی بجُھی رہتی،
اگرچہ دیکھنے میں مُسکراتی۔
زِندگی کی کیا وہ شام تھی جسے
پاکر وُہ مسکرائی۔ اِسی طرح صُبح۔
زِندیقیت جب رُخصت ہوئی، صِدیقیت
آئی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۶۸

رِند بولے : ساری عمر میں صِرف ایک بار
یہ کہنا ہمارے لیے کافی ہے :

سُبْحَانَ ذِی الْفَضْلِ وَالنِّعَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْمَجْدِ وَالْکَرَمِ ط

سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ط

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۴۶۹

قدر نہ ہوتی تو کسی کا بھی کوئی مرتبہ معرضِ
وجود میں نہ آتا۔ جُملہ مدارج قدر ہی کے تابع ہیں۔
پھر تیری عنایت پہ کوئی کیوں نہ اِترائے!

ایسے بھی ہو سکتا ہے؟
کیوں نہیں؟

وَاللہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالْفَضْلِ الْعَظِیْم

۱۱۴۶

اگر تُو پڑھتا ہے تو پڑھ کر دِکھا۔
مَیں پڑھاتا ہوں تو پڑھتے ہو !

*

تیرے فضل تیری رحمت تیرے کرم کی عنایت نے بھرپور ہو کر جنگل کو آب دیدہ کر دیا۔ موتیوں کی جھڑی لگ گئی۔ دامن تر ہوا۔ روکے نہ رُکی۔ جل تھل کر گئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷

رحمت جب جوش میں آئی، ایک کہانی سُنا کر لبریز کر گئی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین

وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۲

سو حج کرنے کے بعد بھی ایسی سعید و مسعود و مُبارک
ساعت نہ ملتی ! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۳

تُو نے قال دیکھا ہے ، حال نہیں دیکھا۔
اگر حال دیکھ لیتا ، تو توبہ کرتے دَم نہ لیتا۔

"اے تھرمیلے ! اب تجھے کیا ہو گیا ہے ؟
جو تُو نے مانگا ، دیا — پھر یہ رونا کیسا ؟"
"تیرے ہنسانے پہ آنکھیں بھر آئیں"

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۴

تیری عزّت و جبروت ارض و سما پہ محیط!
ایک اشارہ کُل کائنات کی آبرُو۔
محبّت والے اِسے تسخیر کہتے ہیں۔
منا بھی گئے اور رُلا بھی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۵

شوٹ حج بھی کرلیتا، یہ بات نہ بنتی۔
فضل و رحمت جب متوجّہ ہوئے، گھٹائیں
باندھ دیں۔ آج تیری رحمت کی وہ جھڑی تھی جو
کبھی کبھی، کسی کسی مقام پہ لگتی ہے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۶

جس بُوٹی کی تلاش میں پھرتے ہو، جنگلوں میں ہوتی ہے۔ سارے جنگل کو مہکایا کرتی ہے ورنہ جنگل میں کیا کیف ہوتا! اِس بُوٹی کی بدولت بیابان خیابان بنے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۷

تیری کورانہ تقلید میں نہ ہستی ہے نہ مستی،
سراسر جمُود۔

تقلید، مقلّد کی رُوح ہُوا کرتی ہے۔
رُوح کے بغیر بے جان۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۸

اَقْرَبُ شَہِیْدٍ

تُو ہی قریب

شاہد و موجود !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۷۹

"ابے، ہڈیوں کے پنجر !
اَب کیا کر رہا ہے ؟"
"جو کروا رہے ہیں، کر رہا ہوں۔"

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۰

ایک شہزادہ اللہ کے دین کی تبلیغ کے لیے مُلتان
سے حاضر ہُوا۔ ایسا پسند ہُوا کہ راہ میں جان حق ہو کر
شہید ہُوا۔ (عامر مُنیر بن مُنیر احمد خاں مُلتان)

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۱

دُنیا مطلب پرست ہے،
خُدا پرست نہیں!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۲

مال ہی دُنیا کا اصل فتنہ ہے۔ مراتبِ ایثار
پہ موقُوف ہوتے ہیں، نام و نمُود پہ نہیں!

*

اِیثار ——— جمع کی ضِد

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۳

اندر باھر
حاضر و ناظر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فانّہ خیر الرّازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۴

اے او یکتائے زماں !
تیری نظیر نہیں ملتی ۔
نہ ہُوا ، نہ ہو گا ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۵

کیا یہ نماز کافی نہیں ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۶

تُو نے اپنی صُورت پہ بنا کر اِکرام کی حد کر دی

سیرت اُن کی ہے ، اُسکو اپنا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۷

عافیت جب اندر آئی ،
بجھی ہوئی زندگی جگمگائی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۸

تُو کبھی اکیلا نہیں ہوتا ،
میں تیرے ساتھ ہوتا ہوں - یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۸۹

یا بادشاہوں کے بادشاہ، ربِّ ذُوالجلالِ والاِکرام!
زِندوں کو خوشگوار زِندگی بخش!

*

کُن کے محتاج ہیں۔ تُو ہی قادر المقتدر!
واللّٰہ علےٰ کُلِّ شیءٍ قدیر

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۰

اُس شہزادے کی قبر پہ کٹہرا تعمیر کریں تاکہ ذکرِ الٰہی
کی مجلس قائم رہے۔ اور اللّٰہ ہی کرے گا۔ ماشاءاللّٰہ!
(مُلتان)

یاحیّ یاقیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللّٰہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۱

تیرے آنے سے ، اے او جانے والے ،
اہلِ قبور کی رونق بنی : یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۲

حُبّ کا باب کھول ۔ حُبّ المساکین کا !

یا حیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۳

اَللّٰھُمَّ اَحْیِنِیْ مِسْکِیْنًا وَّ اَمِتْنِیْ
مِسْکِیْنًا وَّ احْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَۃِ الْمَسَاکِیْنِ ۝

اے اللہ! زندہ رکھنا مجھے مسکینوں میں اور
مارنا مجھے مسکینوں میں اور
اُٹھانا مجھے مسکینوں کے گروہ میں!

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں تم لوگ مساکین کو محبوب رکھا کرو کیونکہ میں نے حضور اقدس صلے اللہ علیہ وسلم کو اپنی دُعا میں یہ پڑھتے سُنا ہے اللھم احینی ۔۔الخ

(سنن ابن ماجہ / کتاب الفتن بالسنۃ ج ۲ ص ۵۲)

جو کچھ بھی نہیں رکھتا، مسکین ہے۔ اور یہ درجہ اللہ نے مسکین ہی کو عنایت کیا ہوا ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذو الفضل العظیم

۱۱۴۹۴

جس شان سے تُو آیا کرتا ہے،

آ!

دُنیا ہیچ و بیکار۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۵

جس مقصد کے لیے کوئی بنایا گیا ہے، جب تک
وہ حاصل نہیں ہوتا، کش مکش جاری رہتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۶

جہاں تُو ہوتا ہے ،
وہاں کوئی دُوسرا نہیں ہوتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۷

زِندی کا بھی کوئی مذہب ہوتا ہے !
کسی لگن ہی میں مگن ہوتے ہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۸

گنہ گار جب توبہ توبہ کرنے لگے،

چلمن سرکا دی۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۴۹۹

نواب واجد علی شاہ مغرب کے وقت راگ میں
مصروف ہوتے۔ گیدڑوں کی آواز سُن کر بولے:
یہ روتے کیوں ہیں؟ کیا شور مچایا ہُوا ہے؟
اُمراء بولے: انہیں پالا لگتا ہے!
کہنے لگے: انہیں کمبل اوڑھاؤ!

اب مغرب کے وقت کئی دِنوں سے شور نہیں مچا،

سُنا ہے فصلوں میں ادویات چھڑک دی ہیں، گیدڑ
بیچارے مر گئے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۰

کدورت کی پٹائی ہوتی رہی، وہ دیکھتے رہے۔
جب تک صاف نہیں ہُوا، پاک نہیں ہُوا۔
یہی آدم زاد کی داستان ہوتی ہے۔ (

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۱

توبہ نے برملا کہا: اے اوتائب!

تیرے حُسن کا نکھار اب دیکھا نہیں جاتا۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۲

اِنَّہٗ کَانَ حَلِیمًا غَفُورًا ۝

کوئی شک نہیں وہ بہت بُردبار بہت ہی بخشنے والا ہے۔

اِنَّ اللّٰہَ بِالنَّاسِ لَرَءُوفٌ رَّحِیمٌ ۝

بیشک اللہ لوگوں پر نہایت مہربان ہے اور رحم کرنیوالا ہے

تیری حلیمی تیری غفوری پہ تیری خلق کو ناز ہے
جو مُنکر کو بھی مایوس نہیں کرتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۳

خَلق بیچاری تیری کِبریائی کی کیونکر تاب لاسکتی ہے؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۴

تیرا کلام قُرآنِ کریم وعظیم پڑھ کر دِل
چاہتا ہے کہ جان تک قُربان کردوں!
وَاللہ بِاللہ تَاللہ مَاشَاءَ اللہ!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۵

تیری ذاتِ قدُس، یا خالق الباری، جب

کبھی کسی کمترین خاکی مخلوق پہ کریمانہ نظر سے
متوجّہ ہوتی ہے تو قدر کو اَسفلَ سافلین سے
بدل کر اَحسنِ تقویم بنا دیتی ہے۔ یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۶

اوہام جب دُور ہُوئے،
حقیقت کُن کُناں ہوئی۔

یہی شاہد و مشہود کی تشریح ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۷

یہ اَوہام ہے ،

یہ کُن کُناں ۔

اَوہام سے گزر کر ہی

کُن کُناں کا ظہُور ہوتا ہے!

اَوہام ـــــ نقلی اور

کُن کُناں اصلی مقام ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذُوالفضلِ العظیم

۱۱۵۰۸

اِقلیمُ الورای

کِشورِ سُلطانیہ

حال جب فرمان کے تابع

اور مُقلِّد ہو جاتا ہے ،

حال کی مستی ہوتی ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۰۹

نہ یہ دُنیا رہے گی نہ کوئی بندہ،
بندوں کے اعمال زِندہ رہیں گے۔
کوئی نیک عمل کرلے۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۰

بہرام کو تو ہم جانتے نہیں، اپنی ہی
ذات کے ترجمان ہیں۔ میری بات

مجھ سے ہی پوچھا جائے گا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۱

شرمندگی ——— عین بندگی !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۲

اَعلَمُ اَنَّ اللہَ عَلٰی کُلِّ شَیءٍ قَدِیرٌ ۝
اَنَّ اللہَ قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیءٍ عِلمًا ۝

ایک چینی نے یہ سُن کر "کہ تیرے حکم کے بغیر

پتہ تک نہیں ہلتا"، کہا: سمجھ سے بالا ہے، ہمیں سمجھا

اپنی پیدائش پہ غور کر۔ ایک مہین پانی کے قطرہ سے تو انسان بنا۔ رب نے بنایا، تو معترض ؟

تو ہی شاہد ہے، تو ہی مشہود !
اور تیری قدرت کا کوئی منکر نہیں۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۳

حیوانات و
جمادات و

نباتات و معدنیات

رَبّ نے بنائے، ربّ ہی ان کا کردگار۔

پتّا پتّا ذرّہ ذرّہ اُس کی رُبوبیّت کا

ترجمان بھی ہے، شاہد و مشہود بھی۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۴

جب گندگی کے ڈھیر میں دبے ہوئے موتی کو نکال کر صاف کیا، اصلی رُوپ پرگٹ ہُوا۔ وُہی چمک وُہی دمک۔ اصل کبھی فوت نہیں ہوتی۔

نری چمک دمک ہی ہوتی ہے
یا کسی کام کا بھی ۔ ؟

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۵

اغیار نے کیا کیا ایجادات کیں اور
یار ——— محوِ خواب !! یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۶

اَعمال جب واردِ وجود ہوتے ہیں،
کمال ہوتے ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۷

گناہ ہم کرتے ہی رہیں گے،
اللہ بخشتا ہی رہے گا
اور
یہ عبد و معبود کے مابین
وہ رشتہ ہے،
جو کبھی نہیں ٹوٹتا۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۱۸

ابوّ اندر ہیں،
سوچ کر بولا کر!

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۵۱۹

اے او یکتائے زماں !
تیری نسبت ہم خاک نشینوں کے
بڑے ہی کام آئی - ہر کسی کے کام آئی -
دیکھنے میں تو کچھ بھی نہیں، تیرے بنائے
ہوئے بہت کچھ ہیں - یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۵۲۰

نہ میری ذات نہ صفات،
تیرے نام ہی کی بستی بسائی ہوئی ہے
اور اِس نام ہی کی بین بجائی ہوئی ہے !
یاحیّ یاقیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

فَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ رَبِّيْ ط

توبہ قبول فرمالے میری،

بیشک تُو ہی میرا ربّ ہے !

(کتاب العمل بالسنۃ ج ۴ ص ۱۱۲)

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۲۱

تیری جھوک میں

اَو ہام کا نام تک نہیں ہوتا،

فضل و رحمت کا گنجینہ ہوتا ہے۔

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۲۲

کرتے کراتے آپ ہیں،
منسوب غیر کی طرف!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۵۲۳

تیرے پنجرے میں کئی ایک طوطے بول رہے
ہیں۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۵۲۴

میرے اپنے نفس ہی کا عرفان، عرفانِ الٰہی ہے

*

نصیحت کنندہ خیال کا شکریہ۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین

واللہُ ذوالفضلِ العظیم

۱۱۵۲۵

نفس ہی نے مُنکشف کیا :

یہ قدر ہے ، یہ توحید۔

جو اللہ تعالیٰ نے چاہا ، ہُوا۔

کائنات ، ربِّ کریم عَلِیُّ العظیم کے تابع

رواں دواں ہے !

جب تک یہ شک دُور نہیں ہُوا ،

اَوہام ہی میں مُبتلا رہا۔

اور تیری قسم ، تیرے ہی فضل و رحمت سے

یہ دُور ہُوا ، وَاللّٰہِ بِاللّٰہِ تَاللّٰہِ !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۲۶

جہاں میں رہتا ہوں،
میرا ذِکر ہوتا ہے!

*

ربِّ کریم
نے
کرم فرمایا،
بڑا ہی قیمتی سرمایہ
ہاتھ آیا!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۵۲۷

بھُلائے ہُوئے اسباق دُہرا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۵۲۸

اور یہ وقت کی وُہ پُکار ہے ،
جس کے بِنا نہ تُو سجتا ہے ،
نہ پھبتا !

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
وَاللہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۵۲۹

جس انداز سے یہ کلام لکھوایا جارہا ہے
زمان اسے بدل نہ سکے
حوادثِ دہر اسے مٹا نہ سکے
اسکی کوئی کڑی ٹوٹ نہ سکے

اول

یہ ہر مضمون کا
انوکھا باب بنے!

یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم
فاللہ خیر الرازقین
واللہ ذوالفضل العظیم

۱۱۵۳۰

کہنے کے بعد کرنے کا پابند ہو۔
جو کہو ، وُہی کرو۔

*

یہی تیرے علم و عمل کی داستان ہو۔
شاہد بھی ہو، مشہود بھی۔ یا حیّ یا قیوم

الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

۱۱۵۳۱

جب بھی علم آیا، عمل ساتھ لایا۔
عمل کے بنا علم سجتا نہیں !

*

مقبول ترین عمل : کتاب العمل بالسُّنّۃ

یا حیّ یا قیوم
الحمد للحیّ القیوم فاللہ خیر الرازقین
وَاللّٰہُ ذُوالفَضلِ العَظِیم

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ

وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

اٰمین

امروز سعید و مسعود و مبارک شنبہ ۲۷ ربیع الثانی

سنہ ۱۴۱۲ ہجری المقدس

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

المہاجر الی اللہ والمتوکل علی اللہ العظیم،

المستفیض دارالاحسان چک ۲۴۲ ر ب (دسوھہ) سمندری روڈ ضلع فیصل آباد پاکستان

فون نمبر: ۴۶۶۰۰

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ یا حی یا قیوم اللھم صل وسلم وبارک علیہ وعلیہ وعلیہ وعلیہ وعلیہ محمد

الذی الزمنا علیہ واصحابہ واتباعہ بعدد کل معلوم لک ومد بعدد خلقک ورضا نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک سبحان اللہ العظیم لا الہ الا ہو

الحی القیوم وانزل السکینۃ یا حی یا قیوم

قُلْ

عِشْقُ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

مَذْہَبِیْ وَحُبُّہٗ مِلَّتِیْ

وَطَاعَتُہٗ مَنْزِلِیْ !

(یہ کہہ) حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے عشق میرا

مذہب، محبت میری ملّت اور اتّباع میری منزل ہے

ابوانیس محمد برکت علی لودھیانوی عفی عنہ

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم

آمین آمین آمین یا رب العلمین ط

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ یاحیّ یاقیّوم

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلٰنَا وَحَبِيْبِنَا مُحَمَّدِ ۨالنَّبِيِّ الْاُمِّيِّ
وَعَلٰى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ وَعِدَّةِ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ وَبِعَدَدِ خَلْقِكَ وَرِضٰى نَفْسِكَ
وَزِنَةِ عَرْشِكَ وَمِدَادِ كَلِمَاتِكَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ
یاحیّ یاقیّوم

مکشوفاتِ

منازلِ احسانؒ

المعروف بہ

مقالاتِ حکمت

دارُالاحسان

ابو انیس محمد برکت علی لودھیانوی

المقام النجاف الصحاف لمقبول المصطفین ○ دارُالاحسان فیصل آباد پاکستان